باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC CERTIFIED | بلوچستان کے عوام کا بے باک ترجمان
Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA
روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: محمد انور ناصر
جلد 29 | بدھ 21 اکتوبر 2026ء | 9 جمادی الاول | 1448ھ | Ph :2839851 | FaX:2839867 | قیمت 15 روپے | MEMBER OF APNS | رجسٹرڈ ٹی سی پی-10 | شمارہ 237

بلوچستان میں 60 ہزار آپریشن، 1100 دہشتگرد ہلاک، 550 گرفتار

1400 افراد فورتھ شیڈول میں شامل

18 قوانین منظور، 17 نئے ادارے و شعبے قائم، کارروائیوں میں 101 پولیس اور سیکورٹی فورسز کی 551 جوان شہید، 11 لاکھ افغان باشندوں کو واپس بھیجا گیا، کچھ عرصے سے مسافر گاڑیوں پر دہشت گردانہ واقعات میں کمی آئی، اے سی ایس داخلہ

آئندہ تین سے چار ماہ کے دوران کوئٹہ کراچی اور کوئٹہ تفتان شاہراہوں کی سیکورٹی صورتحال میں نمایاں بہتری آئے گی، ایمرجنسی کے معاملے پر بلوچستان کا خیبر پختونخوا سے موازنہ کرنا درست نہیں، ضیاء لانگو، شاہد رند

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو، وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون خصوصی برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند اور ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نیشنل ایکشن پلان، کاؤنٹر ٹیررازم پالیسی اور صوبائی ایکشن پلان پر عملدرآمد کرتے ہوئے 18 نئے قوانین منظور اور 17 نئے ادارے و شعبے قائم کرکے دہشت گردی کے خلاف 14 ارب روپے سے زائد کی سرمایہ کاری کرتے ہوئے 60

بقیہ نمبر 1 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ترکیہ، قطر، پاکستان اور انڈونیشیا میں دفاعی صنعتی تعاون کا معاہدہ طے

چار ملکی دفاعی صنعتی تعاون کی مفاہمتی یادداشت پر دستخط آج دوحہ میں متوقع

تہران (بلوچستان نیوز) ترکیہ، قطر، پاکستان اور انڈونیشیا کے درمیان دفاعی صنعتی تعاون کا معاہدہ طے پا گیا ہے۔ انقرہ سے ترک میڈیا کے مطابق چار ملکی دفاعی صنعتی تعاون کی مفاہمتی یادداشت پر دستخط کل دوحہ میں متوقع ہیں۔ ترک میڈیا کے مطابق

بقیہ نمبر 16 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

میجر وجاہت وحید شہید کی نماز جنازہ ادا، فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک

لاہور (این این آئی) بلوچستان کے علاقے پسنی میں دفاع وطن کی خاطر جام شہادت نوش کرنے

بقیہ نمبر 17 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

رہبر معظم جوہری ہتھیار بنانے کا حکم دے سکتے ہیں، ایران

سفارتی مذاکرات ملک کو بار بار ہونے والے حملوں سے محفوظ رکھنے میں ناکام رہے

تہران (این این آئی) ایران میں امریکی اور اسرائیلی حملوں کے بعد جوہری ہتھیار بنانے اور عالمی جوہری معاہدے سے نکلنے کے مطالبات میں اضافہ ہوگیا ہے۔ برطانوی اخبار کی رپورٹ کے مطابق ایران میں سخت گیر حلقے موقف اختیار

بقیہ نمبر 18 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

فیلڈ مارشل کا دورہ ایران، باڈر کا مسئلہ حل، کھولنے کا اعلان

سید عاصم منیر، محسن نقوی کے ہمراہ تہران پہنچے، صدر پزشکیان اور اعلیٰ قومی سلامتی کے سیکرٹری سے اہم ملاقاتیں، مسئلہ حل ہونے کے بعد سرحد دوبارہ کھول دی گئی، فیلڈ مارشل کی گفتگو

افزودہ کیا گیا جوہری مواد ایران میں ہی رہے گا، بریگیڈیئر جنرل محسن رضا، پاکستان ثالثی کی کوششیں جاری رکھے گا اسحاق ڈار کا ایس سی او کے سربراہان حکومت کے اجلاس سے خطاب

تہران (بلوچستان نیوز) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے تہران میں پاکستان کے چیف آف ڈیفنس فورسز اور آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ملاقات کی ہے۔ عاصم منیر ایران کے اعلیٰ حکام سے بات چیت کے لیے منگل کو تہران پہنچے تھے اور ان کے ساتھ اس دورے پر پاکستان کے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی بھی ہیں۔ واضح رہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف اور نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کے ساتھ ساتھ فیلڈ مارشل بھی ایران اور امریکہ کے درمیان ثالثی میں مرکزی کردار ادا کر رہے ہیں۔ جنگ بندی کے بعد فیلڈ مارشل عاصم منیر کا تہران کا یہ چوتھا سرکاری دورہ ہے۔ اس سے قبل دو ستمبر کو اپنے دورہ ایران کے دوران انھوں نے صدر مسعود پزشکیان، سپریم نیشنل سیکورٹی کونسل کے

بقیہ نمبر 2 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

تہران، ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر ملاقات کررہے ہیں

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی تاجک صدر سے ملاقات

علاقائی روابط، استحکام اور مشترکہ خوشحالی کے لیے تعاون بڑھانے کی اہمیت پر زور

دوشنبے (آئی این پی) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی تاجکستان کے صدر امام علی رحمان سے ملاقات ہوئی، ملاقات میں شنگھائی تعاون تنظیم کے تحت

بقیہ نمبر 19 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سائبر سیکیورٹی کی مضبوطی کیلئے جدید سیکیورٹی آپریشنز سینٹر قائم

آپریشنز سینٹر بین الاقوامی معیار اور بہترین عالمی طریقہ کار کے مطابق کام کرے گا

اسلام آباد (این این آئی) سائبر سیکیورٹی کو مضبوط بنانے کیلئے جدید سیکیورٹی آپریشنز سینٹر قائم کر دیا گیا۔ چیئرمین نادرا لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر افسر نے

بقیہ نمبر 20 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پشاور ہائیکورٹ، گورنر راج، ایمرجنسی کیخلاف درخواستوں پر وفاق کو نوٹس

وزیراعلیٰ واسپیکر بازیابی کیس پر جواب طلب

دہشتگردی کا بہانہ بنا کر صوبے میں گورنر راج اور ایمرجنسی نافذ کی گئی، وفاقی حکومت کو ہمیشہ سپورٹ کیا، بیرسٹر گوہر، وزیراعلیٰ سہیل آفریدی، اسپیکر صوبائی اسمبلی سمیت دیگر ارکان غیر قانونی حراست میں ہیں، سلمان اکرم راجہ کے دلائل

سہیل آفریدی سلیم سواتی سمیت دیگر کی بازیابی کیسز میں نوٹسز جاری، ویسے یہ وزیراعلیٰ کہاں پر ہے؟ کیس میں چیف سیکرٹری کو کیوں فریق نہیں بنایا، جسٹس سید ارشد، گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کیخلاف وفاقی آئینی عدالت میں درخواست دائر

پشاور (آئی این پی) خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے خلاف پاکستان تحریک انصاف کی درخواست پر پشاور ہائی کورٹ نے وفاقی حکومت، اٹارنی جنرل اور دیگر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے آئندہ سماعت 10 نومبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ نمبر 3 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی آئینی عدالت میں خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے خلاف آئینی درخواست دائر کر دی گئی۔ محمد یوسف جاوید ایڈووکیٹ نے وفاقی آئینی عدالت میں درخواست دائر کی جس میں 11 اکتوبر 2026

بقیہ نمبر 4 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پی ٹی آئی سوشل میڈیا کے اثر سے نکل جائے تو اچھا ہوگا، خواجہ آصف

کسی اور ن لیگی رہنما کی مولانا کے بارے میں گفتگو پر کمنٹ نہیں کرسکتا

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی قیادت سوشل میڈیا کے اثر سے نکل جائے تو یہ ان کی سیاست کے لیے

بقیہ نمبر 21 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان اور قطر کا سیکیورٹی پارٹنرشپ مضبوط بنانے پر اتفاق

دونوں ممالک علاقائی امن اور استحکام کے لیے مل کر کام کررہے ہیں، محسن نقوی

دوحہ (آئی این پی) پاکستان اور قطر کے درمیان سیکورٹی پارٹنرشپ اور داخلی سلامتی میں تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق ہوا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ

بقیہ نمبر 22 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

دہشتگردی کے مسئلہ پر تمام جماعتوں کیساتھ بیٹھنے کیلئے تیار ہیں، رانا ثناء

کے پی میں جو دہشت گردی کی صورتحال تھی اس پر صوبائی حکومت کا تعاون نہیں مل رہا تھا، مشیر وزیراعظم

کبھی بانی پی ٹی آئی عدالتوں کے ذریعے باہر جیل سے آنا چاہتے ہیں، کبھی ٹرمپ کے ذریعے، سینیٹ میں اظہار خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثناء اللہ نے تمام سیاسی جماعتوں کو دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ وزیراعظم کے ساتھ دہشت گردی کے مسئلہ پر سر جوڑ کر بیٹھیں، کے پی میں جو دہشت گردی کی صورتحال تھی اس پر صوبائی حکومت کا تعاون نہیں مل رہا تھا، بلوچستان میں صوبائی حکومت مکمل طور پر وفاقی حکومت کے ساتھ تعاون کررہی ہے۔ منگل کو

بقیہ نمبر 5 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کے پی میں گورنر راج، ایمرجنسی معدنیات پر کنٹرول کیلئے ہے، مولانا فضل الرحمن

موجودہ صورتحال پر پارلیمنٹ کا ان کیمرہ اجلاس بلاکر صورتحال سے آگاہ کیا جائے، کے پی کے عبوری کونسل میں جے یو آئی کا کوئی رکن شامل نہیں ہوگا

حکومتی پالیسیوں پر تحفظات ہوں تو الزام تراشیوں کے بجائے سیاسی انداز میں جواب دیا جانا چاہیے، کئی آپریشنز ہوئے مگر نتائج کیا ملے؟ پریس کانفرنس

اسلام آباد (بلوچستان نیوز) سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے لیے حکومتی بیانیہ بے بنیاد ہے، یہ سب صوبے کی معدنیات پر کنٹرول کے لیے ہے۔ پارٹی کی مجلس شوریٰ کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ موجودہ صورتحال پر پارلیمنٹ کا ان کیمرہ اجلاس بلاکر صورتحال سے آگاہ کیا جائے، کے پی کے میں جو عبوری کونسل بن

بقیہ نمبر 7 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، جمعیت کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن پریس کانفرنس کررہے ہیں

برطانیہ کا سعودی عرب کے تحفظ کیلئے لڑاکا طیارے تعینات کرنے کا فیصلہ

برطانوی ٹائفون لڑاکا طیارے سعودی شہروں اور تنصیبات کو حوثی حملوں سے بچانے میں مدد دیں گے، سعودی دارالحکومت میں خطرے کا الرٹ، دو دھماکوں کی آوازیں

آبنائے ہرمز میں امریکی ڈرون تباہ کردیا، ایران کے علاقائی ممالک کے ساتھ کوئی بنیادی اختلافات نہیں، مسعود پزشکیان

تہران (بلوچستان نیوز) برطانیہ نے سعودی عرب کے لیے دفاعی مشن شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ بلومبرگ کی رپورٹ کے مطابق برطانوی ٹائفون لڑاکا طیارے لڑاکا طیارے تعینات کرے گا۔ رپورٹ کے مطابق برطانیہ سعودی عرب کو اٹلس اے 400 ایم سعودی عرب میں دفاعی مشن پر رائل ایئرفورس کے سعودی شہروں اور تنصیبات کو حوثی حملوں سے بچانے میں مدد دیں گے۔

بقیہ نمبر 6 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

عظمیٰ بخاری نے 8 کروڑ 40 لاکھ ہرجانے کا کیس جیت لیا

معین قریشی اور ان کے وکیل اپنے الزامات کو ثابت نہیں کر سکے، ٹریبونل

لاہور (آئی این پی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے اپوزیشن لیڈر پنجاب اسمبلی معین قریشی کے خلاف ہتک عزت کا کیس جیت لیا ہے۔ عظمیٰ

بقیہ نمبر 23 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

عدالتوں نے کردار ادا نہ کیا تو سڑکوں پر فیصلے خطرناک ہونگے، محمود خان اچکزئی

پاکستان کو بربادی کی جانب دھکیلا جارہا، زور زور کی حکومت کا خیبر پختونخوا میں گورنر راج وایمرجنسی کا اقدام غیر آئینی، غیر جمہوری ہے

کسی سے کوئی ذاتی دشمنی نہیں، پشاور ہماری تحریکوں، جدوجہد کا مرکز رہا، جمہوری وغیر جمہوری قوتوں کی یہ لڑائی اب آخری مرحلے میں داخل ہوچکی ہے

پشاور (پ ر) قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین وتحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے پشاور ہائیکورٹ میں خیبر پشتونخوا میں ایمرجنسی و گورنر راج کے فیصلے کو چیلنج کرنے کے موقع پر تحریک تحفظ آئین پاکستان کے دیگر اکابرین علامہ راجہ ناصر عباس، بیرسٹر گوہر خان، سلمان اکرم راجہ کے ہمراہ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اس غیر جمہوری، غیر آئینی اور زور زور کی بنیاد پر قائم

بقیہ نمبر 8 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پیٹرول اور ڈیزل کی قیمت میں اضافہ کردیا گیا

پیٹرول 88 پیسے اور ڈیزل 53 پیسے فی لیٹر مہنگا نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (بلوچستان نیوز) حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کا اعلان کردیا۔ پیٹرولیم ڈویژن کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق

بقیہ نمبر 24 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

علم و تحقیق کے ذریعہ معاشرے میں تعمیری تبدیلی لانے کی ضرورت ہے، جعفر مندوخیل

معاشرے میں کسی کی صلاحیت کو پہچاننا، اس کی محنت یا خدمت کا اعتراف کرنا بذات خود ایک بڑی سماجی خدمت ہے

تحقیق، تدریس اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ذریعے معاشرے میں تعمیری تبدیلی لانے کی کوشش جاری رکھیں، خطاب

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ معاشرے میں کسی کی صلاحیت کو پہچاننا، اس کی محنت یا خدمت کا اعتراف کرنا بذات خود ایک بڑی سماجی خدمت ہے۔ ایوارڈ حاصل کرنے والے ریسرچرز اور ٹیچرز اس اعزاز کو اپنی آخری منزل کی بجائے ایک نئی ذمہ داری سمجھیں۔ اپنی تحقیق، تدریس اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ذریعے معاشرے میں تعمیری تبدیلی لانے کی کوشش جاری

بقیہ نمبر 9 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو، وزیراعلیٰ کے معاون برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند اور ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات پریس کانفرنس کررہے ہیں

جنوری سے بجلی کا نیا ٹیرف 27.3 روپے فی یونٹ کرنے کی تجویز

سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی نے سال 2027 کیلئے بجلی کی خریداری کی درخواست نیپرا میں جمع کرادی

سال 2027 میں 3 ہزار 439 ارب بجلی کی خریداری کی قیمت ہوگی، 19 سو 14 ارب روپے کیپسٹی پیمنٹس کی مد میں ادا کیے جائیں گے

اسلام آباد (آئی این پی) ملک میں یکم جنوری 2027 سے بجلی کا نیا ٹیرف 27.30 روپے فی یونٹ ہونے کا امکان ہے۔ سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) نے سال 2027 کیلئے بجلی کی خریداری کی درخواست نیپرا میں جمع کرادی، اگلا سال بھی بجلی صارفین پر بھاری ہی رہے گا۔ سی پی پی اے کی درخواست کے مطابق سال 2027 میں 3 ہزار 439 ارب بجلی کی خریداری کی قیمت

بقیہ نمبر 13 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پیرس بہت جلد مسلم شہر بن جائے گا، ٹرمپ کا متنازع بیان

یورپی ممالک کو اپنی سرحدوں پر کنٹرول سخت کرنا چاہیے، امریکی صدر

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے فرانس میں حالیہ احتجاج، ہنگاموں اور لوٹ مار کا ذمہ دار تارکین وطن کو قرار دیتے ہوئے فرانسیسی

بقیہ نمبر 25 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

مشیر کھیل مینا مجید کا بھائی مند سے اغواء

دو موٹر سائیکلوں پر سوار چار مسلح افراد مبینہ طور پر گن پوائنٹ پر اورنگزیب مجید کو اپنے ساتھ لے گئے

وزرا کی مشیر کھیل کی رہائش گاہ آمد، بھائی کے اغوا پر تفصیلی معلومات حاصل کیں، حکومت تمام وسائل بروکار لائے گی، میر ضیا لانگو

تمپ (یو این اے) مند سے رکن بلوچستان اسمبلی اور مشیر کھیل و امور نوجوانان مینا مجید کے بھائی اورنگزیب مجید کو مبینہ طور پر نامعلوم مسلح افراد نے اغوا کرلیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق واقعہ مند کے علاقے بلوچ آباد میں پیش آیا، جہاں دو موٹر سائیکلوں پر سوار چار مسلح افراد مبینہ طور پر گن پوائنٹ پر اورنگزیب مجید کو اپنے ساتھ لے گئے۔ واقعے کے حوالے سے پولیس کا باضابطہ مقف تاحال سامنے

بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

بنگلا دیش واپس جانا میری ذمے داری ہے: شیخ حسینہ

خوف زدہ نہیں ہوں، یہ کتنا ہی خطرناک کیوں نہ ہو، مجھے اس کی پروا نہیں

نئی دہلی (آئی این پی) سابقہ بنگلا دیشی وزیراعظم شیخ حسینہ کا کہنا ہے کہ مجھے گرفتاری، تشدد یا قتل کا خطرہ ہے لیکن حامیوں کے ساتھ کھڑا ہونا میری

بقیہ نمبر 26 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سول سرونٹس سیاستدانوں کے اثر میں نہ آئیں، آئینی عدالت

قائداعظم نے کہا تھا حکومتیں آتی جاتی رہتی ہیں سول سروس ریاست کی ریڑھ کی ہڈی ہے جو قائم رہتی ہے

افسران بلاخوف وخطر اور دیانتداری کے ساتھ ریاست وعوام کی خدمت کریں، پولیس سروس کے افسر تنویر احمد طاہر کی ترقی کی اپیل مسترد

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی آئینی عدالت نے قائداعظم کے اصول پر اہم فیصلہ سناتے ہوئے قرار دیا ہے کہ سول سرونٹس سیاستدانوں کے اثر میں نہ آئیں۔ وفاقی آئینی عدالت نے پولیس سروس کے افسر تنویر احمد طاہر کی ترقی کی اپیل مسترد کردی۔ آئینی عدالت نے اسلام آباد ہائی کورٹ کے فیصلے کے خلاف اپیل خارج کر دی۔ یہ تحریری فیصلہ جسٹس علی باقر نجفی نے جاری کیا ہے۔ فیصلے میں

بقیہ نمبر 14 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل تقریب سے خطاب کررہے ہیں

تحریک انصاف میں اندرونی اختلافات شدت اختیار کر گئے

لانگ مارچ کی ناکامی اور خیبر پختونخوا حکومت کے خاتمے کے بعد پارٹی مشکل وقت میں متحد ہونے کے بجائے مختلف دھڑوں اور اندرونی تنقید کی لپیٹ میں آ گئی

سلمان اکرم راجہ کی جانب سے بنائی گئی سیاسی کمیٹی کے قیام اور اس کے طریقہ کار پر بھی پارٹی رہنماؤں نے کھل کر تحفظات کا اظہار کیا

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان تحریک انصاف میں اندرونی اختلافات شدت اختیار کر گئے، کور کمیٹی کے حالیہ اجلاس میں رہنما ایک دوسرے پر شدید تنقید کرتے نظر آئے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی مرکزی قیادت میں شدید اندرونی اختلافات کھل کر سامنے آ گئے۔ اسلام آباد لانگ مارچ کی ناکامی اور خیبر

بقیہ نمبر 11 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

محمود خان اچکزئی کو ہٹانے کی خبریں بے بنیاد ہیں، شوکت یوسفزئی

مزاحمتی سیاست نے عمران خان، پارٹی اور کارکنوں کو نقصان پہنچایا ہے

اسلام آباد (بلوچستان نیوز) تحریک انصاف کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات شوکت یوسفزئی نے ان الزامات کو مسترد کیا ہے۔ اسد قیصر اپنے بھائی کو وزیراعلیٰ بنانا چاہتے ہیں، محمود اچکزئی کو اپوزیشن لیڈر کے عہدے سے عمران خان ہٹا سکتے ہیں۔ پی ٹی آئی کے سیکرٹری اطلاعات شوکت یوسف زئی نے کہا کہ بعض پارٹی ارکان کی سطر ف میڈیا پر قیادت

بقیہ نمبر 30 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

معدنیات میں دلچسپی، پاک امریکہ تجارتی معاہدے میں اہم پیشرفت

وزیر تجارت سے امریکی ناظم الامور کی ملاقات، ٹیکنالوجی اور سرمایہ کاری سمیت کئی شعبوں میں تعاون پر گفتگو

بلوچستان کی کھجور کو امریکی منڈی تک رسائی ملنے سے کاشتکاروں اور برآمد کنندگان کو بڑا فائدہ ہوگا، جام کمال

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے امریکی ناظم الامور نٹالی اے بیکر نے ملاقات کی جس میں پاک امریکا دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون بڑھانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے تجارت وصنعت رانا احسان افضل خان اور سیکرٹری تجارت جواد پال بھی اس موقع پر شریک تھے۔ سیکرٹری تجارت جواد پال نے

بقیہ نمبر 15 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

جعلی امریکی ڈاک ٹکٹوں کی فروخت، مرکزی ملزم گرفتار

ملزم فہیم اکرم نے امریکی ٹکٹوں کی آن لائن فروخت سے 35 ارب روپے کا فراڈ کیا

لاہور (بلوچستان نیوز) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی لاہور نے کارروائی کرتے ہوئے 35 ارب روپے (12 کروڑ 60 لاکھ ڈالر) کے جعلی

بقیہ نمبر 27 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

تحریک انصاف پر پابندی کی آئین میں گنجائش موجود ہے، طلال چودھری

سیاسی حکومت ہوتے ہوئے ہم ایسا کام نہیں کرنا چاہتے، وزیر مملکت داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت داخلہ طلال چودھری نے کہا ہے کہ تحریک انصاف پر پابندی سے متعلق آئین میں ایسی بے شمار گنجائش ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ سیاسی حکومت ہوتے ہوئے ہم ایسا کام نہیں کرنا چاہتے، ہم گورنر راج بھی

بقیہ نمبر 31 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم شہباز شریف کا دورہ پشاور منسوخ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کا منگل کو ہونے والا دورہ پشاور منسوخ کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم کی مصروفیات

بقیہ نمبر 29 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

امریکی وزیر دفاع کا اسرائیل کا غیر اعلانیہ دورہ، نیتن یاہو سے ملاقات

ملاقات اسرائیل میں پارلیمانی انتخابات سے صرف آٹھ روز قبل ہوئی ہے

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے اسرائیل کے غیر اعلانیہ دورے کے دوران وزیراعظم بن یامین نیتن یاہو سے ملاقات کی

بقیہ نمبر 28 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سندھ حکومت نے جوڈیشل کمیشن کی رپورٹ شائع کردی

میر رضا کی موت خودکشی نہیں بلکہ قتل تھا، لاش پر تیزاب کے شواہد بھی ملے ہیں

کراچی (بلوچستان نیوز) سندھ حکومت نے جوڈیشل کمیشن کی رپورٹ شائع کردی جس میں کمیشن نے قرار دیا ہے کہ میر رضا کی موت خودکشی

بقیہ نمبر 34 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

مالدیپ کی وزیر خارجہ کی اسلام آباد آمد، صدر بھی پاکستان پہنچیں گے

اسلام آباد (آئی این پی) مالدیپ کی وزیر خارجہ ارتھشام آدم کابینہ ارکان اور اعلیٰ حکام کے ہمراہ صدر ڈاکٹر محمد معیزو کے دورہ پاکستان سے قبل اسلام آباد پہنچ گئیں۔ اسلام آباد ایئرپورٹ پر مالدیپ کی

بقیہ نمبر 32 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اسماء جنگ اور لائبہ ستار کیس، اسپیکر کا شفاف تحقیقات کا حکم

اسپیکر کی زیر صدارت اجلاس، اسماء جنگ اور لائبہ ستار کے مقدمات، اہل خانہ کو درپیش سیکورٹی خدشات اور ملزمان کی عدم گرفتاری کے حوالے سے تفصیلی غور

ڈی آئی جی کے بجائے اے آئی جی کی آمد، استحقاق کی خلاف ورزی، ایسے واقعات بار بار اسمبلی میں زیر بحث آنا تشویش ناک ہیں، عبدالخالق خان اچکزئی

کوئٹہ (خ ن) اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی کی رولنگ پر ڈی آئی جی خضدار رینج کی طلبی، پولیس حکام کو شفاف تحقیقات، ملزمان کی گرفتاری اور متاثرہ خاندانوں کو مؤثر سیکورٹی فراہم کرنے کی ہدایت۔ اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی کی زیر صدارت اسپیکر چیمبر میں اجلاس منعقد ہوا، جس میں رکن صوبائی اسمبلی علی مدد جتک، میر جہانزیب

بقیہ نمبر 12 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سعودی عرب اور مشرق وسطیٰ میں کشیدگی، پاکستان کا فضائی نظام متاثر

اسلام آباد (آئی این پی) علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ لاہور سمیت ملک کے دیگر ایئرپورٹ سے جانے اور آنے والی پچاس سے زائد پروازیں متاثر ہوئیں۔ سعودی عرب کا ریاض ایئر ہر قسم کی

بقیہ نمبر 33 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے امریکی ناظم الامور ملاقات کررہی ہیں

اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی رولنگ کی روشنی میں اراکین اسمبلی کو اے آئی جی بریفنگ دے رہے ہیں

بقیہ بلوچستان نیوز 1

ہزار آپریشن کرکے 1100 دہشت گردوں کو ہلاک کرکے 450 کو گرفتار کیا،ان کارروائیوں میں اس سال 101 پولیس کے جوان شہید ہوئے جبکہ سیکیورٹی فورسز کے 551 جوان شہید ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کراچی اور کوئٹہ تفتان شاہراہ پر سفر کو محفوظ بنایا گیا ہے تاہم کوئٹہ کراچی شاہراہ پر ہفتے کے 3 سے 4 دن امن وامان کی صورتحال خراب رہتی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے کمشنر آفس کوئٹہ میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران کیا۔انہوں نے کہا کہ [illegible] بلوچستان حکومت نے دہشت گردی کے خلاف مختلف اقدامات کئے ہیں، نیشنل ایکشن پلان، کاؤنٹر ٹیررازم پالیسی اور صوبائی ایکشن پلان پر عملدرآمد کو یقینی بنایا گیا ہے اور صوبائی اسمبلی سے 18 [illegible] قوانین منظور کئے گئے اور 17 سے زائد ادارے قائم کئے گئے ہیں [illegible] 90 [illegible] 500 کیمرے [illegible] ڈرون یونٹ [illegible] 14 [illegible] 11 لاکھ [illegible] 1100 دہشت گردوں کو ہلاک کرکے 450 کو گرفتار کیا گیا [illegible] 101 پولیس [illegible] 551 [illegible] 250 [illegible]

بلوچستان کا موازنہ کے پی سے کیا جارہا ہے اور بعض سیاسی رہنماؤں، جن میں مولانا فضل الرحمن بھی شامل ہیں، جن کی جانب سے بلوچستان میں بھی ایمرجنسی کے مطالبات سامنے آئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ آج کی پریس کانفرنس کا مقصد صوبے میں دہشت گردی اور امن و امان کی صورتحال سے متعلق حکومتی اقدامات سے عوام کو آگاہ کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے خلاف منظور ہونے والے تمام قوانین کو کابینہ اور صوبائی اسمبلی دونوں کی منظوری حاصل ہے۔اور وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپوزیشن کو اعتماد میں لے کر قانون سازی کو یقینی بنایا۔ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کی سیاسی قیادت نے کبھی ایسے اقدامات یا مارچ کی سیاست نہیں کی جس سے انتظامی معاملات متاثر ہوں۔اس موقع پر وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے مشیر کھیل مینا مجید کے بھائی کے اغوا کے واقعے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ حکومت اس معاملے کو سنجیدگی سے دیکھ رہی ہے اور مغوی کی بازیابی کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جا رہے ہیں۔اور ایمرجنسی کے معاملے پر بلوچستان کا خیبرپختونخوا سے موازنہ کرنا درست نہیں۔مولانا فضل الرحمان کے بیان پر ردعمل میں انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس بیان کی سخت مذمت کرتی ہے،قومی سلامتی کے معاملات پر ذمہ داری کا مظاہرہ کیا جائے۔شہداء اور سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں کو متنازعہ بنانا مناسب نہیں،موجودہ حالات میں ریاستی اداروں کے ساتھ کھڑے ہونے کی ضرورت ہے۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ جن علاقوں میں عوام کی حفاظت کیلئے آپریشن کرنے کے شور پارود میں مکین 5 ہزار خاندانوں پر مشتمل 30 ہزار نفوس کو محفوظ مقام اور حکومت کی جانب سے فراہم کی گئی رہائشی سہولت میں منتقل کرنے کے لئے اقدامات اٹھائے گئے ہیں اور لوگوں کے لئے کھانے پینے کا سامان، رہنے کیلئے ٹینٹ اور وسائل فراہم کیے گئے ہیں اور لوگوں کو رضا کارانہ طور پر علاقے سے نقل مکانی کے لئے وقت دیا گیا تھا۔ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ 14 اگست پر دہشت گردی کا منصوبہ ناکام بنایا گیا چاغی سے لایا جانے والا اسلحہ جس میں امریکن ساختہ جدید اسلحہ موجود تھا اسکو تحویل میں لیا گیا انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں دہشت گردانہ واقعات سے نمٹنے کیلئے ریاست اور حکومت سخت اقدامات اٹھاتی ہے اسی لئے حکومت بھی عوام کے جان و مال کے تحفظ کو محفوظ بنانے کے لئے اس طرح کے اقدامات کررہی ہے ایک اور سوال کے جواب میں شاہد رند نے کہا کہ جو اقدامات آج اٹھائے ہیں یہ 25 سال قبل اٹھانے کی ضرورت ہے اس وقت ملک بھر میں یوریا کھاد کی دہشت گردانہ کاروائیوں میں استعمال ہونے کی مفصل رپورٹس پر پابندی لگائی گئی ہے۔ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ چمن سے 10 ہزار ڈیٹونیٹر سیکورٹی فورسز نے پکڑے ہیں جو یوریا کے ساتھ ملا کر دہشت گردانہ کارروائیوں میں استعمال ہونے تھے یہ ڈیٹونیٹر مائنز بلاسٹنگ کے نام پر نکالے گئے تھے اس لئے حکومت اور متعلقہ اداروں نے اس حوالے سے سخت اقدامات اٹھائے ہیں۔بارڈروں کی بندش کے حوالے سے کہا کہ حکومت تمام اقدامات ملکی مفاد کو مدنظر رکھ کر اٹھارہی ہے تجارتی سرگرمیاں عارضی طور پر بند ہے جن کو صوبائی اور وفاقی حکومت مختلف فورمز پر اٹھارہی ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 2

سیکریٹری محسن رضائی، پارلیمان کے سپیکر محمد باقر قالیباف، وزیر خارجہ عباس عراقچی اور وزیر داخلہ سکندر مومنی سے ملاقاتیں کی تھیں۔اب سے کچھ دیر قبل یہ خبر بھی ایرانی خبر رساں ادارے ارنا پر سامنے آئی تھی کہ پاکستان کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان امریکہ اور ایران کے درمیان ثالثی کی کوششیں جاری رکھے گا۔منگل کو تاجکستان کے دارالحکومت دوشنبے میں شنگھائی تعاون تنظیم)ایس سی او (کے سربراہان حکومت کے 25ویں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان یہ سمجھتا ہے کہ علاقائی کشیدگی کے حل کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری سب سے مؤثر ذرائع ہیں۔تہران (دری حسنہ) اعلیٰ قومی سلامتی کی کونسل کے سیکرٹری بریگیڈیئر جنرل محسن رضائی [illegible] منگل 20 اکتوبر کو [illegible] جوہری مواد ملک میں ہی [illegible] سرمایہ اور قومی دولت ہے، جسے ملک کے اندر استعمال کیا جائے گا [illegible] کونسل کے سیکرٹری نے مزید کہا کہ [illegible] ایران کے تمام عوام اور حکام [illegible] پاکستان [illegible] امریکہ [illegible]

بقیہ بلوچستان نیوز 3

[illegible] عدالت میں دلائل دیتے ہوئے [illegible] کیس [illegible] تھی۔تاہم عدالت نے اٹارنی جنرل، وفاق سمیت فریقین کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے کیس کی مزید سماعت 10 نومبر تک ملتوی کردی ہے۔عدالت میں دلائل دیتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا کہ دہشتگردی کا بہانہ بنا کر صوبے میں گورنر راج اور ایمرجنسی نافذ کی گئی، ہم نے وفاقی حکومت کو دہشتگردی کے خلاف جنگ میں ہمیشہ سپورٹ کیا ہے۔بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ ہمارے 12 ممبر قومی اسمبلی اور 14 صوبائی اسمبلی ممبران کو اٹھا گیا، ہمارے ممبران کے گھروں پر چھاپے مارے جارہے ہیں اوران کو ہراساں کیا جارہا ہے،ایسی چیزیں نہ کریں جو عوام میں نفرتیں پھیلاتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہم کہتے ہیں کہ سب سے پہلے پاکستان ہے، ہم ایک ہیں، یہ ملک ہمارا ہے، ہمارے خلاف ایسے اقدامات کیوں کئے جارہے ہیں، ہمارے گناہ کو معاف نہیں کیا جاتا؟ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ جو چیزیں یہ کررہے ہیں ان سے نفرتیں بڑھ رہی ہیں، 11 اکتوبر کو ڈپٹی کمشنرز اور ڈی پی اوز کو تبدیل کیا گیا، ایڈووکیٹ جنرل آفس کے افسران کو تبدیل کیا گیا۔سلمان اکرم راجہ نے عدالت میں دلائل دیتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی، اسپیکر صوبائی اسمبلی سمیت دیگر ارکان غیر قانونی حراست میں ہیں، یہ اقدام غیر آئینی اور جمہوریت کے خلاف ہے، اسپیکر اور وزیراعلی کو اس طرح غیر قانونی طریقے سے نہیں ہٹایا جا سکتا،صوبائی حکومت کو بحال کرنے کے ساتھ وزیر اعلی اور اسپیکر کو بازیاب کروایا جائے۔سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ گورنر راج، ایمرجنسی کو قانونی تقاضے پورے کئے بغیر صوبے میں نافذ کیا گیا ہے، ایمرجنسی، گورنر راج کو غیر قانونی قرار دے کر صوبائی اسمبلی کو بحال کیا جائے۔سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ ایمرجنسی صوبائی خود مختاری اور جمہوریت پر حملہ ہے، ایمرجنسی کیلئے صوبائی اسمبلی کی قرارداد لازمی ہے جبکہ گورنر راج کیلئے صوبائی حکومت کا کام نہ کرنا ضروری ہے، سہیل آفریدی آج بھی صوبے کے وزیراعلی ہیں اور کابینہ موجود ہے۔جسٹس اعجاز نور نے کہا کہ وفاقی حکومت، اٹارنی جنرل، ایڈووکیٹ جنرل ودیگر کو نوٹس جاری کرتے ہیں۔(دری حسنہ)پشاور ہائیکورٹ میں وزیراعلی خیبر پختونخوا سہیل آفریدی، اسپیکر بابر سلیم سواتی سمیت دیگر بازیابی کے کیسز میں عدالت نے وفاقی حکومت، چیف سیکرٹری سمیت دیگر فریقین کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا۔پشاور ہائی کورٹ کے جسٹس سید ارشد علی کی سربراہی میں دورکنی بنچ نے کیسز کی سماعت کی۔وکیل درخواست گزار نے عدالت کو بتایا کہ ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے بعد وزیراعلی، اسپیکر اور جنید اکبر سمیت دیگر کو حراست میں لیا گیا ہے۔اب کچھ پتہ نہیں چل رہا کہ یہ کہاں پر ہیں۔ اسپیکر بابر سلیم کے پاس آئینی عہدہ ہے تاہم اس کے باوجود حراست میں لیا گیا ہے۔جسٹس سید ارشد علی نے ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ ویسے یہ وزیراعلی کہاں پر ہے؟ آپ نے کیس میں چیف سیکرٹری کو کیوں فریق نہیں بنایا ہے۔عدالت نے وفاقی حکومت، آئی جی پولیس اور دیگر متعلقہ فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا۔ عدالت نے کیسز کی سماعت 3 نومبر تک ملتوی کردی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 4

کے ہنگامی حالت کے نوٹیفکیشن کو غیر قانونی، بدنیتی پرمبنی اور غیر آئینی قرار دینے کی استدعا کی گئی ہے۔درخواست میں آئین کے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت جاری نوٹیفکیشن کو چیلنج کیا گیا ہے۔درخواست میں وفاق، صدر پاکستان، گورنر خیبر پختونخوا، حکومت خیبر پختونخوا اور دیگر متعلقہ حکام کو فریق بنایا گیا ہے۔درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ ہنگامی حالت کے غیر معمولی اختیارات آئین کے تابع ہیں اوران کا عدالتی جائزہ لیا جا سکتا ہے، لہذا فریقین کو ایمرجنسی اور گورنر راج کا نوٹیفکیشن واپس لینے کی ہدایت کی جائے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 5

سینیٹر رانا ثناء اللہ نے سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کے پی میں جو دہشت گردی کی صورتحال تھی اس پر صوبائی حکومت کا تعاون نہیں مل رہا تھا، بلوچستان میں صوبائی حکومت مکمل طور پر وفاقی حکومت کے ساتھ تعاون کررہی ہے۔رانا ثناء اللہ نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتیں سر جوڑ کر بیٹھیں تو وزیراعظم اس سارے مسئلہ پر بیٹھنے کیلئے تیار ہیں، میں تمام سیاسی جماعتوں کو دعوت دیتا ہوں کہ دہشت گردی کے معاملے پر وزیراعظم کے ساتھ بیٹھیں۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم آج بھی دہشت گردی کے معاملے پر تمام سیاسی جماعتوں کے ساتھ بات چیت کرنے کے لیے تیار ہیں۔انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی کے اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی سپیکر قومی اسمبلی کے دستخط سے اپوزیشن لیڈر بنے ہیں، اپوزیشن کا عہدہ سنبھال لیا ہے کہ لیکن سپیکر چیمبر میں اچکزئی جانے کیلئے تیار نہیں ہیں، میں خود محمود اچکزئی کے پاس گیا اور کہا کہ ضد چھوڑیں اور وزیراعظم سے ملاقات کریں۔رانا ثناء اللہ نے کہا کہ اپیکس کمیٹی میں اپوزیشن کے دوست نہیں آتے، وہاں کھل کر بات چیت ہوتی ہے، ملک اس وقت دہشت گردی کا مقابلہ کررہا ہے،گزشتہ روز ہی ایک میجر کی شہادت ہوئی ہے۔انہوں نے کہا کہ ملاقاتوں میں گالی گلوچ بریگیڈ اداروں کے خلاف بیانیہ بناتا ہے، رولز قوانین کے تحت ملاقاتوں پر پابندی لگے گی، کبھی بانی پی ٹی آئی عدالتوں کے ذریعے باہر جیل سے آنا چاہتے ہیں اور کبھی ٹرمپ کے ذریعے باہر آنا چاہتے ہیں۔رانا ثناء اللہ نے کہا کہ مولانا عبدالواسع نے کے پی اور بلوچستان کا موازنہ کیا، کے پی میں دہشت گردی کے خاتمے کے لیے صوبائی حکومت تعاون نہیں کر رہی تھی، وزیر اعلیٰ خیبر پختون خوا نے متعدد مرتبہ کہا کہ وہ آپریشن نہیں ہونے دیں گے۔رانا ثناء اللہ نے کہا کہ دوسری جانب بلوچستان حکومت مسلح افواج اور وفاقی حکومت سے مکمل تعاون کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ اپوزیشن لیڈر راجہ ناصر عباس کو کہا کہ آپ وزیر اعظم کو مل لیں، راجہ ناصر عباس نے کہا میں نہیں جاؤں گا۔رانا ثناء اللہ نے کہا کہ میں نے کہا اسپیکر قومی اسمبلی کے دفتر چلے جائیں،ناصر عباس نے کہا وہ اسپیکر کو مانتے ہی نہیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 6

ٹرانسپورٹ طیارہ اور فوجی مشیر بھی فراہم کرے گا۔برطانیہ نے ستمبر میں بھی سعودی عرب کو اضافی دفاعی فوجی امداد فراہم کرنے کا اعلان کیا تھا، جس میں رائل ایئر فورس کا ووئیجر فضائی ایندھن بھرنے والا طیارہ شامل تھا، تاہم اس وقت لڑاکا طیاروں سے متعلق اعلان نہیں کیا گیا تھا۔یمنی حکام کے مطابق گزشتہ روز یمن کیصو بے شبوہ میں سرکاری سیکیورٹی فورسز کے تربیتی کیمپ پر حوثیوں ملیشیا کے حملے میں میں ہلاکتوں کی تعداد 58 ہوگئی۔سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض کو نشانہ بنانے والے بیلسٹک میزائل کو فضا میں ہی تباہ کرنے کا دعوی کیا گیا ہے۔یمن کی حکومت کی حمایت کرنے والے سعودی قیادت کے اتحاد کے ترجمان کے مطابق میزائل حوثی باغیوں نے داغا تھا جسے سعودی فورسز نے روک کر تباہ کر دیا۔اتحاد کے ترجمان نے بیان میں حوثی ملیشیا کو دہشت گرد قرار دیتے ہوئے کہا کہ ریاض کی جانب آنے والے بیلسٹک میزائل کو کامیابی سے تباہ کردیا گیا۔تاہم، فراہم کردہ رپورٹ میں میزائل کے ہدف یا حملے سے ہونے والے ممکنہ نقصان کی مزید تفصیلات نہیں دی گئیں۔ایران کی پاسداران انقلاب نے دعوی کیا ہے کہ اس نے آبنائے ہرمز کے اوپر پرواز کرنے والے امریکی MQ-9 ڈرون کو تباہ کر دیا ہے۔ایران کی نیم سرکاری خبر رساں ایجنسی فارس کے مطابق یہ کارروائی منگل کی صبح کی گئی۔فارس نیوز ایجنسی نے پاسداران انقلاب کے حوالے سے بتایا کہ تباہ کیا جانے والا ڈرون امریکی ساختہ MQ-9 تھا۔ایرانی فورس نے دعوی کیا کہ یہ اس نوعیت کا 54 واں امریکی ڈرون ہے جسے اس نے تباہ کیا ہے۔ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران کے علاقائی ممالک کے ساتھ کوئی بنیادی اختلافات نہیں ہیں۔ایرانی میڈیا کے مطابق ایک گفتگو میں مسعود پزشکیان نے کہا کہ موجودہ مسائل مذاکرات کے ذریعے حل کرنے کے لیے تیار ہیں۔قبل ازیں ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون کے فرانس میں مظاہروں کی وجہ امریکا ایران جنگ کے باعث ایندھن کی بلند قیمتوں کو قرار دیے جانے پر سخت ردعمل کا اظہار کیا۔عباس عراقچی نے کہا کہ فرانسیسی صدر نے ایران کے خلاف جنگ میں امریکی صدر کی حمایت کی تھی، میکرون نے امریکی جرائم کا خیر مقدم کر کے موجودہ صورتحال کی بنیاد رکھی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 7

رہی ہے جے یو آئی کا کوئی رکن اس میں شامل نہیں ہوگا، اس وقت طاقتور قوتوں کے کہنے پر طاقت کا استعمال ہورہا ہے، صدر مملکت نے آئین کے تقاضے پورے نہیں کیے ہم نے حکومت میں ہوتے ہوئے اختلاف بھی کیا ہم اپوزیشن میں ہوتے ہوئے اتفاق بھی کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جے یو آئی کی مرکزی مجلس شوری کے فیصلوں سے آگاہ کرنا چاہتا ہوں ہماری جماعت سیاسی مکالمے پر یقین رکھتی ہے حکومتی پالیسیوں پر تحفظات ہوں تو الزام تراشیوں کے بجائے سیاسی انداز میں جواب دیا جانا چاہیے ہمیں یا کسی کو شکایات ہیں تو پارلیمنٹ کا ان کیمرہ اجلاس بلاکر بات کر لی جائے۔انہوں نے کہا کہ کے پی میں گورنر راج کو مسترد کرتے ہیں، گورنر راج کے لیے حکومتی بیانیہ بے بنیاد ہے کئی آپریشنز ہوئے مگر نتائج کیا ملے؟ مسلم لیگ)ن (کی حکومت نے فاٹا کو صوبے میں شامل کیا، آج وہی مسلم لیگ)ن(سابق فاٹا کو مرکز میں دے چکی ہے ہماری نظر میں یہ سب صوبے کی معدنیات پر کنٹرول کے لیے ہے، حکومت پارلیمنٹ کا ان کیمرہ اجلاس بلائے، گورنر راج بلاجواز ہے کونسلز کی تشکیل میں جے یو آئی کا کوئی رکن شامل نہیں ہوگا، اقتدار ہٹانا بنانا طاقت کے بجائے آئین کے مطابق ہونا چاہیے، ذوالفقار علی بھٹو اور آصف علی زرداری نے گورنر راج لگائے کیا اس وقت اس کو مانا گیا؟ صدر نے اطمینان کے بغیر دستخط کر کے آئینی تقاضے کی نفی کی۔ان کا کہنا تھا کہ کوئی ایک طاقت قوم کے مفاد کی ترجمانی نہیں کرسکتی، آج ایشیا دوبارہ عالمی سطح کا معاشی حب بنتا جارہا ہے، ہمیں مستقبل کے تقاضوں کو سامنے رکھتے ہوئے لائحہ عمل بنانا چاہیے،اسلامی دنیا کا ایک بلاک ہونا چاہیے، اسلامی کانفرنس ایک غیر موثر بلاک ہے ایک موثر بلاک ہونا چاہیے، سعودیہ عرب پر حوثیوں کے حملے مسلم اتحاد کو روکنے کی کوشش ہیں۔مولانا نے کہا کہ دہشت گردی کے باعث ہم نے بھی ڈیڑھ سو سے زائد لاشیں اٹھائیں، ہم نے بندوق کی سیاست کی نفی کی، پرویز مشرف نے نیا نظام دیا اور وہ نظام ناکام ہوا، پولیس کو انتظامیہ سے لاتعلق کیا اور پھر اس کو واپس لینے کی باتیں ہوئیں، آج پھر 25 سال بعد اس نظام کو بحال کرنے کی باتیں کی جارہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ فاٹا کے انضمام پر ہم نے کہا اس پر وسیع مشاورت ہونی چاہیے مگر فیصلہ پورے کا پورا فاٹا کے لوگوں پر تھوپ دیا گیا، ایمرجنسی بھی انہی اضلاع میں لگائی گئی ہے فاٹا کے عمائدین کو بلاکر انضمام کے بارے میں پوچھا گیا ہے ان ملاقاتوں میں اتفاق کیا گیا ہے کہ یہ عمل ناکام ہوا ہے، نواز شریف، شہباز شریف اور آصف زرداری کے ساتھ پہلے بھی احترام کا رشتہ تھا اور آج بھی ہے، کوئن پاول نے کہا تھا فاٹا میں فوج بھیجنے کی تجویز ہماری تھی ہمیں سرمایہ کاری سے اختلاف نہیں لیکن صرف امریکا دلچسپی کیوں لے رہا ہے؟ قوم کیلئے یہ چیزیں رکھی جائیں۔انہوں نے کہا کہ فاٹا جرگہ بلارہے ہیں اسلام آباد میں طلبا کنونشن بلائیں گے ہم 26 نومبر کو سرگودھا عوامی اجتماع کریں گے،شوری نے کہا ہے نئے الیکشن کروائے جائیں،ہم 2018 اور 2024 کے الیکشن نتائج کو تسلیم نہیں کرتے، ہم کسی سے بھی حب الوطنی کا سرٹیفکیٹ نہیں مانگ رہے، ہم نے پارلیمنٹ میں حلف اٹھایا ہے اوراس کا پاس رکھتے ہیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 8

حکومت کے اس فیصلے کو اس لیے چیلنج کیا تھا کہ ہم چاہتے ہیں کہ فیصلے عدالت میں ہوں اگر خدانخواستہ عدالتوں اپنا کردار ادانہ کیا تو پھر فیصلے سڑکوں پر اور خطرناک ہوں گے۔ہمیں کسی سے کوئی ذاتی دشمنی نہیں، پشاور ہماری تحریکوں، بڑی بڑی جدوجہد کا مرکز رہا ہے، جب سے پاکستان بنا ہے جمہوری وغیر جمہوری قوتوں کی لڑائی جاری ہے۔وہ قوتیں جو پاکستان میں جمہوری نظام کی مخالف تھی وہ پاکستان کو آئین دینے میں لیت ولعل سے کام لے رہی تھی۔وہ اپنے اس ارادے میں اتنے مضبوط تھے کہ انہوں نے پاکستان توڑ دیا صرف اس لیے کہ ہم اس کو آئین نہیں دیں گے۔پاکستان توڑ دیا اور کسی کو بتایا بھی نہیں کہ پاکستان کیسے، کیوں، کس نے توڑا اور اس کا ذمہ دار کون تھا؟۔پاکستان ٹوٹنے کے بعد بڑی مشکل سے 1973 کا آئین بنا اگر چہ اس پر بھی ہمارے تحفظات تھے لیکن وہ آئین تھا سماجی معاہدہ تھا۔پاکستان ایک رضا کارانہ فیڈریشن ہے جس میں بہت سارے اقوام وعوام رہتے ہیں، پشتون ،بلوچ، سندھی، سرائیکی، پنجابی رہتے ہیں یہاں کوئی کسی کا آقا اور کوئی کسی کا غلام نہیں۔ہر ایک اپنے وطن پر اپنی سماج میں زندگی گزار رہا ہے۔1973 کا آئین بنا تو ہم بڑے خوش تھے لیکن اس آئین کو بھی غیر جمہوری قوتیں ہضم نہ کرسکے 58-2B چار سے پانچ اسمبلیوں کو نگل گیا لیکن پھر جب سیاسی لوگوں نے فیصلہ کیا تو 58-2B دو دن میں غائب ہوگیا۔آج بھی سیاسی لوگوں کی ذمہ داری ہے۔ہم سیاسی لوگوں نے اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کی تو یہ بربادی پاکستان کو نگل لے گی۔یہ پاگل پاکستان کو بربادی کی جانب دھکیل رہے ہیں اور یہ ہم نہیں چاہتے۔محمود خان اچکزئی نے کہا کہ ہماری کسی کے ساتھ کوئی دشمنی نہیں نہ شہباز شریف سے نہ آصف علی زرداری اور نہ کسی اور پارٹی سے ہے۔چار پارٹیاں ان کے الزامات تھے جو آدمی آج ہمارا صدر ہے اس کا نام لیکر کہا گیا تھا کہ یہ فلاں فلاں کام کررہا ہے لہٰذا ہم اسمبلیاں توڑ رہے ہیں۔وہی آدمی اب اپنے کولیگس پر بے بنیاد الزامات لگا رہا ہے۔ہم یہ چاہتے ہیں کہ ہمارا وزیراعلیٰ خیبر پشتونخوا کے ساتھ جو ہوا یہ چار کروڑ انسانوں کی رائے دہی کا مذاق اڑایا گیا اور یہ ان کا آخری وار تھا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 9

رکھیں۔آپ کی کامیابی اس وقت زیادہ بامعنی ہوگی جب آپ کے علم اور تجربے سے سماج کے دوسرے لوگ بھی مستفید ہوں گے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان ویمن پروموٹ ٹیلنٹ کے زیر اہتمام بیوٹمز یونیورسٹی کوئٹہ میں تقریب تقسیم ایوارڈز کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر بیوٹمز یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر خالد حفیظ، پرو وائس چانسلر ڈاکٹر میروائس کاسی، پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان عبدالناصر دوتانی، امیر خان مندوخیل اور سید طیب شاہ سمیت بیوٹمز یونیورسٹی کے فیکلٹی ممبرز، ریسرچرز اور طلباء کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ کسی کی خدمت اور قربانی کا اعتراف اور ان کی حوصلہ افزائی زندگی میں کرنی چاہیے کیونکہ ان چھوٹے چھوٹے اچھے کاموں کی عزت افزائی، تنقیدی یا تخلیقی سوچ کی پذیرائی اور انسان کی پوشیدہ صلاحیتوں کو تسلیم کرنے سے بھی ترقی اور اصلاح کی نئی راہیں متعین ہوسکتی ہیں۔بلوچستان ویمن پروموٹ ٹیلنٹ نے معاشرے کے ان باصلاحیت مگر باعمل افراد کی خدمات کو عوامی سطح پر اجاگر کرنے اور ان کی حوصلہ افزائی کرنے کا ایک لائق تحسین قدم اٹھایا ہے جو خدمت خلق کے جذبے سے سرشار ہو کر اپنے حصے کا بھرپور کردار ادا کررہے ہیں۔گورنر مندوخیل نے کہا ہمیں اپنے گھروں، تعلیمی اداروں، دفاتر اور معاشرتی زندگی میں بھی حوصلہ افزائی کے رجحان کو فروغ دینا ہوگا۔اگر آپ کا اپنا کوئی بچہ اچھی کارکردگی دکھاتا ہے، کوئی دانشور اپنی ذمہ داری سے بڑھ کر تنقیدی شعور دیتا ہے، کوئی ریسرچر کسی اجتماعی مسئلے کا نیا حل پیش کرتا ہے یا کوئی نوجوان معاشرے کی بہتری کیلئے کوئی مثبت قدم اٹھاتا ہے تو ہمیں اس کی حوصلہ افزائی کرنی ہوگی۔گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ بظاہر آپ کا ایک جملہ یا ایک مختصر سا اعتراف کسی دوسرے انسان کی زندگی میں غیر معمولی تبدیلی پیدا کر دیتا ہے۔آپ کی زبان سے نکلا ہوا ایک لفظ شاباش یا آفرین دوسروں کیلئے محض چند الفاظ نہیں ہوتے بلکہ یہ اس کی محنت کا اعتراف اور مستقبل میں مزید بہتر کام کرنے کا حوصلہ ہوتے ہیں۔گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہمارے ایشیائی سوسائٹی میں ایک عمومی روایت یہ رہی ہے کہ لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈز اور دیگر بڑے اعزازات اکثر لوگوں کو ان کی زندگی کے بالکل آخری حصے میں دیئے جاتے ہیں۔یقیناً زندگی بھر کی خدمات کا اعتراف ایک قابل قدر عمل ہے لیکن میری ذاتی رائے میں ہمیں اس سوچ میں تبدیلی لانے کی ضرورت ہے۔اگر کسی نوجوان نے اپنی عملی زندگی کے ابتدائی برسوں میں کوئی نمایاں کارنامہ انجام دیا ہے، اگر کسی ریسرچر نے کوئی قابل قدر ریسرچ کی ہے یا کسی خاتون نے محدود وسائل کے باوجود اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے تو ہمیں اس کی حوصلہ افزائی کیلئے زندگی کے آخری حصے کا انتظار نہیں کرنا چاہیے کیونکہ اعزاز صرف ماضی کی خدمات کا اعتراف نہیں ہوتا بلکہ مستقبل کی کامیابیوں کیلئے ایک نئی تحریک بھی پیدا کرنا مقصود ہوتا ہے۔میں بیوٹمز یونیورسٹی کی انتظامیہ، بلوچستان ویمن پروموٹ ٹیلنٹ کی منتظمین، تمام معزز مہمانوں اور بالخصوص آج ایوارڈ حاصل کرنے والے ریسرچرز اور ٹیچرز کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا حوصلہ افزائی ایک لفظ سے شروع ہوتی ہے، اعتماد پیدا کرتی ہے، صلاحیتوں کو نکھارتی ہے اور بالآخر پورے معاشرے کی ترقی کا ذریعہ بنتی ہے۔قبل ازیں گورنر بلوچستان جعفر خان نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی خواتین ریسرچرز اور ٹیچرز میں ایوارڈز تقسیم کیے گئے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 10

نہیں آیا، تاہم صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو نے پریس کانفرنس کے دوران واقعے کی تصدیق کردی۔واقعے کے بعد مغوی کی بازیابی اور اغوا میں ملوث افراد کی گرفتاری سے متعلق مزید تفصیلات سامنے آنے کا انتظار ہے۔صوبائی وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیا اللہ لانگو نے صوبائی مشیر برائے کھیل مینا مجید سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی اور ان کے بھائی کے اغوا کے افسوسناک واقعے پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی اور وزیراعلی بلوچستان کے معاون برائے محکمہ داخلہ بابر یوسفزئی بھی صوبائی وزیر داخلہ کے ہمراہ موجود تھے۔ملاقات کے دوران میر ضیا اللہ لانگو نے مشیر کھیل مینا مجید کے بھائی کے اغوا کے واقعے سے متعلق تفصیلی معلومات حاصل کیں اور معاملے کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا۔وزیر داخلہ بلوچستان نے مشیر کھیل مینا مجید اور ان کے اہل خانہ کو حوصلہ دیا اور یقین دہانی کروائی کہ صوبائی حکومت اور قانون نافذ کرنے والے ادارے مغوی کی جلد اور محفوظ بازیابی کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں تمام دستیاب وسائل اور صلاحیتوں کو بروئے کار لایا جارہا ہے تاکہ مغوی کو جلد از جلد بحفاظت گھر پہنچایا جاسکے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 11

پختونخوا حکومت کے خاتمے کے بعد پارٹی مشکل وقت میں متحد ہونے کے بجائے مختلف دھڑوں اور اندرونی تنقید کی لپیٹ میں آ گئی۔ذرائع نے بتایا کہ پی ٹی آئی کی کور کمیٹی کے حالیہ اجلاس میں رہنما ایک دوسرے پر شدید تنقید کرتے نظر آئے۔اجلاس کے دوران لانگ مارچ سے قبل 20 لاکھ افراد کو اسلام آباد لانے اور مطالبات منوانے کے دعوے کرنے والے سہیل آفریدی کو لانگ مارچ کی ناکامی کا تمام تر ذمہ دار قرار دیا گیا۔رہنماں کا کہنا تھا کہ سہیل آفریدی کے پاس مارچ کے لیے کوئی واضح حکمت عملی نہیں تھی اور وہ ہیرو سے زیرو بن چکے ہیں۔اجلاس میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کے کردار پر بھی شدید تحفظات کا اظہار کیا گیا اور ان پر تنقید کے تیر برسائے گئے۔سلمان اکرم رجہ کی جانب سے بنائی گئی سیاسی کمیٹی کے قیام اور اس کے طریقہ کار پر بھی پارٹی رہنماں نے کھل کر تحفظات کا اظہار کیا۔پارٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ صوبائی حکومت کے جانے اور لانگ مارچ کے بے نتیجہ ختم ہونے کے بعد پی ٹی آئی صفوں میں شدید مایوسی اور اندرونی چپقلش عروج پر پہنچ گئی ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 12

مینگل، میر ظفراللہ خان زہری، سیکرٹری بلوچستان صوبائی اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ اور اسسٹنٹ انسپکٹر جنرل پولیس آصف خان نے شرکت کی۔اجلاس میں اسماء ؒ جنگ اور ضلع قلات سے تعلق رکھنے والی لائبہ ستار کے مقدمات، ان کے اہل خانہ کو درپیش سیکیورٹی خدشات اور ملزمان کی عدم گرفتاری کے حوالے سے تفصیلی غور کیا گیا۔اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی نیاجلاس میں دی گئی اپنی رولنگ کے تحت ڈی آئی جی خضدار رینج کو اسپیکر چیمبر میں طلب کیا تھا تاکہ مذکورہ واقعات میں پیش رفت، پولیس تحقیقات اور متاثرہ خاندانوں کے تحفظ کے اقدامات سے متعلق وضاحت حاصل کی جاسکے۔اسپیکر نے اس امر پر بھی تشویش کا اظہار کیا کہ اسمبلی کے اجلاس میں اس معاملے پر ڈی آئی جی خضدار رینج کی طلبی کے باوجود ڈی آئی جی کے بجائے اے آئی جی کی آمد کو استحقاق کی خلاف ورزی کے تناظر میں دیکھا گیا۔اسپیکر نے اجلاس میں کہا کہ ایسے واقعات بار بار اسمبلی میں زیر بحث آنا تشویش ناک ہے۔پولیس عوام اور ان کے منتخب نمائندوں کی محافظ ہے اور اس کی بنیادی ذمہ داری شہریوں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنانا ہے۔انہوں نے کہا کہ آپ ہمارے محافظ ہیں، اگر آپ ہی ہمیں تحفظ فراہم نہیں کر سکتے تو پھر ہم اس حوالے سے کیا کہہ سکتے ہیں۔اجلاس کے دوران اے آئی جی آصف خان نے بتایا کہ اسماء ؒ جنگ اوران کے اہل خانہ کو سیکیورٹی فراہم کی گئی ہے۔اس پر اسپیکر نے سوال اٹھایا کہ اگر متاثرہ خاتون کو سیکیورٹی فراہم کی جارہی ہے تو ان کے اہل خانہ کو درپیش خدشات اور تحفظ کے معاملات کو کس طرح یقینی بنایا جا رہا ہے۔انہوں نے زور دیا کہ متاثرہ خاندانوں کی حفاظت محض رسمی کارروائی تک محدود نہیں ہونی چاہیے بلکہ عملی اقدامات کے ذریعے ان کا اعتماد بحال کیا جائے۔پولیس حکام نے اجلاس کو بتایا کہ دونوں واقعات کی تحقیقات جاری ہیں اور معاملے کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔اسپیکر نے ہدایت کی کہ تحقیقات شفاف، غیر جانب دارانہ اور مؤثر انداز میں مکمل کی جائیں، مقدمات میں نامزد ملزمان کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے اور متاثرہ خاندانوں کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے۔اسپیکر نے اس بات پر زور دیا کہ قانون کی عملداری اور شہریوں کے بنیادی حقوق کا تحفظ ریاستی اداروں کی اولین ذمہ داری ہے۔انہوں نے پولیس حکام پر واضح کیا کہ ایسے حساس مقدمات میں تاخیر اور عدم پیش رفت سے عوام میں عدم تحفظ کا احساس پیدا ہوتا ہے، لہذا ضروری ہے کہ ٹھوس اقدامات کے ذریعے انصاف کی فراہمی اور متاثرہ خاندانوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 13

ہوگی جس میں 19 سو 14 ارب روپے کیپیٹی پیمنٹس کی مد میں ادا کئے جائیں گے، باقی سال 2027 میں بجلی کی فیول کاسٹ کا 12 سو ارب روپے سے زائد کا تخمینہ ہے۔اس کے علاوہ آپریشن اینڈ مینٹیننس کاسٹ 70 ارب روپے سے زائد اور 248 ارب سے زائد ٹرانسمشن چارجز کی مد میں ادا کیے جائیں گے۔درخواست میں یکم جنوری 2027 سے بجلی کا نیا ٹیرف 27 روپے 30 پیسے فی یونٹ ہونے کا امکان ہے، آئیڈل کیس میں پاور پرچیز کا فی یونٹ 25 روپے 88 پیسے کی دوسری [illegible]

بقیہ بلوچستان نیوز 14

قائداعظم محمد علی جناح کی اپریل 1948 میں پشاور میں سول افسران سے کی گئی تاریخی تقریر کو ملازمین کے لیے اصول بنایا گیا ہے۔عدالتی فیصلے کے مطابق قائداعظم نے کہا سول سرونٹس کبھی بھی کسی سیاسی دبا، سیاسی جماعت یا سیاستدان کے اثر میں نہ آئیں۔قائداعظم نے کہا تھا کہ حکومتیں آتی جاتی رہتی ہیں مگر سول سروس ریاست کی ریڑھ کی ہڈی ہے جو قائم رہتی ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 15

بتایا کہ پاکستان اور امریکا کے درمیان باہمی تجارتی معاہدے پر جاری مذاکرات میں اہم پیش رفت ہوئی ہے، تاہم مجوزہ تجارتی معاہدے کی چند تکنیکی شقوں پر امریکی تجارتی نمائندے کے دفتر سے مزید بات چیت درکار ہے۔وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا کہ امریکا کے ساتھ تجارتی اور اقتصادی تعلقات کو مزید وسعت دینا پاکستان کی ترجیحات میں شامل ہے۔دونوں ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری اور نجی شعبے کے تعاون کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ملاقات میں پاکستانی آم اور کھجور کی امریکی منڈی تک رسائی کے معاملات پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی۔سیکرٹری تجارت نے زور دیا کہ پاکستانی آم کی برآمدات کے لیے امریکی معائنہ ٹیموں کے دورے میں تیزی لانے کی ضرورت ہے، جبکہ بلوچستان کی کھجور کو امریکی منڈی تک رسائی ملنے سے کاشتکاروں اور برآمدکنندگان کو بڑا فائدہ ہوگا۔امریکی وفد نے پاکستانی زرعی مصنوعات کو مارکیٹ تک رسائی دینے کے معاملات پر متعلقہ حکام سے رابطے کی یقین دہانی کرائی۔اس کے ساتھ ہی ملاقات میں امریکا سے کپاس اور سویابین کی درآمدات بڑھانے اور تجارتی مالی معاونت کے امکانات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔جام کمال خان نے کہا کہ پاکستان کے زرعی شعبے میں جدید ٹیکنالوجی، فوڈ پروسیسنگ اور کولڈ چین کے وسیع مواقع موجود ہیں، انہوں نے امریکی کمپنیوں کو پاکستان کے زرعی اور صنعتی شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔وفاقی وزیر تجارت نے امریکی کاروباری اداروں کو 23 سے 26 نومبر تک کراچی میں ہونے والی فوڈ اگ 2026 نمائش میں شرکت کی دعوت دی اور نشاندہی کی کہ بلوچستان میں کھجور، زیتون کے تیل اور دیگر زرعی مصنوعات کی ویلیو ایڈیشن کے نمایاں مواقع موجود ہیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 16

ترک وزیر دفاع یاشار گولر دستخط کی تقریب میں شرکت کے لیے آج قطر روانہ ہوں گے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 17

والے میجر وجاہت وحید شہید کو ان کے آبائی شہر لاہور میں مکمل فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کر دیا گیا۔میجر وجاہت وحید شہید کی نماز جنازہ بحریہ ٹاؤن لاہور میں مکمل فوجی اعزاز کے ساتھ ادا کی گئی۔نماز جنازہ میں گورنر پنجاب، کور کمانڈر لاہور، سینئر صوبائی وزراء، سول وملٹری افسران اور اہل علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی، قومی پرچم میں لپٹے شہید کے جسد خاکی کو پاک فوج کے چاق وچوبند دستے نے سلامی پیش کی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 18

کررہے ہیں کہ سفارتی مذاکرات ملک کو بار بار ہونے والے حملوں سے محفوظ رکھنے میں ناکام رہے ہیں اس لیے جوہری ہتھیاروں کی تیاری پر سنجیدگی سے غور کیا جانا چاہیے۔ایرانی پارلیمان کی قومی سلامتی کمیٹی کے ترجمان حسن قشقاوی نے کہا ہے کہ ملک کے نئے رہبر اعلیٰ مجتبیٰ خامنہ ای جوہری ہتھیاروں کے معاملے پر نیا مذہبی حکم جاری کر سکتے ہیں اور انہیں ایسا کرنے سے کوئی نہیں روک سکتا۔رپورٹ میں ایک باخبر شخص کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ ایران میں جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی حمایت پہلے نہ ہونے کے برابر تھی لیکن اب یہ بڑھ کر 50 فیصد سے زیادہ ہوگئی ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 19

علاقائی اقتصادی تعاون، روابط اور مشترکہ خوشحالی کے فروغ پر زور دیا گیا۔ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی تاجکستان کے صدر امام علی رحمان سے ملاقات ہوئی۔نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے شنگھائی تعاون تنظیم کے رکن ممالک کے حکومتی وفود کے سربراہان کے ہمراہ ملاقات میں شرکت کی۔تاجک صدر نے وفود کے سربراہان کا خیر مقدم کیا، ملاقات میں شنگھائی تعاون تنظیم کے تحت علاقائی اقتصادی تعاون مضبوط بنانے اور علاقائی روابط، استحکام اور مشترکہ خوشحالی کے لیے تعاون بڑھانے کی اہمیت پر زور دیا گیا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 20

سیکیورٹی آپریشنز سینٹر کا افتتاح کیا۔معلوماتی اثاثوں کی حفاظت اور سائبر خطرات کی بروقت نشاندہی ممکن ہوگی۔افتتاحی تقریب میں چیئرمین ڈاکٹر کبیر احمد سدھو اور کمشنرز نے شرکت کی۔سیکیورٹی آپریشنز سینٹر بین الاقوامی معیار اور بہترین عالمی طریقہ کار کے مطابق کام کرے گا۔چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے [illegible]

بقیہ بلوچستان نیوز 21

اچھا ہوگا۔پارلیمنٹ ہاؤس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ کسی اور (ن) لیگی رہنما کی مولانا کے بارے میں گفتگو پر کمنٹ نہیں کرسکتا، مولانا فضل الرحمان نے سخت گفتگو کی ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 22

محسن نقوی نے دوحہ میں قطری ہم منصب وداخلی سلامتی فورس کے کمانڈر شیخ خلیفہ بن حمد بن خلیفہ آل ثانی سے اہم ملاقات کی ہے۔ملاقات میں داخلی سکیورٹی سے متعلقہ شعبوں میں دوطرفہ تعاون بڑھانے اور سکیورٹی پارٹنرشپ کو مضبوط کرنے پر اتفاق کیا گیا۔اس موقع پر خطے کی موجودہ صورتحال اور علاقائی امن و استحکام کے امور پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 23

بخاری نے معین قریشی پر 8 کروڑ 40 لاکھ روپے ہرجانے کا دعوی دائر کیا تھا، جس میں ان کی جانب سے وکیل علی بخاری نے دلائل دیے، جبکہ معین قریشی 8 کروڑ 40 لاکھ روپے ہرجانے کی رقم عظمی بخاری کو ادا کریں گے۔ڈیفیمیشن ٹریبونل نے کہا ہے کہ اپوزیشن لیڈر پنجاب معین ریاض قریشی نے خود اعتراف کیا کہ انہوں نے ٹی وی چینل کے پروگرام میں یہ باتیں کیں، جبکہ ان کی جانب سے ایسے کوئی شواہد پیش نہیں کیے گئے جس سے ثابت ہو کہ ان پر الزام غلط ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 24

پیٹرول کی قیمت میں 88 پیسے فی لیٹر اضافہ کردیا گیا جس کے بعد پیٹرول کی نئی قیمت میں 382 روپے 2 پیسے فی لیٹر ہوگئی۔نوٹیفکیشن کے مطابق ڈیزل کی قیمت میں بھی 53 پیسے فی لیٹر اضافہ کیا گیا ہے جس کے بعد ڈیزل کی نئی قیمت 389 روپے 80 پیسے فی لیٹر ہوگئی۔اعلامیے کے مطابق پیٹرول اور ڈیزل کی نئی قیمتیں 21 اکتوبر کے لیے ہوں گی

بقیہ بلوچستان نیوز 25

صدر ایمانوئل میکرون پر تنقید کی ہے اور دعوی کیا کہ پیرس بہت جلد ایک مسلم شہر بن جائے گا اور میکرون کو فرانس کی سرحدیں بند کرنے کا مشورہ دیا۔خبر رساں ادارے اے ایف پی اور دیگر بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹرمپ نے وائٹ ہاؤس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فرانس میں جاری بدامنی کا تعلق امیگریشن سے ہے، نہ کہ اسکولوں یا دیگر مسائل سے۔ان کے بقول، انہوں نے میکرون کو پہلے بھی خبردار کیا تھا کہ دنیا بھر سے لوگوں کو فرانس آنے کی اجازت دینا ایک بڑی غلطی ہے۔ٹرمپ نے کہا کہ انہوں نے میکرون سے سرحدیں بند کرنے کا مطالبہ کیا تھا، لیکن فرانسیسی صدر نے ایسا نہیں کیا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 26

سیاسی ذمے داری ہے۔غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق بنگلا دیش کی سابقہ وزیر اعظم نے دسمبر میں وطن واپس جانے کے اپنے ارادے کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ طارق رحمٰن کی قیادت میں قائم موجودہ حکومت مجھے گرفتار کرے، قتل کرے یا تشدد کا نشانہ بنائے، تب بھی میں واپسی کا فیصلہ نہیں بدلوں گی۔واشنگٹن میں منعقدہ ایک پریس کانفرنس سے آن لائن خطاب کرتے ہوئے سابقہ وزیر اعظم نے کہا کہ بنگلا دیش واپس جانا میری ذمے داری ہے اور اس راستے میں درپیش خطرات مجھے روک نہیں سکتے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 27

امریکی ڈاک ٹکٹوں کی آن لائن فروخت کے مرکزی ملزم کو گرفتار کرلیا۔لاہور میں این سی سی آئی اے کے ایڈیشنل ڈائریکٹر عاطف امیر نے پریس کانفرنس میں بتایا کہ خانیوال سے تعلق رکھنے والے ملزم فہیم اکرم نے مبینہ طور پر ایک ویب سائٹ تیار کی، جس کے ذریعے امریکی پوسٹل کمپنی کے نظام کو بائی پاس کرکے 50 لاکھ سے زائد ٹکٹ فروخت کیے، ملزم کی تلاش اور گرفتاری کے لیے 10 روز تک آپریشن جاری رہا، جس کے بعد ملزم کو گرفتار کرکے مقدمہ درج کرلیا گیا۔ایڈیشنل ڈائریکٹر این سی سی آئی اے کے مطابق ملزم فہیم اکرم نے امریکی ٹکٹوں کی آن لائن فروخت سے 35 ارب روپے کا فراڈ کیا۔ملزم جعلی ویب سائٹ بنا کر 3 سال تک) اگست 2023 سے ستمبر 2026 تک (جعلی امریکی ڈاک ٹکٹ فروخت کرتا رہا۔ملزم کی جانب سے 16 بینک اکاؤنٹس استعمال کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ملزم نے بھائی، اہلیہ، بہن اور خالہ کے بینک اکاؤنٹس بھی استعمال کیے۔عاطف امیر کے مطابق تحقیقات کے لیے پنجاب، اسلام آباد اور سندھ میں 8 خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئیں۔35 مقامات پر چھاپے مارے اور 47 افراد سے پوچھ گچھ کی گئی۔ 122 کال ریکارڈز، 50 آئی ایم ای آئی ٹریکنگ رپورٹس، 120 کیمروں کی ویڈیو، آڈیو کا تجزیہ کیا گیا۔ملزم کا سراغ لگانے کے لیے 10 روز تک لوکیٹر آپریشن بھی جاری رہا۔عاطف امیر [illegible]

بقیہ بلوچستان نیوز 28

ہے۔خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق یہ ملاقات پیر 19 اکتوبر کو اسرائیل کے جنوبی علاقے میں واقع اووودہ ایئر بیس پر ہوئی۔ملاقات اسرائیل میں 27 اکتوبر کو ہونے والے پارلیمانی انتخابات سے صرف آٹھ روز قبل ہوئی ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 29

کے باعث دورہ منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔قبل ازیں، حکومتی ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کو خیبر پختونخوا کی مجموعی صورتحال، امن وامان، انتظامی معاملات اور ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ دی جانی تھی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 30

کی کردار کشی قابل مذمت ہے، پارٹی میں نظم و ضبط کا شدید فقدان ہے، کسی ممبر کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ اجلاس کے اندرونی کہانی میڈیا پر بیان کرے۔انہوں نے کہا کہ محمود خان اچکزئی قابل احترام اور سینئر پارلیمنٹیرین ہیں، اچکزئی صاحب کو ہٹائے جانے کی خبریں بے بنیاد ہیں، عمران خان نے اچکزئی صاحب کو اپوزیشن لیڈر بنایا ہے وہی ہٹا سکتے ہیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 31

نہیں لگانا چاہتے تھے۔طلال چودھری کا کہنا تھا کہ 14 سال میں تحریک انصاف نے دہشت گردی کو کوئی مسئلہ سمجھا ہی نہیں۔انہوں نے کہا کہ اڈیالہ بھی بنی گالہ یا مراد سعید کے ہاتھوں میں پوری حکومت دیں گے تو پھر ایسے ہی نتائج آئیں گے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 32

وزیر خارجہ اور ان کے وفد کا استقبال دفتر خارجہ کے ترجمان، ڈائریکٹر جنرل) جنوبی ایشیا و سارک(پاکستان میں مالدیپ کے ہائی کمشنر اور مالدیپ میں پاکستان کے ہائی کمشنر نے کیا۔ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو بھی سرکاری دورے پر پاکستان پہنچیں گے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 33

پروازوں کے لیے تاحال بند ہے۔علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سمیت ملک کے دیگر ایئرپورٹ سے ریاض جانے والی تمام پروازیں منسوخ ہیں۔ جدہ، دمام، دبئی، شارجہ، قطر، ترکی جانے اور آنے والی ملکی وغیر ملکی ایئر لائنز کی 25 پروازیں تاخیر کا شکار ہوئیں۔ تمام ایئر لائنز نے مسافروں کو ایئرپورٹ آنے والے مسافروں کو آنے سے قبل مکمل معلومات لینے کی ہدایت جاری کردیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 34

نہیں بلکہ قتل تھا جبکہ لاش پر تیزاب کے شواہد بھی ملے ہیں، مزید تحقیقات کیلئے آئی ایس آئی، آئی بی، ایف آئی اے اور دیگر اداروں پر مشتمل جے آئی ٹی بنائی جائے۔سندھ حکومت نے میر رضا کیس علی کے حوالے سے سندھ ہائی کورٹ کے جج جسٹس عمر سیال کے جوڈیشل کمیشن کی رپورٹ جاری کردیا۔کمیشن نے لکھا کہ میر رضا کی موت خودکشی نہیں بلکہ قتل ہے اور لاش پر سے تیزاب کے نشانات اور بے ہوشی کی دوا کے شواہد ملے۔رپورٹ میں پولیس کی ابتدائی تفتیش کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے لکھا گیا ہے کہ خاص طور پر ابتدائی 10 روز میں شواہد جمع کرنے، فرانزک جانچ، سی سی ٹی وی فوٹیج کے حصول اور میڈیکل بورڈ کی تشکیل کے طریقہ کار پر سنگین غفلت کی گئی۔کمیشن نے کیس کی مزید تحقیقات کے لیے ڈی آئی جی عرفان بلوچ کی سربراہی میں مشترکہ تحقیقاتی ٹیم) جے آئی ٹی (بنانے اور ابتدائی دس روز کی تفتیش میں غفلت برتنے والے پولیس اہلکاروں کے کردار کی ایف آئی اے سے تحقیقات کرانے کی سفارش کی گئی ہے۔رپورٹ کے مطابق میر رضا علی کی موت کو خودکشی قرار دینے کا ابتدائی پولیس مقف دستیاب طبی اور دیگر شواہد سے پوری طرح مطابقت نہیں رکھتا۔حتمی پوسٹ مارٹم رپورٹ میں وجہ موت پیچھے سے لگنے والی گولی کے زخم کو قرار دیا گیا۔لاش پر تیزاب کے زخم، خون میں بے ہوشی کی دوا کی نشاندہی رپورٹ میں ان شواہد کی اہمیت اور موت کے حالات سے ان کے تعلق کا جائزہ لینے کی ضرورت اجاگر کی گئی ہے۔کمیشن نے قرار دیا کہ موت کی وجہ کے تعین میں طبی شواہد کو بنیادی اہمیت حاصل ہے اور پولیس مقف کو حتمی نتیجہ سمجھنے کے بجائے جسمانی، طبی اور فرانزک شواہد کی غیر جانب دارانہ جانچ ضروری تھی۔رپورٹ میں کیس کی ابتدائی تفتیش پر سخت تنقید کرتے ہوئے پولیس کی کارکردگی کو بغیر ملاح کی کشتی سے تشبیہ دی گئی ہے۔کمیشن کے مطابق تفتیش کے ابتدائی مراحل میں شواہد چھپانے یا ممکنہ کور اپ کے خدشے کو مکمل طور پر مسترد نہیں کیا جاسکتا۔رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ درجنوں پولیس اہلکار شواہد جمع کرنے کے عمل میں شامل رہے، لیکن اس حوالے سے مناسب دستاویزی ریکارڈ موجود نہیں تھا۔جائے وقوعہ کی مکمل فوٹوگرافی، نقشہ بندی اور شواہد کو محفوظ رکھنے کے تقاضے بھی پورے نہیں کیے گئے۔کمیشن نے فنگر پرنٹس، ڈی این اے اور دیگر فرانزک شواہد کے متاثر ہونے کے خدشات کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ شواہد کے حصول اور ان کی دستاویز [illegible]

TENDER NOTICE

The shiekh Mohammad bin Zayed Al-Nahyan Institute of Cardiology invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2627100209681 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** **Tender Fee** 1,000 PKR

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Electrical & Electronic items (Total Item(s) Count: 3)	50,000 PKR

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 2 Assignments of Similar Nature and Complexity 2,000,000 in Previous 2 Years Turn over of at least 2,500,000 PKR in 2 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee Catalogue / Brochures / technical Offer (having complete technical specifications of the offered goods) **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of amount 50,000 PKR specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 05 November, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 05 November, 2026till 10:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:00 AM Address: Sheikh Mohammad Bin Zayed Al-Nayhan Institute of Cardiology Kach mor Quetta Phone no: 0812882290 Email: procsmbzan@gmail.com

Manager
shiekh Mohammad bin Zayed Al-Nahyan Institute of Cardiology

DAB/AB No.444/20-10-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE - Corrigendum

With reference to advertisement published in daily newspapers vide **DPRQ/PRQ No. 1829/9-10-2026** The Director Archives invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2627101206122 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.**

Tender Fee Not Required

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Invitation of Management/Event Management (Total Item(s) Count: 7)	2%

Changed Area

S.No	Step Name	Remarks
1	Case Particular	Observation Raised by BPPRA
2	Case Schedule	By Default

Note: The Remaing Terms & Conditions shall Remain Same.

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 26 October, 2026till 11:30 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:30 PM on EPPS System The bidders who have downloaded Bidding Document(s) before 17 October, 2026 are required to download the ammended Bidding Document(s). The Other terms and conditions shall remain same. Address: Balochistan

Phone no: 0332454458Fax no: 0819213197
Email: nil29@gmail.com

System Analyst/DDO
Balochistan Archives

PRQ No.1956/20-10-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بلوچستان کے عوام کا بے باک ترجمان
Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA
روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ
چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

ہسپتالوں اور مراکز صحت کے لیے مختص ادویات گوادر پہنچ گئیں

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کی کوششوں اور محکمہ صحت بلوچستان کے تعاون سے ضلع گوادر کے سرکاری ہسپتالوں اور مراکز صحت کے لیے مختص ادویات گوادر پہنچ گئیں۔ ادویات میں میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ ہسپتال گوادر، آر ایچ سی پسنی، اورماڑہ، سربندن، تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال جیونی اور دیگر مراکز صحت کے لیے ادویات شامل ہیں، جو متعلقہ طبی اداروں کے حوالے کی جائیں گی۔

عوامی خدمت کے مشن کو پوری لگن اور خلوص کے ساتھ جاری رکھیں گے، علی مدد جتک

عوامی نمائندگی کا اصل مقصد لوگوں کی مشکلات کو سمجھنا، ان کے مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات، اور ریلیف فراہم کرنا ہے، مضبوط رابطہ ہی مؤثر عوامی خدمت کی بنیاد ہے، صوبائی وزیر کی مختلف وفود سے گفتگو

جتک ہاؤس عوام کے لیے ہمیشہ کھلا، حلقہ انتخاب سے تعلق رکھنے والے افراد مسائل اور شکایات کے سلسلے میں بلاجھجک رابطہ کر سکتے ہیں، عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے باہمی مشاورت اور تعاون کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر حاجی میر علی مدد جتک نے کہا ہے کہ عوامی خدمت، لوگوں کے مسائل کا حل اور حلقہ انتخاب کی ترقی ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ عوامی نمائندگی کا اصل مقصد لوگوں کی مشکلات کو سمجھنا، ان کے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کرنا اور عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار جتک ہاؤس کوئٹہ میں حلقہ انتخاب سے تعلق رکھنے والے دوستوں اور معتزین سے ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات میں حلقہ انتخاب کے دوستوں نے صوبائی وزیر کو اپنے مسائل، عوام کو درپیش مشکلات اور مختلف امور سے آگاہ کیا۔ حاجی میر علی مدد جتک نے تمام امور غور سے سنے اور مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ عوامی مسائل کا حل ان کی اولین ترجیح ہے اور وہ عوامی خدمت کے مشن کو پوری لگن اور خلوص کے ساتھ جاری رکھیں گے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ عوام اور ان کے درمیان مضبوط رابطہ ہی مؤثر عوامی خدمت کی بنیاد ہے۔ وہ اپنے حلقے کے عوام اور دوستوں کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہنے پر یقین رکھتے ہیں تاکہ عوامی مسائل کی بروقت نشاندہی اور ان کے حل کے لیے ضروری اقدامات کیے جا سکیں۔ حاجی میر علی مدد جتک نے مزید کہا کہ جتک ہاؤس عوام کے لیے ہمیشہ کھلا ہے اور حلقہ انتخاب سے تعلق رکھنے والے افراد اپنے مسائل اور شکایات کے سلسلے میں بلاجھجک ان سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ عوام کی خدمت ان کے لیے اعزاز بھی ہے اور ذمہ داری بھی، جسے وہ پوری دیانت داری اور خلوص کے ساتھ نبھاتے رہیں گے۔ ملاقات کے دوران اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ عوامی رابطوں کو مزید مؤثر بنایا جائے گا اور حلقہ انتخاب کے عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے باہمی مشاورت اور تعاون کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

نصیر آباد، ڈی سی وریندر لعل ریونیو آفیسران کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایک روزہ فری موبائل ویٹرنری کیمپ کا انعقاد

موسیٰ خیل (خ ن) گزشتہ روز تحصیل کنگری میں منعقدہ کھلی کچہری کے دوران کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کی جانب سے صادر کردہ احکامات اور ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق خان مجگ کی ہدایات پر عمل درآمد کرتے ہوئے محکمہ لائیو اسٹاک کی جانب سے علاقے کارڈی کوچ میں ایک روزہ فری موبائل ویٹرنری کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ کیمپ کی قیادت فیلڈ انچارج ڈاکٹر شیراز حسنی اور ان کی ٹیم نے کی، جبکہ انتظامی و دیگر امور کی نگرانی ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک موسیٰ خیل ڈاکٹر غلام محمود نے کی۔ فری موبائل ویٹرنری کیمپ کے دوران مال مویشی پال حضرات کو ان کی دہلیز پر مفت طبی اور حفاظتی سہولیات فراہم کی گئیں۔

عوام کی خوشحالی ہی حقیقی ترقی کی علامت ہے، ثمینہ ممتاز زہری

بنیادی سہولیات کی فراہمی اور مسائل کے خاتمے کیلئے دستیاب وسائل کو موثر انداز میں بروئے کار لانا وقت کی اہم ضرورت ہے

ترقی یافتہ معاشرے کی تشکیل کے لیے عوامی خدمت، باہمی تعاون اور اجتماعی ذمہ داری کے احساس کو مضبوط بنانا ہوگا

کوئٹہ (یو این اے) سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا ہے کہ عوامی خدمات ہماری سیاست کی اولین ترجیح ہیں کیونکہ سیاست کا بنیادی مقصد عوام کی خدمت، ان کے مسائل کا حل اور معاشرے میں مثبت تبدیلی لانا ہے عوامی نمائندگی ایک اہم ذمہ داری ہے جس کا تقاضا ہے کہ عوام کی ضروریات کو سمجھتے ہوئے ان کی فلاح و بہبود کے لیے بھرپور کردار ادا کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت کا جذبہ ہی ایک کامیاب اور مؤثر سیاسی طرز عمل کی بنیاد ہے، جبکہ عوامی مسائل کے حل کے لیے سنجیدگی، خلوص اور مسلسل محنت ضروری ہے انہوں نے کہا کہ عوام کا اعتماد کسی بھی عوامی نمائندے کا سب سے بڑا سرمایہ ہوتا ہے اور اس اعتماد کو برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ عوامی مفادات کو ہر معاملے میں ترجیح دی جائے عوام کو درپیش مشکلات کے حل بنیادی سہولیات کی فراہمی اور معاشرتی مسائل کے خاتمے کے لیے تمام دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں بروئے کار لانا وقت کی اہم ضرورت ہے ان کا کہنا تھا کہ عوامی خدمت محض دعوؤں تک محدود نہیں ہونی چاہیے بلکہ اس کے مثبت اثرات عام آدمی کی زندگی میں بھی نظر آنے چاہئیں سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے مزید کہا کہ بلوچستان سمیت ملک بھر میں تعلیم، صحت، روزگار اور بنیادی سہولیات کی بہتری عوام کی اہم ضروریات میں شامل ہیں ان شعبوں میں بہتری لانے کے لیے اجتماعی کوششوں مؤثر منصوبہ بندی اور متعلقہ اداروں کے درمیان تعاون کو فروغ دینا ضروری ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام باصلاحیت محنتی اور باہمت ہیں جنہیں ترقی کے یکساں مواقع فراہم کر کے صوبے میں خوشحالی اور استحکام کی راہیں مزید ہموار کی جا سکتی ہیں عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی اور فلاحی اقدامات کو ترجیح دینا وقت کا اہم تقاضا ہے

گورنر جعفر خان مندوخیل خواتین ریسرچرز اینڈ ٹیچرز میں ایوارڈ تقسیم کر رہے ہیں

ملک دشمنوں کیلئے بلوچستان کی سرزمین تنگ کر دی گئی، فیصل جمالی

دہشتگردوں کے خلاف فورسز کی کامیاب کاروائیاں خراج تحسین کے مستحق ہیں، شہید ذوالفقار علی بھٹو شہید رانی محترمہ بے نظیر بھٹو کے پیروکار ہیں عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیحات میں شامل ہے

اوستہ محمد کی ترقی کے لیے ماسٹر پلان ناگزیر، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی جلد منظوری دیں گے، چند مفاد پرست ٹولے کو بلوچستان کی ترقی ہضم نہیں ہو رہی جس کی وجہ سے ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت سازش کی جا رہی ہے

[illegible]

چشمہ پل کی تعمیراتی کام میں مزید تیزی لائی جائے، سلیم کھوسہ

پل کی تکمیل سے نہ صرف مقامی آبادی کو آمدورفت میں درپیش مشکلات سے نجات ملے گی بلکہ مسافروں کو بھی سہولت میسر آئے گی

ترقیاتی منصوبوں میں معیار اور شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اور کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی

[illegible] متعلقہ حکام اس منصوبے کی بروقت اور معیاری تکمیل کو یقینی بنائیں ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات نے کوئٹہ شہر میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں جن میں چمن پھاٹک تا کوئلہ پھاٹک فیز ٹو اور زیر تعمیر چشمہ پل کے دورے کے موقع پر کیا جہاں انہوں نے تعمیراتی کام کا تفصیلی جائزہ لیا اور منصوبے کی پیش رفت تکمیل کے مراحل اور درپیش مسائل کے حوالے سے متعلقہ حکام سے بریفنگ حاصل کی اس [illegible] صوبائی وزیر کو منصوبے کی موجودہ صورتحال سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ مقامی آبادی سے متعلق امور اور بعض تکنیکی مسائل کے باعث تعمیراتی کام میں تاخیر کا سامنا کرنا پڑا تاہم ان مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا گیا ہے انہوں نے بتایا کہ پل کی تعمیر کا کام تسلسل کے ساتھ جاری ہے اور اسے جلد از جلد پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا کہ [illegible] اور ان کی مشکلات کا ازالہ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تعمیراتی کام کی رفتار مزید تیز کی جائے اور دسمبر تک اس منصوبے کو ہر صورت مکمل کیا جائے اور منصوبے کی بروقت تکمیل کے لیے مؤثر اقدامات اٹھائے جائیں صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات نے اس بات پر بھی زور دیا کہ تعمیراتی میٹریل کے معیار فنی تقاضوں اور مقررہ معیار تعمیر پر خصوصی توجہ دی جائے

صوبائی مشیر ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کو سیکرٹری ڈبلیو ڈی شیر زمان غلوئی بریفنگ دے رہے ہیں

ڈویژنل مانیٹرنگ آفیسر کیچ مکران کا گورنمنٹ گرلز انٹر کالج پسنی کا دورہ

تدریسی تعلیمی سرگرمیوں، اے ڈی پی امتحانات اور انتظامی امور کا جائزہ لیا

[illegible]

خلق خدا ویلفیئر ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام پروقار قوالی کی تقریب

[illegible]

صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ کو ترقیاتی منصوبے کے حوالے سے بریفنگ دی جا رہی ہے



کوئٹہ، کھلی کچہری میں ڈی سی مہر اللہ بادینی اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل انور کاکڑ مسائل سن رہے ہیں

سردار نثار علی خان ہزارہ کا انتقال بڑا نقصان ہے، کاشف حیدری

کوئٹہ (پ ر) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری، صوبائی رہنما واحد بادی، قاسم رضا، محمد مہدی، عزت اللہ کاظمی، رکن سپریم کونسل الیاس علی، جمشید علی، منظور حسین، محمد علی، ناصر علی حیدری، لالا عبدل احمد، محمد حسین، عبدالحکیم، حاجی عبدالحئی سمیت دیگر رہنماں نے سابق صوبائی وزیر سردار نثار علی خان ہزارہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی وفات بلوچستان اور ہزارہ قوم کے لیے ایک ناقابل تلافی نقصان ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ مرحوم سردار عیسیٰ خان کے فرزند اور سابق آرمی چیف جنرل محمد موسیٰ خان کے بھتیجے تھے۔

تعلیمی اداروں میں تدریسی سرگرمیوں کا تسلسل ناگزیر ہے، خالد خان

معیاری تعلیم کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اہم ترجیحات میں شامل ہے

جعفر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان نے کہا ہے کہ ضلع بھر میں بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی اور تدریسی عمل میں بہتری لانے کے لیے کسی قسم کی کوتاہی یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، اساتذہ کی حاضری یقینی بنانے اور تعلیمی اداروں میں نظم و ضبط برقرار رکھنے کے لیے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ حکومت کے وژن کے مطابق ضلع جعفر آباد میں تعلیمی نظام کو مزید بہتر اور مؤثر بنایا جا سکے۔ بند اسکولوں کو فعال کرنے، غیر حاضر اساتذہ کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لانے اور محکمہ تعلیم کے زیر تعمیر ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ معیار کے مطابق جلد از جلد مکمل کرنے کے لیے متعلقہ حکام اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں محکمہ تعلیم کے افسران نے ضلع بھر میں تدریسی عمل کو درپیش مسائل، اساتذہ کی حاضری کی صورت حال، غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کی جانے والی کارروائیوں اور محکمہ تعلیم کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کو تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان نے ہدایت کی کہ تمام تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی باقاعدہ حاضری یقینی بنائی جائے اور غیر حاضری یا فرائض میں غفلت برتنے والے اساتذہ کے خلاف قواعد و ضوابط کے مطابق کارروائی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کے مستقبل کو روشن بنانے کے لیے تعلیمی اداروں میں تدریسی سرگرمیوں کا تسلسل برقرار رکھنا ضروری ہے

سرکاری محصولات کی وصولی میں غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، ڈی سی نصیر آباد

سرکاری بقایاجات کی وصولی میں پہلے کی نسبت بہتری آئی ہے تاہم مقررہ اہداف کے حصول کے لیے اضافی اقدامات کی ضرورت ہے

ان زمینداروں کی الگ فہرستیں تیار کی جائیں جو واجبات کی ادائیگی میں مسلسل تاخیر یا ٹال مٹول سے کام لے رہے ہیں

نصیر آباد (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی زیر صدارت ریونیو افسران کا اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں زرعی انکم ٹیکس عشر اور آبیانہ کی مد میں سرکاری واجبات کی بروقت وصولی یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی واضح رہے کہ آج ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی زیر صدارت ریونیو افسران کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں حکومت کے زرعی انکم ٹیکس عشر اور آبیانہ کی مد میں زمینداروں پر واجب الادا سرکاری بقایاجات کی وصولی کے عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں متعلقہ ریونیو افسران کو ہدایت کی گئی کہ سرکاری واجبات کی بروقت اور مؤثر وصولی کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات مزید تیز کیے جائیں اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی کا مظاہرہ نہ کیا جائے اس موقع پر ڈپٹی کمشنر وریندر لعل نے کہا کہ سرکاری محصولات کی وصولی حکومتی امور کی مؤثر انجام دہی کے لیے انتہائی اہمیت کی حامل ہے لہٰذا تمام متعلقہ افسران اپنی ذمہ داریاں پوری تندہی اور سنجیدگی کے ساتھ ادا کریں انہوں نے کہا کہ جن زمینداروں کے ذمے زرعی انکم ٹیکس عشر اور آبیانہ کی مد میں بقایاجات واجب الادا ہیں ان سے وصولی کے عمل کو مزید تیز کیا جائے اور مقررہ اہداف کے حصول کے لیے مربوط حکمت عملی اپنائی جائے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ سرکاری بقایاجات کی وصولی میں پہلے کی نسبت بہتری آئی ہے تاہم اس عمل کو مزید مؤثر بنانے اور مقررہ اہداف کے حصول کے لیے اضافی اقدامات کی ضرورت ہے انہوں نے ریونیو افسران کو ہدایت کی کہ تمام واجبات کا ریکارڈ مرتب اور اپ ڈیٹ رکھا جائے بقایاجات کی تفصیلات کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جائے اور وصولی کی پیش رفت سے متعلق رپورٹ بھی مرتب کی جائے تاکہ کارکردگی کی مؤثر نگرانی ممکن ہو سکے انہوں نے مزید ہدایت کی کہ ایسے زمینداروں کی الگ فہرستیں تیار کی جائیں جو واجبات کی ادائیگی میں مسلسل تاخیر یا ٹال مٹول سے کام لے رہے ہیں، اور انہیں قواعد و ضوابط کے مطابق نوٹس جاری کر کے سرکاری واجبات کی ادائیگی کا پابند بنایا جائے۔

کوئٹہ، سماجی کارکن صائمہ خان کاکڑ پریس کانفرنس کر رہی ہیں

خواتین کی فلاح و بہبود اور معاشی خودمختاری کیلئے پرعزم ہیں، ربابہ بلیدی

خواتین کی سماجی و معاشی ترقی صوبے کی مجموعی ترقی سے وابستہ ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے مربوط حکمت عملی ضروری ہے

محکمہ ترقی نسواں خواتین کی فلاح و بہبود، معاشی خودمختاری اور سماجی ترقی کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کو سیکرٹری محکمہ ترقی نسواں شیر شاہ غلوئی نے محکمہ کے انتظامی، ترقیاتی اور جاری منصوبوں سمیت مختلف محکمہ جاتی امور پر تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ کے دوران محکمہ ترقی نسواں کی مجموعی کارکردگی، خواتین کی سماجی و معاشی ترقی، انہیں بااختیار بنانے کے اقدامات اور جاری منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر خواتین کو معاشی طور پر خودمختار بنانے، ان کے لیے روزگار اور ہنر مندی کے مواقع میں اضافے اور معاشرے میں ان کی مؤثر شمولیت کے لیے محکمہ کے کردار پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے اس امر پر زور دیا کہ خواتین کی ترقی اور بااختیاری کے لیے عملی اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے تاکہ صوبے کی خواتین کو تعلیم، ہنر مندی، روزگار اور معاشی سرگرمیوں میں آگے بڑھنے کے بہتر مواقع میسر آسکیں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی سماجی و معاشی ترقی صوبے کی مجموعی ترقی سے وابستہ ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری اور مربوط حکمت عملی ضروری ہے۔ صوبائی مشیر نے محکمہ کے جاری منصوبوں پر پیش رفت کا تسلسل کے ساتھ جائزہ لینے، دستیاب وسائل کے مؤثر استعمال اور عوامی فلاح کے منصوبوں پر عملدرآمد میں شفافیت کو یقینی بنانے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ خواتین کو درپیش مسائل کے حل اور انہیں بااختیار بنانے کے لیے شروع کیے گئے اقدامات کے ثمرات مستحق خواتین تک پہنچانے کے لیے محکمہ جاتی کارکردگی کو مزید بہتر بنایا جائے۔

کان کن مزدور کو سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کا مطالبہ

کان کنوں کے بچوں کے لیے تعلیمی وظائف، شادی گرانٹ اور وفات گرانٹ کی شرائط آسان کی جائیں، پیر محمد کاکڑ

کان مالکان اور متعلقہ کمپنیوں کو پابند بنایا جائے کہ وہ کم عمر بچوں کو کان کنی جیسے خطرناک کام پر نہ رکھیں، مزدور رہنماء

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کی مختلف کانوں کی مزدور یونینوں اور فیڈریشنز کے رہنماؤں نے مطالبہ کیا ہے کہ کان مالکان کی جانب سے ورکرز ویلفیئر فنڈ کے لیے جمع کرائے جانے والے دو فیصد مالی تعاون کے ثمرات حقیقی مستحق کان کنوں اور ان کے خاندانوں تک پہنچائے جائیں، مزدوروں کو فلاحی سہولیات کی فراہمی میں حائل رکاوٹیں دور کی جائیں اور تعلیمی وظائف، شادی گرانٹ، وفات گرانٹ اور علاج معالجے کی سہولیات کے حصول کے لیے شرائط اور دستاویزی کارروائی آسان بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ کان کن ملکی معیشت اور صنعتوں کے لیے اہم کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے ان کی محنت، قربانیوں اور مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے انہیں اور ان کے خاندانوں کو قانونی حقوق اور فلاحی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے۔ اس سلسلے میں بلوچستان کی مختلف کانوں کی مزدور یونینوں اور فیڈریشنز کے رہنماؤں کا ایک اہم اجلاس ورکرز ویلفیئر بورڈ بلوچستان کے دفتر میں پاکستان مائن ورکرز فیڈریشن کے سینئر نائب صدر ملک بخت نظر کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ورکرز ویلفیئر فنڈ اسلام آباد کی مجلس انتظامیہ کے رکن پیر محمد کاکڑ نے خصوصی شرکت کی۔ اجلاس میں میر قادر بخش کول کمپنی یونین کے صدر خدائے داد، یو ایم سی یونین کے صدر حاجی سیف اللہ یوسفی، پاکستان مائن ورکرز فیڈریشن کے چیف آرگنائزر حاجی عثمان علی، پی ایم ڈی سی یونین کے صدر حبیب اللہ ترین، وکی کول مائنز کے جمعہ خان ناصر، یونائیٹڈ مائنز ورکرز یونین کے نمائندوں، پی ایم ڈی سی سورینج کے صدر محمد شیر، جنرل سیکرٹری امیر خان، حبیب اللہ کول مائنز کے چمن گل سمیت دیگر مزدور رہنماؤں نے شرکت کی۔ اجلاس میں کان کنوں کو درپیش مسائل، ورکرز ویلفیئر فنڈ کی جانب سے فراہم کی جانے والی سہولیات اور مزدوروں کی فلاح و بہبود سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

جعفر آباد، ڈی سی خالد خان ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صحبت پور، ڈی سی فریدہ ترین اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کیچ تابش علی بلوچ کی زیر صدارت ڈی ڈی اوز کا اجلاس

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کیچ تابش علی بلوچ کی زیر صدارت ضلع کیچ کے ڈرائنگ اینڈ ڈسبرسنگ افسران (ڈی ڈی اوز) کا اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں ڈسٹرکٹ خزانہ آفیسر کیچ صدام بلوچ سمیت مختلف محکموں کے سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ خزانہ آفیسر صدام بلوچ نے شرکاء کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ چیف سیکریٹری بلوچستان کی واضح ہدایات کے مطابق تمام ڈی ڈی اوز ہر ماہ کی 15 تاریخ تک اپنے محکموں میں حاضر سروس ملازمین کی تحریری فہرست متعلقہ خزانہ آفس میں جمع کروانے کے پابند ہیں تاکہ تنخواہوں کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنایا جا سکے۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کیچ تابش علی بلوچ نے تمام محکموں کے سربراہان اور ڈی ڈی اوز پر زور دیا کہ وہ سرکاری ہدایات پر مکمل درآمد یقینی بنائیں اور ملازمین کی حاضری سے متعلق درست اور مکمل ریکارڈ مقررہ تاریخ تک خزانہ آفس میں جمع کروائیں انہوں نے کہا کہ سرکاری امور میں نظم و ضبط برقرار رکھنے اور ملازمین کی تنخواہوں کی ادائیگی میں غیر ضروری تاخیر سے بچنے کے لیے تمام متعلقہ افسران اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا کریں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کیچ نے مزید واضح کیا کہ مقررہ وقت کے اندر حاضر سروس ملازمین کی فہرستیں جمع نہ کروانے کی صورت میں متعلقہ ڈی ڈی اوز ذمہ دار ہوں گے

عوامی خدمت اور مسائل کے حل کیلئے پرعزم ہیں، ڈپٹی کمشنر

تمام متعلقہ محکموں کی کارکردگی اور اقدامات کو مزید موثر بنایا جائے گا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت ڈی سی آفس کمپلیکس میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہریوں نے بھرپور شرکت کرتے ہوئے اپنے مسائل اور شکایات پیش کیں۔ کھلی کچہری میں تمام انتظامی افسران سمیت گیس، واپڈا، صفا کوئٹہ، پولیس، ٹریفک پولیس، میٹروپولیٹن کارپوریشن، نادرا، پی ڈی ایم اے، محکمہ صحت، تعلیم، واسا، پی ایچ ای، اریگیشن، اسسٹنٹ کمشنرز، تحصیلداران اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران شریک ہوئے۔ شہریوں نے گیس، بجلی، لوکل وڈومیسائل، ریونیو، نادرا اور دیگر عوامی مسائل سے متعلق درخواستیں پیش کیں۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے موقع پر حل ہونے والے مسائل کے فوری ازالے کے احکامات جاری کیے، جبکہ دیگر شکایات کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات دیتے ہوئے ان پر عملدرآمد یقینی بنانے کی تاکید کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے کہا کہ کھلی کچہریوں کے انعقاد کا بنیادی مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر ریلیف فراہم کرنا، سرکاری محکموں تک شہریوں کی رسائی آسان بنانا اور ان کے مسائل کا بروقت حل یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عوامی شکایات کو سنجیدگی سے لیا جائے، غیر ضروری تاخیر سے گریز کیا جائے اور تمام درخواستوں پر میرٹ کے مطابق کارروائی کرتے ہوئے عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے۔

کوئٹہ، وزیراعلیٰ کے فوکل پرسن سید اقبال شاہ سے پارٹی رہنماء ملاقات کر رہے ہیں

قائدِ جمعیت دوراندیش اور زیرک سیاست دان ہیں، نظام لہڑی

کردار کشی اور منفی پروپیگنڈا کسی بھی صورت قابلِ قبول نہیں

نصیر آباد (نامہ نگار) جمعیت علما اسلام ضلع نصیر آباد کے ضلعی جنرل سیکرٹری میر نظام الدین لہڑی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمٰن پاکستان کے نبض شناس، مدبر، دوراندیش اور زیرک سیاست دان ہیں جنہوں نے ہمیشہ ملک و قوم کے مفاد، آئین و جمہوریت کی بالادستی اور قومی خودمختاری کے لیے اصولی مؤقف اختیار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سے وفاداری، ملکی استحکام اور قومی مفادات کے تحفظ کے حوالے سے مولانا فضل الرحمٰن کا کردار کسی سے پوشیدہ نہیں۔ مقتدرہ کی جانب سے قائد جمعیت کی کردار کشی اور ان کی سیاسی ساکھ کو متاثر کرنے کی کوششوں کی ہم شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اختلاف رائے جمہوریت کا حسن ہے، لیکن کردار کشی اور منفی پروپیگنڈا کسی بھی صورت قابلِ قبول نہیں میر نظام الدین لہڑی نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ قائدِ جمعیت کے خلاف منفی مہمات جمعیت علما اسلام کے کارکنوں کے عزم اور وفاداری کو کمزور نہیں کر سکتیں۔

ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین کی زیر صدارت جائزہ اجلاس

آبپاشی نظام کی بہتری نہری پانی کی موثر ترسیل اور ڈرینیج سسٹم کو فعال بنانے پر زور

صحبت پور (خ ن) ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین کی زیر صدارت محکمہ اریگیشن کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں آبپاشی نظام کی بہتری نہری پانی کی مؤثر ترسیل اور ڈرینیج سسٹم کو فعال بنانے پر زور دیا گیا جبکہ درپیش مسائل کے حل اور جاری اقدامات کی نگرانی یقینی بنانے کی ہدایت بھی دی گئی تفصیلات کے مطابق آج ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین کی زیر صدارت محکمہ اریگیشن کے افسران کا ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلع بھر میں آبپاشی کے نظام کی بہتری نہری پانی کی منصفانہ اور مؤثر تقسیم زرعی اراضی تک پانی کی بروقت فراہمی اور نکاسی آب کے نظام کو مزید فعال بنانے سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس کا مقصد آبپاشی اور ڈرینیج کے نظام کو درپیش مسائل کا جائزہ لیتے ہوئے ان کے حل کے لیے مؤثر اقدامات اور متعلقہ محکمے کی کارکردگی کو بہتر بنانا تھا اجلاس کے دوران محکمہ اریگیشن کے افسران نے ڈپٹی کمشنر کو ضلع میں آبپاشی کے نظام کی موجودہ صورتحال نہری پانی کی ترسیل نکاسی آب کے انتظامات ڈرینیج نظام میں موجود رکاوٹوں اور جاری مرمتی و بہتری کے اقدامات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی

صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

لورالائی، فوڈ اتھارٹی کی جانب سے مختلف مراکز کا معائنہ کیا جا رہا ہے

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA
بلوچستان
ایڈیٹر پبلشر پرنٹر محمد انور ناصر نے روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ سعید پرنٹنگ پریس سندھی خیل پلازہ شیشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر فلیٹ نمبر 5 سپنزر پلازہ وائنگل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

EDITORIAL PAGE 4 ادارتی صفحہ

بلوچستان میں اچھی اور مثالی طرز حکمرانی، ذمہ دار سیاسی طرز عمل کی ضرورت

بلوچستان اسمبلی کے پیر کے روز منعقدہ اجلاس میں محکمہ کھیل میں ہونے والی بھرتیوں کے حوالے سے اعتراضات سامنے آئے ہیں اس معاملے کو پیپلز پارٹی کے رکن اور پارلیمانی سیکرٹری اسفند یار کاکڑ نے پوائنٹ آف آرڈر پر اجاگر کیا انہوں نے محکمہ کھیل کی تقرریوں پر تحفظات کا اظہار کیا اور مطالبہ کیا کہ مبینہ بے ضابطگیوں کا نوٹس لے کر تحقیقات کی جائیں۔ جمعیت علمائے اسلام کے رکن اصغر علی ترین نے بھی بھرتیوں کے طریقہ کار پر سوالات اٹھائے جبکہ دوسری جانب صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی نے بھرتیوں میں میرٹ اور شفافیت کو مقدم رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اس بحث کے مختلف پہلوؤں سے قطع نظر، اس معاملے میں سب سے زیادہ قابل توجہ بات یہ ہے کہ عوامی نمائندوں کی گفتگو، خصوصاً حکومتی جماعت سے تعلق رکھنے والے ارکان کے بیانات، سیاسی اور انتظامی معاملات پر عوامی تاثر مرتب کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اسمبلی کا فلور عوامی مسائل کی نشاندہی، حکومتی اقدامات پر گفتگو اور مختلف معاملات کی اصلاح کے لئے ایک موثر آئینی اور جمہوری فورم ہے، لیکن اس فورم پر کسی معاملے کو اٹھاتے وقت الفاظ کے انتخاب، معلومات کی صحت اور شواہد کی اہمیت کو بھی پیش نظر رکھنا ضروری ہے۔ جمہوری نظام میں اختلاف رائے کو نہ صرف قبول کیا جاتا ہے بلکہ اسے اداروں کی بہتری کے لئے ضروری بھی سمجھا جاتا ہے۔ کوئی بھی حکومت، جماعت یا ادارہ غلطیوں سے مکمل طور پر مبرا نہیں ہوسکتا۔ اسی طرح حکومتی جماعت سے تعلق رکھنے والا کوئی رکن بھی کسی انتظامی فیصلے سے اختلاف کرسکتا ہے، کسی محکمے کے طریقہ کار پر سوال اٹھا سکتا ہے اور اپنی جماعت کے سامنے اصلاح کے لئے تجاویز رکھ سکتا ہے۔ تاہم، اختلاف رائے اور کسی معاملے میں بے ضابطگی کا تاثر پیدا کرنے کے درمیان ایک اہم فرق موجود ہے۔ اگر کسی رکن کو کسی انتظامی عمل کے حوالے سے معلومات یا شواہد ہوں تو انہیں متعلقہ فورم پر پیش کرنا اور معاملے کی درست صورت حال واضح کرنا زیادہ مناسب طرز عمل ہوگا۔ خصوصاً جب کوئی رکن حکمران جماعت سے تعلق رکھتا ہو اور پارلیمانی ذمہ داری بھی ادا کررہا ہو تو اس کے بیان کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے۔ عوام ایسے نمائندوں سے یہ توقع رکھتے ہیں کہ وہ نہ صرف عوامی مسائل کی نشاندہی کریں گے بلکہ حکومتی نظام کی بہتری کے لئے دستیاب ادارہ جاتی راستوں سے بھی بھرپور استفادہ کریں گے۔ اس لئے اگر کسی حکومتی رکن کو کسی محکمے میں بھرتیوں یا انتظامی معاملات کے حوالے سے کوئی تحفظات ہوں تو وہ سب سے پہلے اپنی جماعت کی پارلیمانی پارٹی کے سامنے یہ معاملہ رکھ سکتا ہے۔ اگر ضرورت محسوس ہو تو حکومتی اتحادیوں سے بھی مشاورت کی جاسکتی ہے اور متعلقہ محکمے سے تفصیلات حاصل کرکے صورت حال کو واضح کیا جاسکتا ہے۔ اس عمل سے نہ صرف غلط فہمیوں کے امکانات کم ہوں گے بلکہ اگر کسی حقیقی مسئلے کی نشاندہی ہوئی تو اس کے حل کے لئے بھی زیادہ موثر ماحول میسر آئے گا۔ یہ بات بھی اہم ہے کہ اسمبلی میں کسی معاملے پر گفتگو کرنے کے لئے مکمل شواہد کافی نہیں ہوتا، بالخصوص جب گفتگو سرکاری ملازمتوں اور کسی محکمے کی کارکردگی سے متعلق ہو۔ کسی مخصوص ضلع میں دوسرے علاقوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی تقرریوں پر اعتراض اٹھانے سے پہلے متعلقہ اسامیوں کے قواعد، ڈومیسائل کی شرائط، منظور شدہ کوٹے اور بھرتی کے اشتہار کا جائزہ لینا ضروری ہے۔ بعض ملازمتیں ضلعی بنیاد پر مختص ہوتی ہیں، بعض میں ڈویژنل یا صوبائی کوٹے کا اطلاق ہوتا ہے، جبکہ کچھ اسامیوں کے لئے الگ شرائط مقرر کی جاتی ہیں۔ لہٰذا کسی تقرری کو درست یا غلط قرار دینے کے لئے متعلقہ قواعد اور ریکارڈ کو دیکھنا لازم ہے۔ اگر کسی رکن کو محسوس ہوتا ہے کہ ان قواعد پر عمل نہیں ہوا تو اس کی نشاندہی ضرور ہونی چاہئے لیکن بہتر یہی ہے کہ گفتگو کے ساتھ متعلقہ معلومات بھی سامنے لائی جائیں۔ اس سے ایوان میں ہونے والی بحث زیادہ بامقصد ہوگی اور کسی محکمے یا بھرتی کے عمل کے بارے میں غیر ضروری ابہام پیدا نہیں ہوگا۔ اسی طرح اگر کسی شکایت کی بنیاد درست ثابت ہوتی ہے تو اس کی اصلاح کے لئے بھی واضح راستہ نکل سکے گا۔ مقصد کسی کی آواز کو دبانا نہیں بلکہ اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ عوامی نمائندگی کے منصب کو ذمہ داری اور احتیاط کے ساتھ استعمال کیا جائے۔ بلوچستان میں اس طرز عمل کی اہمیت دو چند ہو جاتی ہے کیونکہ ہمارے صوبے میں روزگار کے مواقع محدود ہیں اور سرکاری ملازمتیں نوجوانوں اور ان کے خاندانوں کی معاشی مستقبل سے گہرا تعلق رکھتی ہیں۔ ایسے ماحول میں بھرتیوں کے حوالے سے پیدا ہونے والا کوئی بھی ابہام امیدواروں کی امیدوں، توقعات اور اعتماد کو متاثر کرسکتا ہے۔ بلوچستان کو اس وقت ایسے سیاسی اور انتظامی ماحول کی ضرورت ہے جس میں مشاورت کو اہمیت دی جائے اور اختلاف کو تصادم کے بجائے اصلاح کا ذریعہ بنایا جائے۔ حکومتی جماعتوں کے اندر موثر رابطہ اور پارلیمانی پارٹیوں کے اجلاس اس مقصد کے لئے اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ اگر کسی رکن کو کسی محکمے کے بارے میں کوئی اہم اطلاع ہے تو اس پر متعلقہ ذمہ داران سے بات کرنا، دستاویزات کا جائزہ لینا اور ضرورت پڑنے پر باضابطہ تحقیقات کی تجویز دینا ایک ذمہ دارانہ راستہ ہے۔ اس طرح عوامی مفاد بھی مقدم رہے گا اور سیاسی عمل میں سنجیدگی بھی برقرار رہے گی۔ سیاسی قیادت کی اصل کامیابی اس میں ہے کہ وہ اختلافات کے باوجود مشترکہ مقاصد پر توجہ مرکوز رکھے۔ بلوچستان کے عوام کو تعلیم، صحت، روزگار، سماجی تحفظ اور ترقی کے بہتر مواقع درکار ہیں۔ ان مقاصد کے حصول کے لئے ضروری ہے کہ حکومت، اپوزیشن اور حکومتی اتحادی اپنے اپنے آئینی اور سیاسی کردار کو مثبت انداز میں ادا کریں۔ اسمبلی میں ہونے والی گفتگو عوامی مسائل کی حقیقی عکاسی کرے، جبکہ جماعتی سطح پر مشاورت اور ادارہ جاتی رابطے ان مسائل کے حل میں معاون ثابت ہوں۔

سیاست کے انداز بدلے گئے

نسیم شاہد

منظر نامہ

لڑکپن کی یادوں میں ایک یاد یہ بھی ہے کہ ہم سیاسی رہنماں کے بہت دیوانے ہوا کرتے تھے، ملتان کینٹ کے صدر بازار میں رہائش تھی اور اس سے کچھ ہی فاصلے پر کھر ہاس ہوتا تھا۔ آج یہ ویران پڑا ہے، اس کھر ہاس میں سیاست کی بڑی گہما گہمی ہوتی تھی۔ غلام مصطفے کھر پیپلز پارٹی میں تھے تو یہ جگہ گویا پیپلز پارٹی کی سرگرمیوں کا مرکز تھی، سونے پہ سہاگہ گھر کے تقریبا سامنے ہی گٹ فٹ ٹیلر نام کی دکان تھی یہ دکان کم اور سیاسی سرگرمیوں کا مرکز زیادہ تھی، پیپلز پارٹی کینٹ کا دفتر ہونے کی وجہ سے زیادہ وقت وہیں گذرتا تھا۔ پھر ایک دن یہ شور مچا کہ ذوالفقار علی بھٹو کھر ہاس آ رہے ہیں ہم نوجوان دوستوں نے بھی صبح سویرے وہاں ڈیرے ڈال دیئے۔ اچھی بات یہ تھی پیپلز پارٹی کے کارکنوں پر اندر جانے کی کھلی اجازت تھی۔ آج جیسی ہٹو بچو بھی نہیں تھی اور اس دن خاصا میلہ سا لگا ہوا تھا۔ اس سے پہلے ذوالفقار علی بھٹو پرانا شجاع آباد روڈ پر نواب صادق حسین قریشی جو بعد میں وزیراعلی بھی بنے، کے وائٹ ہاس میں رہنماں اور کارکنوں سے ملتے تھے۔ اس زمانے میں ایک چھوٹے سے سیاسی رہنما کی بھی بہت عزت ہوتی تھی، کارکن بھی اسے رشک کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ یہ صحیح معنوں میں سیاست کا عروج تھا، کرپشن کی کہانیاں بہت کم سننے کو ملتی تھیں، عام سیاسی رہنما لوگوں کی خدمت کر کے جو عزت ملتی تھی، اس پر خوش ہوتے تھے۔ کسی تھانے میں کوئی پارٹی عہدیدار چلا جاتا تو اس کی بے عزتی نہیں شنوائی ہوتی تھی۔ افسر بھی ان کی بات سنتے تھے، آج کل کی طرح نہیں کہ ارکان اسمبلی دہائی دے رہے ہیں کہ افسران کی بات نہیں سنتے، الٹا بدزبانی کرتے ہیں، اس ضمن میں تحاریک استحقاق بھی پیش ہو رہی ہیں اور وہاں بھی پولیس اور انتظامی افسروں کی گردن نیچے نہیں آ رہی۔ سیاست اس حال تک کیسے پہنچی، یہ کہانی سب کے سامنے ہے۔ سیاست پر انتظامیہ کا غلبہ نہ صرف سیاستدانوں کے لئے باعث ہزیمت ہے بلکہ عوام بھی گویا بے آسرا ہو گئے ہیں اور انتظامی و پولیس افسروں کے رحم و کرم پر ہیں۔ مجھے نصف صدی پہلے کا وہ واقعہ یاد ہے جب تھانہ کینٹ ملتان کی پولیس نے دو سیاسی کارکنوں کو تشدد کا نشانہ بنایا۔ پیپلز پارٹی کینٹ کے ایک رہنما خورشید خان تک یہ بات پہنچی تو انہوں نے کارکن اکٹھے کر کے تھانے کے سامنے دھرنا دے دیا۔ آدھا گھنٹہ نہیں گذرا ہوگا کہ ملتان کے ایس ایس پی، پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر اور ڈپٹی کمشنر موقع پر پہنچ گئے، بات گورنر ہاس لاہور تک پہنچ گئی جہاں غلام مصطفے کھر بیٹھے تھے۔ سیاسی کارکنوں پر تشدد گویا ایک بہت بڑا واقعہ تھا۔ موقع پر تفتیش ہوئی، قصور پولیس والوں کا نکلا، کارکنوں کی رہائی ہوئی اور پولیس والے معطل کر دیئے گئے۔ اس واقعہ کا بہت دنوں تک چرچا رہا اور پیپلز پارٹی کے کارکن پھولے نہ سمائے پھرتے تھے۔ آج کے نہیں پچھلے کئی دہائیوں کے حالات کو دیکھیں تو آپ کو فرق صاف نظر آئے گا۔ اب بس کارکن ہی رہ گئے ہیں ماریں کھانے اور جیل جانے کیلئے۔ رفتہ رفتہ حالات کا پانسہ یوں بھی پلٹا کہ سیاسی رہنماں نے ریاست کی طاقت کو سیاست سمجھ لیا، حالانکہ سیاست عوام سے ہوتی ہے، عوام کے لئے ہوتی ہے۔ آج حالات یہ ہیں کہ پارٹیوں کے رہنما اور ارکان اسمبلی وزیراعلی سے یہ شکایت کرتے ہیں کہ ضلع یا ڈویژن کا افسر انہیں ملاقات کا وقت نہیں دیتا، پھر اس خبر کو ایسے پھیلاتے ہیں جیسے سیاست کا انحصار اسی پر ہو، جس رکن اسمبلی کے ساتھ پانچ دس کارکن نظر نہ آئیں، وہ صرف یہ چاہتا ہے ڈی سی او، ڈی پی او اسے صبح و شام سلام کرے، ڈیرے پر حاضری دے، میں نے خود ایک رکن اسمبلی کی بے بسی چند روز پہلے دیکھی۔ ایک غریب آدم اپنی فیملی کے ساتھ اس کے ڈیرے پر بیٹھا ہوا تھا۔ مجھے ایک دوست کے ساتھ کسی تقریب میں جانا تھا۔ اس نے کہا رکن اسمبلی سے ایک کام ہے راستے سے ہو لیتے ہیں۔ وہ غریب فیملی اسے بتا رہی تھی ہم آپ کے ووٹرز ہیں ایک بدمعاش نے ہمارے گھر پر قبضہ کر لیا ہے اور دو بیٹوں کو بھی تشدد کر کے پولیس کے حوالے کیا ہے۔ اب پولیس والے ہمارے خلاف ہی پرچہ دے رہے ہیں۔ ایسی بات اگر دو دہائی پہلے کسی رکن اسمبلی کے سامنے ہوتی، رکن اسمبلی کو تو چھوڑیں ایک عام پارٹی عہدیدار کے علم میں بھی آتی تو وہ اٹھ کر ان کے ساتھ ہو لیتا، مگر میں نے خود یہ جملہ سنا، بابا افسر میرا واقف نہیں، تم کوئی اچھا وکیل کر کے عدالت میں کیس کر دو۔ میں یہ سن کہ حیران رہ گیا۔ ایک غریب آدم جس کی حالت بتا رہی ہے کہ دو وقت کی روٹی مشکل سے پکتی ہوگی، اسے یہ مشورہ دینا کہ اچھا وکیل کر لو پرلے درجے کی سفا کی ہے۔ ساتھ ہی فرمایا مجھے ایک کھانے پر جانا ہے اس لئے تم خود ڈی پی او کے پاس چلے جا، وہ تمہاری بات سنے گا۔ ساتھ ہی میں نے اپنے دوست کے کان میں کہا یہاں سے چلو، مجھے تو ابکائی آنے لگی ہے۔ سیاست ایک چین کے سہارے کام کرتی ہے یہ اوپر لگایا گیا پودا نہیں ہے۔ عوام، سیاسی کارکن، پارٹی عہدیدار اور رکن اسمبلی، اس چین کے اجزا ہیں۔ جب تک ارکان اسمبلی عوام، کارکنوں اور پارٹی عہدیداروں کی دسترس میں ہوتے تھے سیاست کی زنجیر مضبوط تھی، اب صرف بات رکن اسمبلی تک رہ گئی ہے۔ اس کے اپنے ذاتی کام اور مفادات ہی اتنے ہوتے ہیں کہ وہ بار بار عوام کے لئے کام کر کے اپنی سفارشیں ضائع نہیں کرنا چاہتا۔ اپوزیشن کے ارکان اسمبلی تو ویسے ہی گوا چی گاں بن جاتے ہیں مگر حکمران جماعت کے ارکان اسمبلی اور بڑے عہدیداروں کو سیاسی یتیمی کا لبادہ اوڑھے دیکھ کر حیرانی ہوتی ہے۔ مجھے ایک بیوروکریٹ نے بتایا آج کل سیاسی نمائندوں کی خواہشیں بھی عجیب و غریب ہیں۔ کبھی فون کریں گے کھانے کا وقت تو دیں، کبھی کہیں گے میں کل آپ کے آفس آنا چاہتا ہوں، ایک دو تصویریں بنوا لیجئے یا پھر کوئی اپنا ذاتی کام لے آئیں گے۔ اپنے حلقے کے مسائل پر شاذو نادر ہی بات کریں گے۔ اب آپ ہی بتائیے اگر ہم بھی عوام کے مسائل بارے نہ سوچیں، ترقیاتی کام نہ کرائیں تو نظام کیسے چلے۔ اب ان کی خواہش یہ بھی ہوتی ہے کوئی ترقیاتی منصوبہ شروع ہوا ہے، تو اس کی افتتاحی تختی پر ان کا نام بھی آئے۔ نام نہ آئے تو موقع ملتے ہی شکایت کر دیتے ہیں، واقعی زمانہ بدل گیا ہے، سیاست کے انداز بھی بدل گئے ہیں اس کی بہت سی وجوہات ہوسکتی ہیں مگر ایک عوامی نمائندہ عوام سے لاتعلق کیسے ہوسکتا ہے، یہ ایک لاجواب کر دینے والی بات ہے۔

مشرق وسطی کے میدان جنگ سے عالمی امن کی تحریک تک

اشتیاق چودھری

آواز حق

سپریم کورٹ آف پاکستان کے دس رکنی وکلا کا وفد ایرانی حکومت کی دعوت ایران کا سات روزہ دورہ مکمل کرنے کے بعد اج واپس وطن لوٹا ہے۔ دورے کا مقصد جنگ کی مخالفت اور امن کا پیغام عام کرنا تھا وفد میں راقم کے علاوہ سینئر ایڈووکیٹس سپریم کورٹ سردار لطیف خان کھوسہ، امجد فاروق بگل راجپوت، چوہدری اظہر صدیق، سید ذوالفقار بخاری، راجہ جہانزیب اختر، سید طیب حسین رضوی، جاوید مانشا، سید علی ریاض کرمانی اور فدا حسین منہ شامل تھے۔ دورہ ایران کے دوران وفد نے سپریم کورٹ آف ایران کے چیف جسٹس محمد جعفر المنتظری وزیر قانون و انصاف ڈاکٹر امین حسین رحیمی، وزیر تعلقات عامہ و ثقافت، پارلیمنٹیرینز مجلس شوری کے ارکان و سپریم کورٹ بار اف ایران کے صدر اور بار ایسوسی ایشن کے ارکان سے ملاقات کی ہے۔ وفد کو ان متاثرہ مقامات کا دورہ بھی کروایا گیا۔ جو اسرائیلی طیاروں کے حملوں کا نشانہ بنے۔ ان میں میناب کا اسکول، ہائی کورٹ کی عمارت، قومی ذرائع ابلاغ کا دفتر اور دیگر متاثرہ مقامات شامل تھے۔۔ وفد کو یہودی عبادت گاہ بھی لے جایا گیا جس کے بارے میں بتایا گیا کہ وہ اسرائیلی فضائی حملے میں تباہ ہوئی ہے۔۔ ان مقامات کو اپنی آنکھوں سے دیکھنا اس تلخ حقیقت کی یاد دہانی تھی کہ جنگ کے اثرات کسی ایک ملک، مذہب یا برادری تک محدود نہیں رہتے۔ جنگ انسانی جانوں کو نقصان پہنچاتی ہے اور عبادت گاہوں، تعلیمی اداروں اور دیگر شہری تنصیبات کو تباہی سے دوچار کرتی ہے۔ وزارت قانون و انصاف، تعلقات عامہ و ثقافت اور ماہرین ائین و قانون کیساتھ ملاقات میں بین الاقوامی امن کے فروغ، قانون کی حکمرانی، انسانی حقوق کے تحفظ اور عالمی تنازعات کو پرامن ذرائع سے حل کرنے میں وکلا برادری کے کردار پر روشنی ڈالی گئی۔ علاوہ ازیں پاکستان اور ایران کے ثقافتی تعلقات، علمی و ادبی تبادلوں، ذرائع ابلاغ کے کردار اور مشرق وسطی کی موجودہ صورت حال کے تناظر میں امن و مکالمے کے فروغ پر گفتگو ہوئی۔ دورہ ایران کے دوران وفد کو تہران کے ولی عصر اسکوائر اور تجریش اسکوائر میں موجود سینکڑوں افراد پر مشتمل بڑے اجتماعات کا وزٹ بھی کروایا گیا جس میں راقم کے علاوہ سردار لطیف خان کھوسہ کو براہ راست عوام سے خطاب کا موقع بھی ملا جہاں ہم نے عالمی امن کے پیرائے میں اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ مشہد میں حضرت امام علی ابن موسی الرضا کے مزار اقدس پر حاضری کے علاوہ پاکستانی قونصلیٹ افس مشہد میں موجود اعلی سطح حکام سے ملاقات بھی کی۔ ایرانی قیادت و وکلا کمیونٹی کیساتھ ملاقات اور اسرائیلی حملوں میں متاثرہ مقامات کے دورے کو اگر مشرق وسطی میں غزہ، لبنان، عراق، اور مغربی کنارے میں ہونیوالی تباہی کے پس منظر میں دیکھا جائے تو جو احساس شدت سے جاگزین ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ نسل انسانی پر مسلط کی گ ء پہ در پہ جنگوں کے بعد اج انسانیت تاریخ کے ایک نہایت نازک موڑ پر کھڑی ہے۔ مشرق وسطی میں جاری جنگ، وسیع پیمانے پر تباہی، انسانی جانوں کا ضیاع اور بین الاقوامی قانون کی مبینہ خلاف ورزیوں نے پوری دنیا کے اجتماعی ضمیر کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے۔۔ اب وقت آ گیا ہے کہ دنیا بھر کے باشعور افراد، بالخصوص وکلا، دانشور، صحافی، اساتذہ، مذہبی رہنما، انسانی حقوق کے کارکن اور سول سوسائٹی کی تنظیمیں، امن کی ایک مشترکہ عالمی تحریک کے لیے متحد ہو جائیں۔ ہمیں بنیامین نیتن یاہو کی جنگی پالیسیوں اور ہر ایسے اقدام کے خلاف پرامن، موثر اور متحدہ آواز بلند کرنا ہوگی جو انسانی زندگی، بین الاقوامی قانون اور عالمی امن کے لیے خطرہ بنے۔ یہ تحریک کسی قوم، مذہب یا عوام کے خلاف نہیں ہونی چاہیے۔ اس کا مقصد جنگ، جارحیت، ظلم اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی مخالفت ہونا چاہیے، خواہ ان کا مرتکب کوئی بھی ہو۔ امن کی عالمی تحریک کے پانچ بنیادی مقاصد ہو سکتے ہیں۔ اول۔ انسانی جانوں کو بچانا عالمی برادری کی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ تحریک کا بنیادی مطالبہ یہ ہونا چاہیے کہ تمام متعلقہ فریق جنگی کارروائیاں بند کریں، شہریوں کی جانوں کا تحفظ یقینی بنائیں اور ضرورت مند افراد تک انسانی امداد کی بلا تعطل فراہمی ممکن بنائیں۔ دوم اقوام متحدہ کے منشور اور بین الاقوامی انسانی قانون کا احترام کیا جانا چاہیے اور ان پر بلا امتیاز عمل درآمد یقینی بنایا جانا چاہیے۔ کسی بھی ریاست، حکومت یا حکمران کو بین الاقوامی قانون سے بالاتر نہیں سمجھا جانا چاہیے۔ قانون کے اصولوں کا اطلاق ہر ملک پر یکساں ہونا چاہیے، خواہ اس کی طاقت، سیاسی اثرورسوخ یا عسکری قوت کتنی ہی زیادہ کیوں نہ ہو۔ سوم۔ بین الاقوامی قانون کی مبینہ خلاف ورزیوں کی غیر جانب دارانہ اور قابل اعتماد طریقہ کار کے تحت تحقیقات ہونی چاہییں۔ جن افراد کی قانونی ذمہ داری ثابت ہو، انہیں قابل اطلاق بین الاقوامی قانون اور منصفانہ قانونی کارروائی کے تقاضوں کے مطابق جواب دہ بنایا جانا چاہیے۔ انصاف میں امتیاز نہیں ہونا چاہیے اور نہ ہی سیاسی مفادات کو احتساب کی راہ میں رکاوٹ بننے دینا چاہیے۔ چہارم۔ حکومتوں، پارلیمانوں، بین الاقوامی اداروں اور سول سوسائٹی کو سفارتی، قانونی اور پرامن ذرائع سے مل کر کام کرنا چاہیے۔ ممالک کے درمیان اختلافات کو فوجی تصادم کے بجائے مکالمے، مذاکرات اور افہام و تفہیم کے ذریعے حل کیا جانا چاہیے۔ عالمی برادری کو انسانیت کے لیے اپنی مشترکہ ذمہ داری کا ازسرِ نو احساس کرنا ہوگا۔ پنجم۔ امن کا مقصد محض عارضی جنگ بندی تک محدود نہیں ہونا چاہیے۔ عالمی برادری کو مشرق وسطی اور دنیا کے دیگر خطوں میں تنازعات کے پائیدار حل کے لیے مذاکرات، انصاف، انسانی وقار کے احترام اور حق خودارادیت کی تسلیم شدہ اہمیت کو بنیاد بنانا چاہیے۔ دیرپا امن کے لیے تنازعات کی بنیادی وجوہات کا حل ضروری ہے۔ اس کے ساتھ تمام اقوام کے حقوق اور جائز امنگوں کا احترام بھی یقینی بنایا جانا چاہیے۔ آخر میں، میں دنیا بھر کے باشعور افراد سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ ایسی عالمی امن تحریک کا حصہ بنیں جو سرحدوں، مذاہب، قومیتوں اور سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو۔ اس تحریک کو اقوام متحدہ پر زور دینا چاہیے کہ وہ بین الاقوامی امن و سلامتی کے قیام اور تحفظ کے لیے زیادہ موثر کردار ادا کرے۔ دنیا بھر میں امن کے لیے جدوجہد کا مقصد کسی قوم سے نفرت کرنا ہرگز نہیں ہونا چاہیے۔ اس کا اصل مقصد ہر انسان کی زندگی، آزادی، عزت، وقار اور سلامتی کا تحفظ ہونا چاہیے۔ ہم تمام مظلوم اقوام کے حقوق کے حامی ہیں، جن میں فلسطینی عوام بھی شامل ہیں۔ ہم شہریوں کے تحفظ، بین الاقوامی قانون کے احترام اور بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ قانونی اصولوں کے مطابق انصاف کی حمایت کرتے ہیں۔ آیئے، امن کو محض ایک نعرہ نہیں بلکہ عالمی عوامی تحریک میں تبدیل کریں۔ ہماری آنے والی نسلیں ایسی دنیا کی حق دار ہیں جہاں نفرت پر امن، تصادم پر مکالمہ اور سیاسی و قومی تقسیم پر انسانیت کو فوقیت حاصل ہو۔

گورنر راج، ایمرجنسی

فضل حسین اعوان

پاکستان کی تاریخ میں ایک اور گورنر راج پلس ایمرجنسی کا اضافہ ہوا ہے۔ ماضی میں شاید یہ دونوں بیک وقت نافذ نہیں ہوئے تھے، تاہم ان کی الگ الگ تاریخ موجود ہے۔ حکومتی نقطہ نظر کے مطابق خیبر پختونخوا میں گورنر راج نافذ کرنے سے خود کو روکنے کے لیے سرتوڑ کوشش کی گئی اور اتنی ہی جدوجہد وہاں کی حکومت کی طرف سے اس کے نفاذ کے لیے نظر آئی۔ مرکزی حکومت اپنی کوششوں میں ناکام رہی جبکہ خیبر پختونخوا حکومت کامیاب ہوگئی۔ یہاں تحریک انصاف کی حکومت تھی۔ اس کا اور اس کی ڈیڑھ ڈھائی اتحادی پارٹیوں کا دعوی ہے کہ حکومت مذاکرات کی میز پر آئی لیکن بے اختیار تھی۔ اس کے فیصلے کہیں اور سے ہو رہے تھے اور پھر وہ مذاکرات کی میز سے اٹھ گئی۔ اس نے پہلے سے ہی سب کچھ طے کر رکھا تھا۔ تاہم مولانا فضل الرحمٰن حکومت اور اپوزیشن کے مابین مذاکرات کی ناکامی کے بعد میدان میں آئے، ثالثی کی پیشکش کی اور پیشکش کے ساتھ ہی خود کار صلح کار بن گئے۔ ان کی فریقین سے ملاقاتیں ہوئیں۔ انھوں نے گورنر راج کے نفاذ کا سارا ملبہ وزیر اعظم شہباز شریف پر ڈال دیا اور یہ تاثر دیا کہ وزیر اعظم بے اختیار ہیں۔ اگر طاقتور سیاستدان کی بات کی جائے تو اپنے حضرت مولانا ہیں۔ حالیہ دنوں میں جس طرح وہ گرجے برسے ہیں اور شہادتوں کی بات کی ہے، ان کی گرج چمک کے سامنے سب دم بخود رہ گئے۔ ذرا 2013 میں چلتے ہیں۔ اس وقت کے امیر جماعت اسلامی سید منور حسن نے حکیم اللہ محسود کو شہید قرار دیا تو آئی ایس پی آر کی طرف سے شدید ردعمل سامنے آیا۔ منور حسن نے یہ بھی کہا تھا کہ جس طرح جنگ میں مارے جانے والا امریکی شہید نہیں ہے اسی طرح امریکا کے لیے لڑتے ہوئے مارا جانے والا شہید نہیں ہوسکتا۔ مولانا فضل الرحمٰن نے اسی حوالے سے کہا تھا کہ امریکا کے خلاف لڑتا ہوا کتا بھی مارا جائے تو وہ شہید ہے۔ مولانا نے بعد میں وضاحت کی تھی کہ انھوں نے یہ بات امریکا سے نفرت کی شدت میں کہی تھی۔ جماعت اسلامی نے اس بیان کے بعد اپنا امیر بدل دیا جبکہ مولانا اپنی پارٹی اور ریاست میں مزید مضبوط ہوتے چلے گئے۔ اداروں کے بارے میں ان کا بیانیہ اب بھی سوا نیزے پر ہے جبکہ حکومت ان کی ثالثی کے آگے کورنش بجا لا رہی ہے۔ ادھر، ایم کیو ایم گورنر راج پر جشن منانے والوں میں اگر سب سے آگے نہیں رہی تو کسی سے پیچھے بھی نہیں۔ اس پر الطاف بھائی نے اسی ایم کیو ایم کو جس کے رہنماؤں کی جبین نیاز سے امن کے سجدے ٹپکتے ہیں، وہ بھی بوریوں کے حساب سے، ایم کیو ایم پی پی پی پی قرار دے دیا ہے۔ بہرحال، ایمرجنسی پلس گورنر راج یا گورنر راج پلس ایمرجنسی کا اعلان ہوا۔ قومی اسمبلی نے بھاری اکثریت سے خشوع کے ساتھ اس کی منظوری دی جبکہ سینیٹ نے خضوع کے ساتھ اس اقدام پر مہر ثبت کی۔ آئین کے تقاضے کے مطابق پارلیمان کا مشترکہ اجلاس ہوا جس میں خشوع و خضوع کے ساتھ گورنر راج کے اقدام کی منظوری دی گئی۔ فیصل کریم کنڈی کو مکمل اختیارات ملنے سے ان کی گورنری مزید مضبوط ہوگئی۔ پہلے تو وہ علامتی اختیارات رکھتے تھے، اب مکمل اختیارات سے لیس ہو چکے ہیں۔ ایک دو روز ان کی طرف سے تحریک انصاف کو چیلنج کیا جاتا رہا کہ میں انتظار کر رہا تھا مگر کوئی احتجاج کے لیے وارد نہیں ہوا۔ محسن نقوی، جو کئی حلقوں کے نزدیک اختیار و طاقت کا محور و منبع ہیں، انھوں نے بھی ایسا ہی چیلنج کیا تھا۔ فیصل کنڈی کے بارے میں کہا گیا کہ بلاول بھٹو زرداری نے انھیں ڈانٹا اور کہا کہ رعونت سے کام مت لیں۔ اس کے بعد سے فیصل کریم کنڈی کی توپیں تحریک انصاف پر طعن و تشنیع کے حوالے سے خاموش ہیں۔ تاہم بلاول بھٹو کی طرف سے ایک تردیدی بیان بھی جاری کیا گیا کہ میں نے اپنے گورنر کو ایسا کچھ نہیں کہا تھا۔ تاہم فیصل کریم کنڈی ایک ان ہوئے واقعے سے محتاط ضرور ہو گئے ہیں۔ نواز شریف جب اداروں کے خلاف صف آرا تھے، آج کل صف بند ہیں۔ محاذ آرائی کے دوران ان کی طرف سے کہا گیا تھا، سمجھتا تھا کہ ریاست کے اندر ریاست ہے لیکن یہاں تو ریاست کے اوپر ریاست ہے۔ آج اس کی ایک دو مثالیں مزید نظر آئی ہیں۔ خیبر پختونخوا کے انتظامات چلانے کے لیے ایک 11 رکنی مشاورتی کونسل قائم کی گئی ہے۔ گورنر فیصل کریم کنڈی کی سربراہی میں قائم اس مشاورتی کونسل میں طارق محمود پاشا، ڈاکٹر عامر عبداللہ، لیفٹیننٹ جنرل)ر (نگار جوہر، ثمر ہارون بلور، ڈاکٹر سرفراز علی، عامر جاوید، ڈاکٹر ایم ارشاد، کفایت اللہ، طیب قریشی، عثمان سیف اللہ خان اور آصف رفیق شامل ہیں۔ اس کے اوپر ایک مانیٹرنگ کمیٹی بنا دی گئی۔ اس میں بھی اتفاق سے اتنے ہی، یعنی 11 ارکان رکھے گئے ہیں۔ نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار اس کمیٹی کے سربراہ ہیں جبکہ رانا ثنا اللہ، اعظم نذیر تارڑ، احسن اقبال، امیر مقام، طارق فضل چودھری اور خالد مقبول صدیقی سمیت حکومتی اکابرین اس میں شامل ہیں۔ پیپلز پارٹی، بلوچستان عوامی پارٹی اور استحکام پاکستان پارٹی کے نمائندوں کو بھی اس کمیٹی میں شامل کیا گیا ہے۔ مذاکرات کی ناکامی کے بعد، جن میں حکومتی ٹیم کی سربراہی محسن نقوی کر رہے تھے، حکومتی مذاکراتی وفد میں رانا ثنا اللہ، امیر مقام، طلال چودھری، طارق فضل چودھری، شیری رحمان، نوید قمر اور اعجاز حسین جاکھرانی شامل تھے جبکہ اپوزیشن کے وفد میں بیرسٹر گوہر، اسد قیصر، عامر ڈوگر، سلمان اکرم راجہ، علامہ راجہ ناصر عباس اور حلیم عادل شیخ شامل تھے۔ مذاکرات کی ناکامی کا ملبہ ایک دوسرے پر ڈالا جا رہا ہے۔ محسن نقوی نے کہا تھا کہ ہمارے سامنے بیٹھنے والے بے اختیار تھے۔ اصل اختیار سہیل آفریدی کے پاس تھا جنھوں نے ویٹو پاور استعمال کی اور مذاکرات کی میز الٹ گئی۔ اس کے دو تین روز بعد محسن نقوی نے قومی اسمبلی میں یہ کہا کہ سہیل آفریدی بھی اختیار نہیں رکھتے تھے بلکہ ان کے پاس جو مسودہ گیا، انھوں نے مراد سعید کو بھیجا اور مراد سعید نے اسے مسترد کر دیا۔ یوں مذاکرات ناکام ٹھہرے۔ گویا یہاں صورتحال یہ نظر آتی ہے کہ اپوزیشن کی کمیٹی کے اوپر سہیل آفریدی اور سہیل آفریدی کے اوپر مراد سعید ہیں۔ یہاں پھر میاں نواز شریف کو کوٹ کرتے ہیں، ریاست کے اوپر ریاست۔ اس سے اب منطبق کریں: اپوزیشن کمیٹی اور سی ایم کے پی، اینڈ سی ایم کے پی اور مراد سعید۔ مذاکرات لانگ مارچ کے حوالے سے شروع ہوئے تھے۔ بیٹھک میں اس کا تذکرہ کم اور دہشت گردی کا زیادہ ہوا۔ وزیر اعظم شہباز شریف، وزیر داخلہ محسن نقوی، نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ، وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چودھری اور وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ سمیت حکومتی اکابرین تحریک انصاف کی قیادت پر ٹی ٹی پی کے ساتھ تعلقات کے الزامات عائد کرتے رہے ہیں۔ اگر بطور پارٹی ایسا ہے تو کسی بھی سیاسی جماعت کو یہ اختیار نہیں کہ وہ پاکستان کے دشمنوں کے ساتھ تعلقات رکھے۔ اگر یہ سب کچھ انفرادی طور پر رہنماؤں کی طرف سے ہے تو وہ بھی قابل معافی نہیں۔ اب تک چونکہ نہ پارٹی کے خلاف کوئی کارروائی ہوئی ہے اور نہ ہی پی ٹی آئی کے کسی رہنما کے خلاف، گویا حکومتی اکابرین کی طرف سے یہ سب کچھ سیاسی بنیادوں پر الزام تراشی ہے بلکہ اسے بہتان کہا جائے تو زیادہ درست ہوگا۔ اگر حکومت اپنے موقف کی صداقت پر یقین رکھتی ہے تو پھر آج ہی سے تحریک انصاف پر پابندی کے اقدامات کا آغاز ہو جانا چاہیے۔

بڑھاپے کا فلسفہ، وہ پانچ سادہ خوشیاں جنہیں ہم جوانی میں بھول جاتے ہیں

احمد خان اچکزئی

محترم قارئین، اس فانی دنیا میں بڑھاپے کا پیغام بہت گہرا ہے کہ انسان ساری زندگی جن چیزوں کے پیچھے بھاگتا ہے بڑھاپے میں پتہ چلتا ہے کہ اصل خوشی تو بالکل سادہ چیزوں میں تھی۔ ہم جوانی میں سمجھتے ہیں کہ خوشی پیسے میں ہے بڑے گھر میں ہے عہدے میں ہے لوگوں کی واہ واہ میں ہے۔ ہم دوڑتے رہتے ہیں تھکتے رہتے ہیں اور سوچتے ہیں کہ جب یہ سب مل جائے گا تو سکون ملے گا۔ پھر ایک عمر آتی ہے جب انسان پیچھے مڑ کر دیکھتا ہے تو احساس ہوتا ہے کہ جن چیزوں کے پیچھے وہ ساری عمر بھاگا وہ تو خوشی تھی ہی نہیں اصل خوشی تو پانچ بہت سادہ چیزوں میں چھپی ہوئی تھی جو ہر وقت اس کے پاس تھیں مگر اس نے انہیں دیکھا ہی نہیں۔ پہلی چیز صحت کا سکون ہے۔ جب تک جسم ساتھ دیتا ہے ہم اس کی قدر نہیں کرتے۔ ہم راتوں کو جاگ کر پیسہ کماتے ہیں ناقص کھانا کھاتے ہیں غصہ پالتے ہیں اور اپنے جسم کو ایک مشین سمجھتے ہیں۔ بڑھاپے میں سب سے بڑی دولت یہی ہے کہ آپ بغیر سہارے کے چل سکیں اپنی نماز خود پڑھ سکیں اپنا وضو خود کر سکیں اپنا کھانا خود کھا سکیں۔ یہی اصل آزادی ہے۔ ایک بوڑھا شخص جو چھڑی کے بغیر مسجد تک چلا جاتا ہے وہ اس جوان ارب پتی سے زیادہ خوش نصیب ہے جو بستر پر لیٹا ہے اور اس کے پاس سب کچھ ہے مگر صحت نہیں۔ اسلام نے اسی لیے صحت کو تندرستی کو ہزار نعمت کہا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو نعمتیں ایسی ہیں جن میں اکثر لوگ دھوکے میں ہیں صحت اور فراغت۔ دوسری چیز دل کا اطمینان ہے۔ پیسہ کتنا بھی ہو اگر دل میں حسد غصہ اور پچھتاوا ہے تو نیند نہیں آتی۔ ہم جوانی میں دوسروں سے موازنہ کرتے رہتے ہیں فلاں کا گھر مجھ سے بڑا کیوں ہے فلاں کی تنخواہ زیادہ کیوں ہے۔ اسی حسد میں ہم اپنا سکون جلا دیتے ہیں۔ بڑھاپے میں آ کر سمجھ آتا ہے کہ سکون بینک بیلنس میں نہیں دل کی صفائی میں ہے۔ خوشی اس میں ہے کہ آپ کا دل صاف ہو آپ نے کسی کا حق نہ مارا ہو کسی کا دل نہ دکھایا ہو اور رات کو سر رکھتے ہی سکون کی نیند آ جائے۔ قرآن کہتا ہے خبردار دلوں کا اطمینان صرف اللہ کے ذکر میں ہے۔ جس دل میں اللہ کی یاد ہے وہ محل میں بھی خوش ہے اور جس میں نہیں وہ محل میں بھی بے چین ہے۔ تیسری چیز ایک مخلص رشتہ ہے۔ جوانی میں ہم ہجوم کے پیچھے بھاگتے ہیں ہمارے فیس بک پر پانچ ہزار دوست ہوں ہر محفل میں ہمارا ذکر ہو۔ مگر بڑھاپے میں انسان کو ہجوم نہیں چاہیے ہوتا اسے صرف ایک یا دو ایسے لوگ چاہیے ہوتے ہیں جو اسے واقعی سنتے ہوں۔ بیوی بیٹا بیٹی یا کوئی پرانا دوست۔ بڑھاپے میں انسان کو بڑی محفلیں نہیں ایک مخلص کندھا چاہیے ہوتا ہے جس پر سر رکھ کر وہ کہہ سکے کہ میں تھک گیا ہوں۔ تحقیق کہتی ہے کہ جو بوڑھے لوگ تنہا ہوتے ہیں وہ جلد بیمار ہوتے ہیں اور جو ایک مخلص رشتے میں جڑے ہوتے ہیں وہ زیادہ جیتے ہیں۔ اسی لیے اسلام نے صلہ رحمی کو اتنی اہمیت دی ہے۔ آپ کی ساری کامیابی اس وقت بیکار ہے جب شام کو آپ کے پاس چائے پینے والا کوئی اپنا نہ ہو۔ چوتھی چیز مقصد کا احساس ہے۔ ریٹائرمنٹ کے بعد سب سے بڑا خلا کام کا نہیں مقصد کا ہوتا ہے۔ ساری عمر ہم دفتر جاتے ہیں لوگ ہمیں سر کہتے ہیں مصروف رہتے ہیں پھر اچانک سب ختم ہو جاتا ہے۔ کرسی چلی جاتی ہے عہدہ چلا جاتا ہے اور انسان سوچتا ہے کہ اب میری ضرورت کسے ہے۔ یہیں سے ڈپریشن شروع ہوتا ہے۔ خوشی اس میں ہے کہ آپ اب بھی کسی کے کام آ رہے ہیں چاہے پودوں کو پانی دے رہے ہوں نواسوں کو کہانی سنا رہے ہوں محلے کے بچوں کو قرآن پڑھا رہے ہوں یا کسی کو اچھا مشورہ دے رہے ہوں۔ جس انسان کا مقصد ہے وہ کبھی بوڑھا نہیں ہوتا۔ ایک مالی جو روز پودے لگاتا ہے وہ نوے سال میں بھی جوان ہے کیونکہ اسے کل کے پھول کا انتظار ہے۔ پانچویں اور آخری چیز اللہ سے قربت اور شکر گزاری ہے۔ آخر میں انسان کو سمجھ آتا ہے کہ جو ملا وہ بھی بہت تھا جو نہیں ملا اس میں بھی حکمت تھی۔ جوانی میں ہم شکوہ کرتے ہیں یہ نہیں ملا وہ نہیں ملا۔ بڑھاپے میں جب ہم پیچھے دیکھتے ہیں تو پتہ چلتا ہے کہ بہت سی چیزیں جو ہمیں نہیں ملیں اگر مل جاتیں تو ہمارے لیے نقصان دہ ہوتیں۔ جب انسان شکر کرنا سیکھ لیتا ہے تو شکوہ خود بخود ختم ہو جاتا ہے اور یہی شکر گزاری بڑھاپے کی سب سے بڑی خوشی بن جاتی ہے۔ جو شخص ہر نماز کے بعد الحمدللہ کہتا ہے اس کے چہرے پر جو نور ہوتا ہے وہ کسی کروڑ پتی کے چہرے پر نہیں ہوتا۔ آخر میں زندگی کا خلاصہ یہی ہے کہ خوشی کہیں باہر نہیں ہمارے اندر ہمارے پاس موجود چیزوں میں ہی ہے۔ ہم نے ساری زندگی اسے دور تلاش کیا حالانکہ وہ ہمیشہ سے ہمارے قریب تھی۔ صحت دل کا سکون ایک مخلص رشتہ ایک مقصد اور اللہ کا شکر یہی پانچ چیزیں اگر جوانی میں سمجھ آ جائیں تو انسان بڑھاپے سے پہلے ہی خوش ہو جاتا ہے۔

ٹریفک معیشت اور مہنگائی

اظہر سلیم مجوکہ

کہنے کو تو ہمارے بہت سے قومی مسائل ہیں مگر معاملات ٹریفک معیشت کی زبوں حالی اور آسمان سے باتیں کرتی مہنگائی ہے۔ اپنے طور حکومت اور ادارے ان مسائل کے حل کے لئے کوشش تو بہت کرتے ہیں مگر نتیجہ وہی ڈھاک کے تین پات ہی ٹھہرتا ہے ہمارے ہاں ابھی تک عوام الناس میں ٹریفک کا شعور ہی پیدا نہیں کیا جاسکا۔ ترقی یافتہ ممالک میں ہارن دینا گالی سمجھا جاتا ہے اور ہم اسے فیشن اور اسٹیٹس سمبل سمجھتے ہیں۔ ہمارے ملک میں نابینا اور ہاتھوں سے محروم افراد کو بھی ڈرائیونگ لائسنس جاری کرنے کی مثالیں ہیں۔ ترقی یافتہ ممالک میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر ای چالان گھر پہنچ جاتے ہیں۔ اس لئے وہاں ٹریفک حادثات کی شرح بھی کم ہے جبکہ ہمارے ہاں آئے روز ٹریفک حادثات کی وجہ سے کئی لوگ جان سے جاتے ہیں یا پوری زندگی کے لئے اپاہج ہو جاتے ہیں۔ ہمارے ہاں ٹریفک وارڈن کی فوج ظفر موج چالان کا ٹارگٹ پوری کرتی نظر آتی ہے اور سڑکوں پر بے ہنگم ٹریفک جاری و ساری رہتی ہے۔ ٹریفک کوارڈی نیشن کمیٹیوں کو مزید فعال کر کے ٹریفک کے بہت سے معاملات کو حل کیا جاسکتا ہے اور عوام میں ٹریفک کا شعور پیدا کرنے کے لئے تربیتی ورکشاپ اور تعلیمی اداروں میں سیمینارز کا اہتمام کیا جاسکتا ہے۔ ملکی معیشت کسی بھی ملک اور حکومت کے لئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے مگر بدقسمتی سے ہماری ملکی معیشت بگڑی ہی دکھائی دی ہے۔ ہر حکومت خزانہ خالی ہونے کا ڈھنڈورا پیٹتی ہے مگر اپنی مراعات اور فضول خرچیوں سے باز نہیں آتی۔ موجودہ وزیر خزانہ ایک قومی بنک کے صدر بھی رہ چکے ہیں۔ اس تجربے سے فائدہ اٹھاتے ہوئے انہیں زیادہ سے زیادہ افراد کو ٹیکس نیٹ ورک میں لانا چاہیے۔ ترقی یافتہ ممالک میں لوگ اور ادارے ٹیکس چھپاتے اور بچاتے نہیں بلکہ ملکی خزانے میں جمع کراتے ہیں اور اس کے عوض حکومت انہیں سہولتیں اور مراعات دیتی ہے۔ حکومت ابھی تک بیشتر صنعتی اداروں اور تاجر طبقے کو ٹیکس نیٹ ورک میں لانے میں کامیاب نہیں ہو سکی اس لئے بجٹ کے مثبت اثرات سامنے نہیں آتے اور ہمیشہ خسارے کا بجٹ پیش کیا جاتا ہے۔ ہر حکومت آئی ایم ایف اور بیرونی قرضوں پر انحصار کرتی ہے گویا؛ مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی والی صورت حال سامنے آتی ہے۔ کشکول توڑنے کے دعووں کے باوجود ہم قرض لیتے ہیں اور یہی گنگناتے ہیں کہ قرض کی پیتے تھے مے اور سمجھتے تھے کہ ہاں رنگ لائے گی ہماری فاقہ مستی ایک دن سو ہمیں اب اس قرضے کی لت سے بھی جان چھڑانی ہوگی اور خود انحصاری کی پالیسی اپنانا ہوگی. مہنگائی روز بروز آسمان سے باتیں کرتی ہے اور مہنگائی کا جن کسی کے قابو میں نہیں آ تا. اب آئے روز پٹرول کی قیمتیں بڑھنے سے مہنگائی مزید بے قابو ہوگئی ہے. حکومت کی طرف سے عام آدمی کو فائدہ پہنچانے کے اقدامات تو کئے جا رہے ہیں مگر معاملہ ایک انار سو بیمار والا ہی ہے. حکومت کو چاہیے کہ وہ پرائس کنٹرول کمیٹیوں کو فعال کرے. کنزیومر کورٹ کو بااختیار کیا جائے تاکہ ملک سے مصنوعی مہنگائی کا بھی خاتمہ ہو. حکومت مراعات یافتہ طبقے کو مفت بجلی اور پٹرول کی سہولت پر بھی نظر ثانی کرے اور عام آدمی کے لئے بجلی اور پٹرول کی کمی کے اقدامات کرے۔ مہنگائی الاونس یا مہنگائی کے تناسب سے تنخواہوں میں بھی معقول اضافہ کرے۔ مہنگائی کے ساتھ بے روزگاری کا عفریت بھی ملک کے لئے بہت سے مسائل پیدا کر رہا ہے جس کی وجہ سے ملک میں جرائم بھی بڑھتے جا رہے ہیں۔ بہت سے شعبوں کے ماہر اور ذہین طالب علموں کے بیرون ملک جانے کی بھی اطلاعات ہیں۔ تعلیمی پالیسی کو تبدیل کرتے ہوئے ملک میں فنی تعلیم جدید ٹیکنالوجی آئی ٹی اور اے آئی کی تعلیم کو زیادہ اہمیت دی جائے۔ فارغ التحصیل طالب علموں کو ہر ادارے میں ملازمت کا موقع دیا جائے۔ تعلیم کے دوران تین یا چار دن طالب علموں کو مختلف اداروں شاپنگ مالز اور کافی شاپس پر ملازمت کے مواقع فراہم کئے جائیں تاکہ وہ اپنے والدین پر بوجھ نہ بنیں۔ مہنگائی اور بے روزگاری کے خاتمے کے لئے متعلقہ وزارتوں کو ازسرنو منظم کیا جائے اور ان کی کارکردگی کی نگرانی کی جائے مسائل کا بہتر حل اسی وقت نکل سکتا ہے جب اصول و ضوابط اور قوانین پر عملدرآمد ہو اور ایک بہتر اور مربوط حکمت عملی کا نظام وضع کیا جائے۔ ملک میں نوجوانوں کے بہتر مستقبل کے لئے اگرچہ وزارت اور ادارے موجود ہیں مگر ابھی انہیں مزید بہتر کرنے کی ضرورت ہے۔ نوجوانوں کو کاروبار کے لئے قرضوں کے حصول کیساتھ انہیں بیرون ملک جانے کے لئے مشاورت کی بہترین خدمات بھی فراہم کی جائیں قرضوں کا حصول بھی آسان بنایا جائے۔ دوران تعلیم یونیورسٹی کے طالب علموں کو تربیتی عرصے میں اداروں سے وظائف دلوائے جائیں۔ ٹیکس ادا کرنے والوں کو خصوصی مراعات دی جائیں تاکہ ٹیکس نہ دینے والوں کو بھی اس سے ترغیب ملے۔ ٹریفک کے نظام کو بہتر کرنے کے لئے قوانین سخت کئے جائیں شاہراہوں پر ون ویلنگ اور حادثات کی روک تھام کرنے کے ساتھ ساتھ شہروں کی شکستہ اور خستہ سڑکوں کی حالت زار بہتر کی جائے۔ ترقی یافتہ ممالک کی طرح کمیونٹی اور یونین کونسل کے ذریعے ریونیو کے حصول اور سہولیات کی فراہمی کا نظام متعارف کرا کر اور بنیادی سہولیات فراہم کرکے بہت سے قومی مسائل کو حل کیا جاسکتا ہے۔

کھیل اور کھلاڑی

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA
روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

وزیر کھیل فیصل ایوب کھوکھر کی زیر صدارت اہم اجلاس

سی ایم پنجاب یوتھ گیمز کی رجسٹریشن 20 لاکھ تک پہنچ گئی، آئندہ 15 روز میں رجسٹریشن بڑھانے پر توجہ دی جائے

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر کی زیر صدارت سی ایم پنجاب یوتھ گیمز 2026 کی تیاریوں کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ منگل کے روز ہونے والے اجلاس میں وزیر کھیل پنجاب نے ویڈیو لنک کے ذریعے صدارت کی، اجلاس میں وائس چیئرمین سپورٹس بورڈ پنجاب سلمان ملک، ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب محمد طارق قریشی، ڈائریکٹر ایڈمن عابد شوکت، ڈپٹی ڈائریکٹر ظہور احمد سمیت محکمہ داخلہ، محکمہ خزانہ اور سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، ہائر ایجوکیشن، سپیشل ایجوکیشن، لیبر، لٹریسی، نان فارمل، لوکل گورنمنٹ و دیگر ادارے اور پنجاب کے تمام ڈویژن، ڈسٹرکٹ، تحصیل کے سپورٹس اور ایجوکیشن افسران نے آن لائن شرکت کی، اجلاس میں صوبے بھر میں سی ایم پنجاب یوتھ گیمز 2026 کی تیاریوں، رجسٹریشن کی موجودہ صورتحال اور مختلف محکموں کے تعاون کا جائزہ لیا گیا۔ صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سی ایم پنجاب یوتھ گیمز کیلئے رجسٹریشن کی تعداد 20 لاکھ تک پہنچ گئی ہے، پرائیویٹ کالجز اور یونیورسٹیز کو اپنی رجسٹریشن اور طلبہ کے ڈیٹا میں اضافہ کرنا ہوگا جبکہ مدارس کے طلبہ کی رجسٹریشن بڑھانے پر بھی خصوصی توجہ دی جائے، تمام محکمے باہمی تعاون سے اس تاریخی ایونٹ میں زیادہ سے زیادہ نوجوانوں کی شرکت یقینی بنائیں۔ صوبائی وزیر کھیل نے افسران کو ہدایت کی کہ آئندہ 15 روز کے دوران رجسٹریشن کی تعداد میں اضافے کیلئے بھرپور اقدامات کیے جائیں۔ ملک فیصل ایوب کھوکھر نے پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ یوتھ گیمز کی کامیابی کیلئے تمام اداروں کا کردار اہم ہے، خانیوال کے ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر (ڈی ایس او) اور چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) کی کارکردگی کو بھی سراہا۔ صوبائی وزیر کھیل نے واضح کیا کہ 5 نومبر 2026 کے بعد تمام تحصیل آفیسرز (ٹی اوز)، ڈسٹرکٹ آفیسرز (ڈی اوز) اور ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسرز (ڈی ایس اوز) کی کارکردگی کی بنیاد پر رینکنگ کی جائے گی، سپورٹس ڈیپارٹمنٹ میں بہترین کارکردگی دکھانے والے افسران کو آگے بڑھنے کے مواقع ملیں گے

ورلڈ کپ 2027، آئی سی سی زمبابوے میں تعمیر ہونے والے نئے اسٹیڈیم سے مطمئن

ہرارے (این این آئی) آئی سی سی ورلڈ کپ 2027 کے لئے زمبابوے کا نیا تعمیر ہونے والا وکٹوریا فالز اسٹیڈیم تکمیل کے آخری مراحل میں پہنچ گیا ہے، جس پر آئی سی سی انسپکشن ٹیم نے کام پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ آئی سی سی ورلڈ کپ 2027 کی ٹورنامنٹ ڈائریکٹر سارہ ایڈگر نے ٹیم کے ہمراہ زمبابوے کے تینوں وینیوز کی انسپکشن کی۔ زمبابوے ورلڈ کپ 2027 کی میزبانی کے لئے نیا وکٹوریا فالز اسٹیڈیم تعمیر کر رہا ہے جس نے ورلڈ کپ کے 4 میچز کی میزبانی کرنی ہے۔ اس نئے تعمیر ہونے والے اسٹیڈیم میں فنشنگ کا کام جاری ہے اور جلد ہی یہاں ٹرائل میچ کروایا جائے گا۔ ہرارے اور بلاوایو میں موجودہ گراؤنڈز اور اسٹیڈیمز پر ٹورنامنٹ کی ضروریات کے مطابق کام جاری ہے۔ مینجنگ ڈائریکٹر زمبابوے کرکٹ گیوسور ماکونی کا کہنا تھا کہ مین بلڈنگ کا کام مکمل ہوگیا ہے اب فنشنگ کے کام پر توجہ ہے، اسٹیڈیم کی مکمل تعمیر 2027 کے وسط تک ہوجائے گی اور اس کے بعد ایک انٹرنیشنل سیریز کھیلی جائے گی۔

کمشنر خضدار ڈویژن قادر بخش پرکانی ڈویژنل پبلک اسکول میں اسپورٹس فیسٹیول کا افتتاح کر رہے ہیں

کمشنر خضدار ڈویژن قادر بخش پرکانی اسپورٹس فیسٹیول میں فٹبال کی ونر ٹیم کے کپتان کو ٹرافی دے رہے ہیں

پاکستان نے انگلینڈ کو 87 رنز سے شکست دے دی

راولپنڈی میں کھیلے گئے میچ میں انگلینڈ نے پاکستان کے خلاف ٹاس جیت کر پہلے بولنگ کرنے کا فیصلہ کیا، پاکستان نے پہلے کھیلتے ہوئے مقررہ 50 اوورز میں 9 وکٹ پر 302 رنز بنائے

راولپنڈی (بلوچستان نیوز) سہ ملکی سیریز کے دوسرے ون ڈے انٹرنیشنل میچ میں عرفات منہاس کی آل راؤنڈ کارکردگی کی بدولت پاکستان نے انگلینڈ کو 87 رنز سے شکست دے دی۔ راولپنڈی میں کھیلے گئے میچ میں انگلینڈ نے پاکستان کے خلاف ٹاس جیت کر پہلے بولنگ کرنے کا فیصلہ کیا۔ پاکستان نے پہلے کھیلتے ہوئے مقررہ 50 اوورز میں 9 وکٹ پر 302 رنز بنائے جس کے جواب میں انگلش ٹیم 39 ویں اوور میں 215 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ پاکستان کی جانب سے عرفات منہاس نے آل راؤنڈ کارکردگی کا مظاہرہ کیا، انہوں نے مشکل وقت میں 59 رنز کی اننگ کھیلی اور پھر 40 رنز کے عوض 6 وکٹیں حاصل کیں۔ اس سے قبل کھیل کے آغاز میں ہی پاکستان کے ابتدائی بیٹرز ناکام ہوگئے تھے، کھیل کی پہلی ہی گیند پر فخر زمان گس اٹکنسن کی گیند پر روٹ کو کیچ تھما بیٹھے جب کہ صائم ایوب 8 رنز بنا کر 31 کے مجموعی اسکور پر سونی بیکر کا نشانہ بنے۔ پاکستان ٹیم کو تیسرا نقصان بابر اعظم کی صورت میں اٹھانا پڑا جب ٹیم کا مجموعی اسکور 59 تھا ایسے میں بابر اعظم 34 رنز بنا کر ول جیک کی گیند پر بولڈ ہوگئے۔ اس موقع پر حسن نواز اور عرفات منہاس نے ذمہ دارانہ بیٹنگ کا مظاہرہ کیا۔ حسن نواز نے 74 گیندوں پر 79 رنز کی اننگز کھیلی جب کہ عرفات منہاس نے 58 گیندوں پر 59 رنز بنائے۔ ان کے علاوہ فہیم اشرف نے 39، سعد بیگ نے 35 اور سلمان آغا نے 16 رنز بنائے۔ انگلینڈ کی جانب سے سونی بیکر نے 3 اور گس اٹکنسن نے 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ 303 رنز کے ہدف کے تعاقب میں انگلش ٹیم 39 ویں اوور میں 215 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ انگلینڈ کی جانب سے ٹام بینٹن نے 57، بین ڈکٹ نے 45 اور جو روٹ نے 33 رنز بنائے۔ پاکستانی اسپنر عرفات منہاس نے تباہ کن بولنگ کرتے ہوئے 40 رنز کے عوض 6 وکٹیں حاصل کیں۔ قومی ٹیم میں آج فخر زمان، صائم ایوب، بابر اعظم، سعد بیگ، حسن نواز، سلمان علی آغا، عرفات منہاس، فہیم اشرف، شاہین آفریدی، نسیم شاہ اور حارث رؤف شامل تھے۔ یاد رہے کہ سیریز کے پہلے میچ میں پاکستان نے سری لنکا کو 37 رنز سے شکست دے کر فاتحانہ آغاز کیا تھا۔

راولپنڈی، میچ کے دوران بابر اعظم کے کلین بولڈ ہونے کا منظر

بلی جین کنگ کپ ویمنز ٹینس چیمپئن شپ کا آغاز آج سے ہوگا

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان ٹینس فیڈریشن کے زیر اہتمام بلی جین کنگ کپ ایشیا اوشیانا گروپ تھری ویمنز ٹینس چیمپئن شپ کا باقاعدہ آغاز آج (بدھ) سے پی ٹی ایف ٹینس کمپلیکس اسلام آباد میں ہوگا۔ پاکستان ٹینس فیڈریشن کے صدر اعصام الحق قریشی کے مطابق 24 اکتوبر تک جاری رہنے والے ایونٹ میں آٹھ ممالک بحرین، بھوٹان، ایران، اردن، کویت، مالدیپ، پاکستان اور قطر کی ٹیمیں ایکشن میں نظر آئے گی۔ پاکستان ٹینس تاریخ میں پہلی بار اس بین الاقوامی ویمنز ٹیم چیمپئن شپ کی میزبانی کر رہا ہے۔

پاکستان، بنگلہ دیش فٹبال روابط مضبوط بنانے کیلئے پرعزم

دونوں ممالک کے نوجوان کھلاڑیوں کو آگے بڑھنے کے بہتر مواقع فراہم کرنا مشترکہ ترجیح ہے، محسن گیلانی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان فٹبال فیڈریشن (پی ایف ایف) کے صدر سید محسن گیلانی نے پاکستان میں تعینات بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر ایم ڈی اقبال حسین خان سے ملاقات کی جس میں دونوں ممالک کے درمیان فٹبال روابط مضبوط بنانے اور مستقبل میں باہمی تعاون کے مختلف امور پر بات چیت کی گئی۔ [illegible] تجربات کے تبادلے اور دوستانہ میچز کے انعقاد کے نئے مواقع پیدا کیے جا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے نوجوان کھلاڑیوں کو آگے بڑھنے کے بہتر مواقع فراہم کرنا مشترکہ ترجیح ہونی چاہیے۔ بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر ایم ڈی اقبال حسین خان نے بھی دونوں ممالک کے درمیان دوستی اور باہمی افہام و تفہیم [illegible]

آرسی اے انڈر 17 ٹورنامنٹ، زون چھ بلوز فائنل میں پہنچ گئی

کراچی (این این آئی) [illegible]

زیاد اکرم خان درانی میموریل فٹ بال ٹورنامنٹ کا فائنل (آج) کھیلا جائے گا

بنوں (این این آئی) [illegible]

راولپنڈی، انٹرنیشنل میچ کے دوران وکٹ گرنے پر انگلش کھلاڑی خوشی کا اظہار کر رہے ہیں

اسپورٹس فیسٹیول ویک کا باقاعدہ افتتاح

خضدار (خ ن) کمشنر خضدار ڈویژن قادر بخش پرکانی نے ڈویژنل پبلک سکول خضدار میں اسپورٹس فیسٹیول ویک کا باقاعدہ فیتہ کاٹ کر افتتاح کر دیا ان کے ہمراہ ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر خضدار رحمت بلوچ بھی تھے اسپورٹس فیسٹیول میں بچے اور بچیوں نے رسہ کشی رنگ برنگے ٹیبلوز اسٹیج شوز اور اور مختلف پروگرام پیش کیے اور اسپورٹس فیسٹیول میں مختلف سٹالز کھانے پینے کتابوں اور مختلف اشیاء کے لگائے ہوئے تھے اسپورٹس فیسٹیول میں شریک بچے بچیوں اور معززین شہر دیگر محکموں کے افسران سے کمشنر خضدار ڈویژن قادر بخش پرکانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسکول کے بچے اور بچیوں نے اسکول کے اسپورٹس فیسٹیول میں بہت خوبصورت پروگرام پیش کیے میں ان کو تہ دل سے مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ وہ اس پروگرام میں بڑھ چڑھ کر حصے لیے اور بچیوں نے عملی طور پر دکھایا کہ بلوچستان خاص کر کوئٹہ کے تمام اسکولوں کی نسبت ڈویژنل پبلک اسکول کے بچے اور بچیوں میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے اور انشاء اللہ ہم اس اسکول کے بچے اور بچیوں پر خصوصی توجہ دیں گے اور پورے بلوچستان میں ڈی پی سی کا نام روشن کریں گے انہوں نے کہا کہ یہ خضدار کے اسکول کو اس مقام تک لے جائیں گے کہ یہ ہمارا ایکیم ہوگا اور ہمارا ایٹی اسکول ہوگا اور ہم ان کے برابر لائیں گے اس اسکول کو آج آپ سب نے اس مختصر وقت میں دیکھ لیا کہ اسکول کے بچے بچیوں نے کتنے خوبصورت پروگرام پیش کیے اور بہت ہی اچھے طریقے سے پارٹیسپیٹ کیا وہ سب آپ کے سب کے سامنے ہیں اور ہم اس اسکول کو بہت آگے لے جائیں گے کیونکہ یہ ہمارا خضدار اور بلوچستان کا مستقبل ہے انہوں نے کہا کہ سرسبز بلوچستان کی سرزمین میں بچے اور بچیوں میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں انہوں نے آخر میں سپورٹس فیسٹیول کے فٹبال کے ونر ٹیم کے کپتان کو ٹرافی بھی دیا اور شاندار اسپورٹس فیسٹیول کے انعقاد پر فیسٹول کمیٹی کو پانچ لاکھ روپے دینے کا اعلان کیا اور اس موقع پر پرنسپل ڈویژنل پبلک اسکول خضدار نائلہ رئیسانی ایکسین بی اینڈ آر سلیم رزاق عمرانی ال پارٹی شہری ایکشن کمیٹی کے چیئرمین عبدالحمید ایڈوکیٹ محمد عالم زہری ایکسین این ایچ اے فوزیہ بلوچ وومن ڈیولپمنٹ خضدار کی ڈپٹی ڈائریکٹر روبینہ کریم اور دیگر معززین شہر بھی موجود تھے

ڈی جی سپورٹس پنجاب سے پنجاب ڈاج بال ایسوسی ایشن کے وفد کی ملاقات

لاہور (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب محمد طارق قریشی سے پنجاب ڈاج بال ایسوسی ایشن کے وفد نے ملاقات کی، منگل کے روز نیشنل ہاکی سٹیڈیم میں ہونیوالی ملاقات کے موقع پر پنجاب میں ڈاج بال کے فروغ، کھیل کو متعارف کروانے اور نئے ٹیلنٹ کو سامنے لانے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں صدر پنجاب ڈاج بال ایسوسی ایشن میاں رضوان، سیکرٹری رانا آذر نور اور دیگر بھی موجود تھے۔

ناہیدہ اختر بنگلا دیش ویمنز ٹی 20 ٹیم کی نئی کپتان مقرر

ڈھاکہ (آئی این پی) بنگلا دیش نے لیفٹ آرم اسپنر ناہیدہ اختر کو ویمنز ٹی 20 انٹرنیشنل ٹیم کی نئی کپتان مقرر کردیا۔ وہ نگار سلطانہ کی جگہ ذمہ داریاں سنبھالیں گی، جنہوں نے قیادت سے دستبردار ہونے کا فیصلہ کیا، ناہیدہ ایک سال تک ٹیم کی کپتانی کریں گی۔ نگار سلطانہ نے 82 ٹی 20 انٹرنیشنل میچز میں بنگلا دیش کی قیادت کی اور ان کی کپتانی میں ٹیم نے 32 فتوحات حاصل کیں۔ تاہم ایشیا کپ اور ایشین گیمز میں مایوس کن نتائج کے بعد انہوں نے عہدہ چھوڑ دیا۔ مڈل آرڈر بیٹر شوبھنا کو نائب کپتان مقرر کیا گیا ہے۔ وہ حال ہی میں آسٹریلیا کے خلاف ون ڈے میں تاریخی سنچری بنا کر نمایاں ہوئی تھیں۔ 25 سالہ ناہیدہ اختر نے ستمبر 2015 میں بین الاقوامی کرکٹ میں قدم رکھا تھا۔

بگ باس 20: روہت شیٹی سلمان خان کی جگہ میزبانی کریں گے

ممبئی (آئی این پی) بھارتی ریئلٹی شو بگ باس 20 کے آئندہ ہفتے نشر ہونے والے پروگرام ویک اینڈ کا وار میں سلمان خان کی جگہ فلم ساز روہت شیٹی میزبانی کریں گے۔ سلمان خان نے 18 اکتوبر کو نشر ہونے والی قسط میں شرکا کو اس تبدیلی سے آگاہ کیا تھا۔ رپورٹس کے مطابق سلمان خان پہلے سے طے شدہ پیشہ ورانہ مصروفیات کے باعث آئندہ ہفتے شو کی میزبانی نہیں کرسکیں گے۔ روہت شیٹی اس سے قبل بھی ریئلٹی شوز کی میزبانی کر چکے ہیں۔ وہ سنگھم، سمبا اور چنئی ایکسپریس جیسی فلموں کی ہدایت کاری کے علاوہ خطروں کے کھلاڑی کے کئی سیزنز کی میزبانی بھی کر چکے ہیں۔ خطروں کے کھلاڑی 15 کے اختتام کے بعد یہ ان کی میزبانی کا اگلا منصوبہ ہوگا۔

جان بوجھ کر ایسے گانے تخلیق کرتی ہوں جن کا مذاق بنایا جائے، نیہا ککڑ

ممبئی (آئی این پی) بھارتی گلوکارہ نیہا ککڑ نے انکشاف کیا ہے کہ میں جان بوجھ کر ایسے گانے تخلیق کرتی ہوں جو تنقید اور سوشل میڈیا پر مذاق کا نشانہ بنتے ہیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق گزشتہ برس اپنے گانے کینڈی شاپ کی ریلیز کے بعد شدید تنقید کا سامنا کرنے والی گلوکارہ نے اب ایسے گانے بنانے کی وجہ بھی بتا دی ہے۔ 38 سالہ نیہا ککڑ کو اپنے گانوں کی وجہ سے اکثر سوشل میڈیا پر تنقید اور ٹرولنگ کا سامنا کرنا پڑتا ہے، انہوں نے اداکارہ کرینہ کپور خان کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ لوگ میرے گانوں پر بھرپور انداز میں رقص کرتے ہیں۔ گلوکارہ نے خصوصی گفتگو کے دوران کہا کہ اب تک ہمیں معلوم ہو چکا ہے کہ بارہ لڑکے ساتھ گھومے جیسے گانے بنانے پر لوگ ہمیں ٹرول کریں گے لیکن سچ یہ ہے کہ ہم جان بوجھ کر ایسے گانے بناتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم یہ گانے اس لیے بناتے ہیں کیونکہ لوگ ان پر دیوانہ وار رقص کرتے ہیں۔ گلوکارہ نے کہا کہ یہی وہ گانے ہیں جنہیں ہمیں تنقید کا نشانہ بنانے والے لوگ اپنی پارٹیوں میں چلاتے ہیں اور دوسری طرف ان ویڈیوز سے ویوز بھی حاصل کرتے ہیں

پاکستان ٹینس فیڈریشن کے زیر اہتمام اسلام آباد میں میڈیا بریفنگ کا انعقاد

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان ٹینس فیڈریشن کے زیر اہتمام مقامی ہوٹل اسلام آباد میں میڈیا بریفنگ کا انعقاد کیا گیا جس میں پی ٹی ایف کے صدر اعصام الحق قریشی نے 'بلی جین کنگ کپ بائے گین برج) ایشیا/اوشیانا گروپ 'III' میں شرکت کے لیے آنے والی 8 بین الاقوامی قومی ٹیموں کا پرتپاک استقبال کیا۔ پی ٹی ایف کے صدر اعصام الحق قریشی نے کہا کہ یہ عالمی ٹورنامنٹ بین الاقوامی ٹینس کے میدان میں پاکستان کے بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ اور کھیل کے شعبے میں خواتین کی بااختیاری اور شمولیت کو فروغ دینے کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ پی ٹی ایف گراس روٹ لیول پر ٹینس کو فروغ دینے کیلئے وسیع پیمانے پر کام کر رہی ہے اور ہمارے کئی تعلیمی اداروں کیساتھ معاہدے ہو چکے ہیں جبکہ جونیئر کھلاڑیوں کی رجسٹریشن تقریباً ایک لاکھ کے قریب پہنچ چکی ہے، جس کے مستقبل میں بہت شاندار نتائج سامنے آئیں گے۔ میڈیا بریفنگ میں پی ٹی ایف کے عہدیداران، بین الاقوامی ٹیموں کے نمائندگان اور ٹورنامنٹ آفیشلز نے شرکت کی۔ پی ٹی ایف صدر نے پاکستان پر اعتماد اظہار کرنے پر انٹرنیشنل ٹینس فیڈریشن) آئی ٹی ایف (اور بلی جین کنگ کپ کے منتظمین کا شکریہ ادا کیا اور بہترین میزبان کے طور پر مقامی ہوٹل کے تعاون کو سراہا۔ اس عالمی ایونٹ کو ایک منفرد اور انسانی ہمدردی کا پہلو دیتے ہوئے "ریلی فار ہر" (R4H) مہم کا آغاز بھی کیا گیا ہے جو ٹینس، خواتین، کینسر سے آگاہی اور کمیونٹی کی فلاح و بہبود کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کرتی ہے؛ اس مہم کے تحت جمع ہونے والے فنڈز کا 60 فیصد حصہ کینسر کے علاج اور 40 فیصد خواتین کی ٹینس کی ترقی کے لیے مختص کیا جائے گا، جس میں شوکت خانم میموریل کینسر ہسپتال، انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک اور پنک ربن پاکستان بطور کاز پارٹنرز شامل ہیں۔ اس آگاہی و فلاحی مہم کا 23 اکتوبر کو اسلام آباد میں ایک خصوصی "فنڈ ریزنگ گالا" ہوگا جس میں راجر فیڈرر، رافیل نڈال اور بابر اعظم جیسے عالمی اسپورٹس لیجنڈز سے منسوب یادگاری اشیا کی نیلامی کی جائے گی، جبکہ اس تقریب میں معروف گلوکار زوہیب حسن اپنی آنجہانی بہن نازیہ حسن کی یادگار خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے خصوصی شرکت کریں گے۔

عائزہ خان بولڈ انداز کے باعث ٹرولنگ کی زد میں

کراچی (آئی این پی) معروف اداکارہ عائزہ خان اپنے حالیہ لباس کے باعث سوشل میڈیا صارفین کی تنقید کا نشانہ بن گئیں۔ حال ہی میں عائزہ خان نے شرمین عبید چنائے کے پروڈکشن ہاس پتاخہ پکچرز کی پانچویں سالگرہ کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں اداکارہ سفید رنگ کے مغربی طرز کے لباس میں نظر آئیں، جس کی تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر سامنے آنے کے بعد صارفین نے ان کے انداز پر مختلف تبصرے کیے۔ بعض صارفین نے عائزہ خان کے لباس کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ اداکارہ ماضی میں نسبتاً سادہ اور باوقار لباس پہننے کو ترجیح دیتی تھیں جبکہ ایک صارف نے دعویٰ کیا کہ عائزہ پہلے بغیر آستین والے لباس نہ پہننے کی بات کرتی تھیں، تاہم اب ان کا انداز تبدیل ہوگیا ہے۔

پاکستانی شوبز انڈسٹری میں بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے، آیت خان

سستی شہرت کی بجائے محنت سے پہچان بنانے پر یقین رکھتی ہوں

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان کی ابھرتی ہوئی ناموراداکارہ، ماڈل اور ٹی وی میزبان آیت خان نے کہا ہے کہ وہ ذرائع ابلاغ کی دنیا میں سستی شہرت پانے کی بجائے ہمیشہ اپنے مثبت کردار، محنت اور باوقار کام کے ذریعے منفرد پہچان بنانے پر یقین رکھتی ہیں وفاقی دارالحکومت میں ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے فن کار حلقوں اور مداحوں کی جانب سے مسلسل ملنے والی پذیرائی پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ مختلف ٹی وی چینلز اور نشریاتی اداروں پر بطور اینکر اور صبح کے پروگراموں کی میزبانی کے فرائض انجام دینے والی آیت خان کا شمار ان باصلاحیت خواتین میں ہوتا ہے جو چمک دمک کی دنیا میں بھی اخلاقی اقدار اور مثبت رویوں کو اولیت دیتی ہیں، فن کار برادری کے موجودہ ماحول اور کام کے طریقوں پر کھل کر بات کرتے ہوئے انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ "پاکستانی شوبز انڈسٹری میں بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے، لیکن یہاں کام کرنے والے بالخصوص نئے آنے والے فن کاروں کو ایک ایسا سازگار، محفوظ اور عزت دار ماحول ملنا چاہیے جہاں ان کی صلاحیتوں کی حقیقی قدر کی جائے، آیت خان نے کہا ہمیں مل کر ایک ایسا مضبوط اور مربوط نظام بنانا ہوگا جہاں پروڈیوسرز اور چینلز فن کاروں کی محنت کا بروقت صلہ دیں تاکہ کوئی بھی باصلاحیت فرد مایوسی کا شکار نہ ہو۔" آیت خان کا مزید کہنا تھا کہ وہ اس دنیا میں صرف روایتی چمک دمک کا حصہ بننے نہیں آئیں، بلکہ ان کا مقصد اپنے ہر پروجیکٹ اور پروگرام کے ذریعے معاشرے میں ایک تعمیری اور مثبت پیغام پھیلانا ہے ان کا کہنا تھا کہ وہ مستقبل میں بھی صرف ایسے پراجیکٹس کا انتخاب کریں گی جو نہ صرف تفریح کا ذریعہ ہوں بلکہ ناظرین کے لیے فکری طور پر بھی سودمند ثابت ہوں۔

ایکواڈور کے دھڑ جڑے بھائی سوشل میڈیا انفلوئنسرز 27 سال کی عمر میں انتقال کر گئے

کیوٹو (آئی این پی) ایکواڈور سے تعلق رکھنے والے دھڑ جڑے بھائی ہوزے لوئس سیوالوس اور ہوزے آرمانڈو سیوالوس 27 سال کی عمر میں انتقال کر گئے۔ دونوں بھائی سوشل میڈیا پر اپنی زندگی کے حالات شیئر کرنے کے باعث شہرت رکھتے تھے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق دونوں بھائیوں کے انتقال کا اعلان ان کی سوشل میڈیا ٹیم نے 15 اکتوبر کو انسٹاگرام پر کیا۔ قریبی دوست فرینڈ و کاریلو کے مطابق ہوزے لوئس کو دل کا دورہ پڑا جس کے بعد انہیں اسپتال منتقل کیا گیا۔ ڈاکٹروں نے ان کی حالت مستحکم کرلی تھی، تاہم چند منٹ بعد ہوزے آرمانڈو کو دل کا دورہ پڑا اور دونوں بھائی انتقال کر گئے۔ فرینڈ و کاریلو نے کہا کہ ہوزے آرمانڈو اپنے بھائی ہوزے لوئس کو بھی ساتھ لے گئے، دونوں ایک ساتھ پیدا ہوئے تھے

یوٹیوبر امتنان احمد نے سوشل میڈیا چھوڑنے کا اعلان کر دیا

لاہور (آئی این پی) معروف یوٹیوبر اور ڈیجیٹل کانٹینٹ کریئٹر امتنان احمد نے صحت کے مسائل کے باعث سوشل میڈیا چھوڑنے کا اعلان کر کے اپنے مداحوں کو حیران کر دیا۔ امتنان احمد یوٹیوب پر معلوماتی اور تحقیقی ویڈیوز بنانے کے حوالے سے شہرت رکھتے ہیں جہاں وہ جنگوں، عالمی حالات، سائنس اور مختلف سماجی موضوعات پر گفتگو کرتے رہے ہیں۔ تاہم اب امتنان احمد نے اپنی صحت کی خرابی کے باعث سوشل میڈیا سے کنارہ کشی اختیار کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق یوٹیوبر کو صحت سے متعلق مشکلات کا سامنا ہے جس کی وجہ سے ان کے لیے مزید ویڈیوز بنانا اور پہلے کی طرح سوشل میڈیا پر سرگرم رہنا ممکن نہیں رہا۔ ان کے اس فیصلے کی خبر سامنے آنے کے بعد مداحوں میں تشویش پائی جا رہی ہے۔

TENDER NOTICE

The PLANNING P&D DEPARTMENT invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2627101209852 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee** 1,500 PKR

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Management and Business Professionals and Administrative Services (Total Item(s) Count: 6)	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 03 Assignments of Similar Nature and Complexity Worth PKR. 47,000,000 Million each in Previous 3 Years Accumualted Turn over of at least PKR.49,000,000 Million in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan Anchor Organisation for programme implementation and delivery, District Livelihood Development Plans Districts of Balochistan covered by the District Livelihood Development Plans, as set out in the bidding documents Twelve (12) months from the date of award Firms and not for profit organisations registered in Pakistan, international organisations with a valid agreement to operate in Pakistan, and foreign firms registering with SECP and BRA before signature, meeting the eligibility criteria in full. Public sector bodies may not apply **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 09 November, 2026till 01:00 PM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 02:00 PM on EPPS System
Address: Planning & Development Department Block No13 Civil Secretariat Zarghoon Road Quetta Phone no: 0819202276
Email: pnd.official4031@gmail.com

Section Officer PLANNING P&D DEPARTMENT

DPRQ/PRQ No.1982/20-10-2026
www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. The Executive Engineer (Roads) CW,PPH Department District Barkhan has invites the Sealed Tender as per Composite Schedule of Rates 2026 from the interested Firms / Contractors of the following works:-

S.#	Name of Works.	E/Cost
1	STREET LIGHTS AND POLES FOR UPLIFTING AND REDEVELOPMENT OF RAKHNI MODEL BAZAR AT RAKHNI **TSE-2627101210723**	177,475,896

The Procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014 amended up to date. **BASIC ELIGIBILITY:** The firm/contractor must possess valid registration with the Pakistan Engineering Council (PEC), duly renewed for the current year, in Category C-4 or above, along with the relevant specialization code applicable to the scope of work. The firm must register in Balochistan Revenue Authority. Presence in Active Tax Payer List in FBR The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work. The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call or B/G of 3% specified above detail mentioned in the bidding documents in the name of the under-signed from a scheduled bank. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan. Other Mandatory conditions and Detail Criteria mentioned in the Bidding Documents. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single stage-two envelope procedure. **ISSUANCE:** The Firms can obtain the bidding Documents from the office of the Executive Engineer (Roads) CW,PP&H Department District Barkhan upon payment (nonrefundable) bidding document fee Rs. 4000/- each above mentioned must be deposited in government treasury under head of account 02716 through Green Challan Form in National Bank of Pakistan(NBP).(The NIT & Bidding Document can also be downloaded from www.bppra.org.pk, in this regard, the interested bidders must submit Green Challan Form deposited in government treasury one day prior to the bid opening in the office of undersigned. **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 04 November, 2026 till 09:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 10:00 AM on EPPS System. Place of issuance and submission will be: - Address: Executive Engineer (Roads) CW,PP&H Department Barkhan Telephone No. 0829668503
Bid Validity Period: Ninety (90) Days.

Executive Engineer (Roads) CW PP&D Department District Barkhan

DPRQ/PRQ No.1948/20-10-2026
www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan



خصوصی رپورٹ

معیاری تعلیم اور مساوی مواقع کی فراہمی ناگزیر

وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ معیاری تعلیم اور مساوی مواقع کی فراہمی ضروری ہے، غریب خاندانوں کے بچوں کو بھی اشرافیہ کے برابر تعلیمی مواقع ملنے چاہئیں، آج وزیراعظم نہیں بلکہ حقیقی خادم کی حیثیت سے آپ کے سامنے

ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے باصلاحیت نوجوانوں کی ترقی میں بڑی رکاوٹ مالی وسائل کی ہے۔ غریب خاندانوں کے ذہین بچے اعلی تعلیمی اداروں تک رسائی کا تصور بھی نہیں کرسکتے۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ دانش اسکولز پر دستاویزی فلموں اور طلبہ کے تاثرات وکامیابیوں نے دل چھو لیے، ان کی کامیابیاں انتہائی متاثر کن ہیں، خیبرپختونخوا کی باصلاحیت بچی کی جدوجہد کامیابی اور حوصلے کی مثال ہے، اس نے امید کا دامن کبھی نہیں چھوڑا۔ خصوصی صلاحیتوں کی حامل بچی کی داستان کو غیر متزلزل عزم کی کہانی قرار دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ عظیم پاکستانی، محنتی، باوقار اور علم دوست باپ کی بیٹی ہے، غریب والد کے پاس بیٹی کی تعلیم کیلئے مالی وسائل نہیں تھے، محنت کش والدین شدید گرمی اور سردی میں حلال روزی کماتے ہیں، محدود آمدن کے باعث والدین بچوں کی تعلیم اور صحت کیا خراجات پورے نہیں کرپاتے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے مزید کہا کہ ہمارے نوجوان غیر معمولی ذہانت، جذبے اور زندگی سے بھرپور ہیں، نوجوان اپنی ذہانت اور محنت سے پاکستان کو عالمی سطح پر نمایاں مقام دلا سکتے

ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ مالی مشکلات کیباعث کوئی ذہین بچہ معیاری تعلیم سے محروم نہیں رہنا چاہیے، غریبوں کے بچے ایچی سن جیسیا داروں میں تعلیم کا تصور بھی نہیں کرسکتے، اسی وژن کے تحت 2010 میں دانش اسکولز کی بنیاد رکھی، جس کا مقصد بچوں کو معیاری تعلیم کیلئے یکساں مواقع فراہم کرنا ہے۔ وزیراعظم کا اپنے خطاب میں کہنا تھا کہ دوردراز علاقوں، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کیذ ہین بچوں کو معیاری تعلیم دینی ہے، بہاولپور کی ہونہار بچی نے عزم اور ہمت سے تعلیم حاصل کی اور آج ڈاکٹر بن کر انسانیت کی خدمت کررہی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہمارا عزم ہے کہ دانش اسکولز معروف تعلیمی اداروں سے بھی بہتر ثابت ہوں، انصاف، میرٹ اور مساوی مواقع پر مبنی معاشرہ قیام پاکستان کی اساس ہے، ہمارے آباؤاجداد نے خوشحال پاکستان کیلئے 1947 میں ہجرت کی ہمیں محاسبہ کرنا ہوگا کہ ہم بزرگوں کے خواب کی تعبیر کے کتنے قریب ہیں۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ دانش اسکولز کے طلبہ کی کامیابیاں دوسروں کیلئے مثال ہیں، مواقع ملنے پر محروم طبقات کے بچے بھی آگے بڑھ سکتے ہیں۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ دانش اسکولز کا دائرہ پنجاب سے نکل کر پورے پاکستان میں علم کی روشنی پھیلا رہا ہے جہاں جدید آئی ٹی اور مصنوعی ذہانت کی لیبارٹریز بھی قائم کی جائیں گی۔ اس وقت ملک کے مختلف علاقوں میں دانش اسکولز زیر تعمیر ہیں۔ قبل ازیں وفاقی وزیر تعلیم ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج ایک تاریخی دن ہے، تعلیم سے دانش کشید کرنے کیلئے دانش اسکول جیسے اداروں کی ضرورت تھی، وژن کا مقصد مستقبل کی نسلوں کی تعلیم وتدریس کا انتظام کرنا تھا۔ خالد مقبول صدیقی کا مزید کہنا تھا کہ دانش کا یہ سفر فکر، جستجو، تحقیق اور ترقی کا سفر ہے، امید ہے آئندہ نسلیں اس پہلے قدم کو منزل تک پہنچانے کا ذریعہ سمجھیں گی۔ اس موقع پر وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود کا اظہار خیال کرتے ہوئے کہنا تھا کہ دنیا شہباز شریف کو سیاستدان اور خادم پنجاب و پاکستان کیطور پر جانتی ہے وہ بہترین اصلاحات کرنے والے رہنما ہیں، انہوں نے بچوں کیلئے اسکالرشپس اور پنجاب دانش اتھارٹی کی بنیاد رکھی جو اب پاکستان

دانش اتھارٹی کے طور پر کام کر رہی ہے۔ دانش اسکول اسلام آباد کی طالبہ ایمن علی گل نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بابا کہتے تھے بیٹا کچھ کرکے اور کچھ بن کر دکھانا ہے مگر سہولیات نہ ہونے کی وجہ سے دلبرداشتہ ہوجاتی تھی۔ دانش اسکول میں داخلہ ملنے پر بابا کچہرے پر خوشی تھی، اسکول دیکھ کرلگا کہ بابا کے خواب کی تعبیر مل گئی، آج اتنے بڑے اسٹیج پر پہنچ کرخوشی کی انتہا نہیں۔ انہوں نے وزیراعظم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ تقریب میں موجود تمام بچے بلاتفریق پاکستانی ہیں۔ دانش اسکول اسلام آباد کے ایک اور طالبعلم زاہد گل نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہاں داخلہ ملنے پر بہت خوشی ہے، معیاری تعلیم کے ساتھ سائنس لیبارٹریز اور کھیلوں کی سہولتیں بھی میسر ہیں۔ زاہد گل نے اپنے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ کرم ایجنسی کے نجی اسکول کی فیس ادا کرنا مشکل تھا، میرے والد بزرگ ہیں اور آمدن کا کوئی ذریعہ نہیں، میرا بھائی لوگوں کی بھیڑ بکریاں چراتا ہے۔ اتوار کو کباڑ بیچ کر میں اپنے تعلیمی اخراجات پورے کرتا تھا، بچوں کی کہانیاں سن کر وزیراعظم سمیت شرکا آبدیدہ ہوگئے۔ اس موقع پر شہباز شریف نے طالبعلم زاہد گل کو گلے لگا کر حوصلہ دیا۔ افتتاحی تقریب میں وزیراعظم کو دانش اسکول اسلام آباد کے حوالے سے بریفنگ دی گئی جس میں بتایا گیا کہ یہ اسکول 130 ایکڑ رقبے پر تعمیر کیا گیا ہے جہاں کلاسز ششم، ہفتم اور ہشتم سے شروع کی گئی ہیں۔ ہر کلاس میں 120 بچے اور بچیاں تعلیم حاصل کررہے ہیں۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ مختلف علاقوں سے 360 ہونہار بچے، بچیوں کو سوفیصد میرٹ کی بنیاد پر داخل کیا گیا ہے، فی الحال 38 اساتذہ کو بھرتی کیا گیا ہے، ضرورت کے مطابق تدریسی اسٹاف میں اضافہ کیا جائیگا۔ اسکول میں لڑکوں اور لڑکیوں کے اکیڈمک بلاکس الگ الگ ہیں، ہر بلاک میں 24 کلاس رومز، آئی ٹی، سائنس، روبوٹکس لیبز قائم کی گئی ہیں، ای لائبریری اور آرٹ روم بھی قائم کیے گئے ہیں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان میں کسی بچے کا مستقبل اس کے والدین کی مالی حیثیت سے طے نہیں ہونا چاہیے بلکہ ہر ذہین بچے کو معیاری تعلیم حاصل کرنے اور اپنی صلاحیتوں کے بل پر آگے بڑھنے کے یکساں مواقع ملنے چاہئیں۔ اسلام آباد میں دانش سکول کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ دانش سکولوں کا مقصد غریب اور مستحق خاندانوں کے بچوں کے لیے تعلیم کے دروازے کھولنا اور امیر و غریب کے درمیان تعلیمی فرق کم کرنا ہے۔ دانش سکولز کو اشرافیہ کے سکولوں سے بھی اچھا بنائیں گے۔ شہباز شریف نے خیبر پختونخوا سے تعلق رکھنے والی ایک طالبہ کی مثال دی جس نے بچپن میں اپنے والد کو کھو دیا تھا، والد کی وفات کے بعد اس بچی کے خواب بکھر گئے تھے کیونکہ اس کے خاندان کے پاس تعلیم کے لیے مطلوبہ وسائل نہیں تھے لیکن مشکلات کے باوجود اس نے ہمت نہیں ہاری اور ڈاکٹر بن کر انسانیت کی خدمت کے قابل ہوئی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ایسے بچوں کی کامیابی اس حقیقت کو اجاگر کرتی ہے کہ صلاحیت اور ذہانت کسی مخصوص طبقے کی میراث نہیں۔ شہباز شریف نے اس موقع پر مزید کہا کہ ضرورت اس بات کی ہے کہ بچوں کو آگے بڑھنے کے یکساں مواقع فراہم کیے جائیں، خواہ ان کا تعلق ملک کے امیر ترین خاندان سے ہو یا ایسے گھرانے سے جس نے زندگی کی مشکلات میں اپنے والدین کو کھو دیا ہو۔ پاکستان میں لاکھوں بچے ایسے خاندانوں سے تعلق رکھتے ہیں جن کے والدین کھیتوں اور کھلیانوں میں شدید گرمی اور سردی کے باوجود محنت کرتے ہیں لیکن ان کی آمدن سے گھر کے اخراجات پورے کرنا بھی مشکل ہوتا ہے۔ ایسے حالات میں بچوں کی تعلیم اور دیگر بنیادی ضروریات پوری کرنا ان خاندانوں کے لیے بڑا چیلنج بن جاتا ہے۔ وزیراعظم نے یاد دلایا کہ پنجاب میں دانش سکولوں کے قیام کا مقصد پاکستان کے دور دراز علاقوں اور غریب خاندانوں کے ذہین بچوں کو معیاری تعلیم کی سہولت فراہم کرنا تھا تاکہ وہ بھی اپنی قابلیت، محنت اور مسلسل جدوجہد کے ذریعے کامیابی حاصل کرسکیں۔ مذکورہ تقریب میں وزیراعظم میں نے جو کچھ کہا اس سے اختلاف کی گنجائش نہیں لیکن یہاں بنیادی سوال یہ ہے کہ اعلانات کے باوجود کسی بھی تمیز کے بغیر بچوں کو معیاری تعلیم کے مواقع مل کیوں نہیں رہے؟ اور وہ کون ہے جو اس سلسلے میں رکاوٹیں کھڑی کر رہا ہے؟ دانش سکولوں کی اپنی جگہ ہے اور ان کی افادیت سے بھی انکار نہیں کیا جاسکتا، دور دراز علاقوں کے ذہین مگر نادار بچوں کو رہائش، خوراک اور معیاری تعلیم ایک چھت تلے دینا بلاشبہ قابلِ تحسین کوشش ہے لیکن ہمیں یہ بھی دیکھنا چاہیے کہ لاکھوں بچوں کے مسئلے کا حل چند سو یا چند ہزار نشستوں سے نہیں نکل سکتا۔ اصل امتحان تو اس عام سرکاری سکول کا ہے جو ہر گاؤں اور ہر محلے میں موجود ہے جہاں مزدور، کسان، رکشہ ڈرائیور اور چھوٹے سرکاری ملازم کا بچہ پڑھتا ہے۔ اگر وہ سکول بہتر ہوجائے تو بچوں کو معیاری تعلیم کے لیے گھروں سے دور جانے کی ضرورت ہی پیش نہیں آئے گی۔ اگر وہ سکول ہی عام آدمی کے ہاتھ سے نکل جائے تو چند دانش سکول اس خسارے کا ازالہ نہیں کر سکتے۔ یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ آبادی کے اعتبار سے ملک کے سب سے بڑے صوبے پنجاب میں عام سرکاری سکولوں کے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔ اطلاعات کے مطابق، پنجاب دو مراحل میں ہزاروں سے زائد سرکاری سکول نجی شعبے کے حوالے کر چکا ہے اور صوبائی حکومت مڈل اور ہائی سکولوں بلکہ کالجوں کو بھی اسی راستے پر ڈالنے پر غور کر رہی ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق، پنجاب کے محکمہ سکول ایجوکیشن نے آؤٹ سورسنگ کے اگلے مرحلے کی منظوری دے دی ہے جس کے تحت سرکاری ہائی سکولوں کو بھی نجی ملکیت میں دیا جارہا ہے۔ ماہرینِ تعلیم کا کہنا ہے کہ سرکاری ہائی سکولوں کی آؤٹ سورسنگ سے کم آمدنی والے گھرانوں اور نچلے گریڈ کے سرکاری ملازمین کے بچوں کے لیے میٹرک تک تعلیم کا راستہ تنگ ہو جائے گا۔ یہ خدشہ وزیراعظم کے اس بیان سے براہِ راست ٹکراتا ہے کہ ہر بچے کو آگے بڑھنے کے یکساں مواقع ملنے چاہئیں۔ صوبائی حکومت کی طرف سے اس پالیسی کے دفاع میں دلائل بھی دیے جاتے ہیں۔ سرکاری بیان کے مطابق، آؤٹ سورسنگ کے پچھلے مراحل کے بعد سکولوں میں داخلوں میں آٹھ سو فیصد سے زائد اضافہ ہوا، ہزاروں کمرے تعمیر یا مرمت کیے گئے اور فرنیچر، بیت الخلا اور پینے کے پانی کی سہولتیں فراہم کی گئیں۔ یہ بات درست ہے کہ بہت سے سرکاری سکول برسوں سے بدحالی کا شکار تھے اور وہاں تعلیم کا معیار تشویش ناک تھا لیکن اس پالیسی کا دفاع کرتے ہوئے یہ سب کچھ کہنے والوں سے یہ پوچھا جانا چاہیے کہ سرکاری سکولوں میں کمروں کی مرمت یا تعمیر، وہاں فرنیچر اور پانی وغیرہ کی فراہمی، یہ سب سکولوں کے اساتذہ کی ذمہ داری ہے یا اس محکمے کی جس کے افسران اساتذہ سے کہیں زیادہ تنخواہیں اور مراعات و سہولیات حاصل کرتے ہیں؟ اب ذرا سکولوں سے ہٹ کر سرکاری کالجوں کی طرف دیکھتے ہیں۔ ان دنوں پنجاب کے سرکاری کالجوں کی نج کاری یا انھیں سرکاری ملکیت سے نکالنے کی منصوبہ بندی کی خبریں بھی مسلسل آرہی ہیں۔ پنجاب کے لاکھوں نوجوان سرکاری کالجوں میں پڑھتے ہیں جہاں فیس معمولی ہے، لہٰذا غریب والدین بھی تعلیم کے حصول کے لیے اپنے بیٹے یا بیٹی کو وہاں بھیجنے کا حوصلہ کرسکتے ہیں۔ جس دن یہ کالج سرکاری ملکیت سے نکل کر منافع کی منطق پر چلنے لگے اس دن فیسیں کئی گنا بڑھیں گی، داخلے میرٹ کی بجائے استطاعت پر ہوں گے اور غریب کے بچے کالج کے باہر کھڑے اندر جانے والوں کا منہ تک رہے ہوں گے، اور یہ اسی غریب کے بچے ہوں گے جس کے بارے میں وزیراعظم نے اپنی مذکورہ تقریر میں کہا ہے کہ اس کی آمدن سے گھر کے اخراجات پورے کرنا بھی مشکل ہے۔ یہاں ایک بنیادی نوعیت کا سوال یہ ہے کہ عوام حکومت کو ٹیکس کس لیے دیتے ہیں؟ وہ تنخواہ دار آدمی جس کی تنخواہ ملنے سے پہلے ہی ٹیکس کٹ جاتا ہے، وہ



دکان دار جو ہر چیز پر سیلز ٹیکس ادا کرتا ہے، وہ مزدور جو ماچس کی ڈبیا تک خریدتا ہے تو بالواسطہ ٹیکس دیتا ہے، یہ سب دیگر وجوہ کے علاوہ اس امید پر ٹیکس کا بوجھ برداشت کرلیتے ہیں کہ ان کے بچوں کو سرکاری تعلیمی اداروں میں پڑھنے کے مواقع ملیں گے جس سے ان کے لیے آگے بڑھنے کی امید پیدا ہوگی۔ آئین کا آرٹیکل 25 اے ریاست کو پابند کرتا ہے کہ وہ پانچ سے سولہ برس تک کے ہر بچے کو مفت اور لازمی تعلیم فراہم کرے۔ حکومت کسی این جی او، کسی نجی آپریٹر یا کسی لائسنس یافتہ نوجوان کو سرکاری تعلیمی ادارہ سونپ کر اس ذمہ داری سے اپنی جان نہیں چھڑا سکتی۔ اگر وزیراعظم واقعی چاہتے ہیں کہ ہر بچہ آگے بڑھنے کے یکساں مواقع پائے تو انھیں پنجاب میں اپنی جماعت کی صوبائی حکومت سے پوچھنا چاہیے کہ وہ سرکاری تعلیمی اداروں کو نجی ملکیت میں دینے پر تلی کیوں ہوئی ہے؟ عام آدمی حکومت سے کچھ اور تو لے نہیں سکتا، کیا وہ اب یہ امید بھی نہ رکھے کہ اس کے بچے ایسے تعلیمی اداروں میں پڑھ سکیں گے جو اس کے ٹیکس کے پیسوں سے چلنے کی وجہ سے اس پر زیادہ مالی بوجھ نہیں ڈالیں گے؟ تعلیم اور صحت کی ذمہ داری سے بھی اگر ریاست نے ہاتھ کھینچ لینا ہے تو پھر عوام کو اس ریاست اور اس کے نظام کے ساتھ خود کو کیسے وابستہ محسوس کریں گے؟ وزیراعظم دانش سکولوں کا منصوبہ ضرور آگے بڑھائیں لیکن سرکاری تعلیمی اداروں کو سرکاری تحویل میں رکھ کر ہی بہتر بناتے ہوئے عوام کے لیے آسانی پیدا کریں، یہ ان کا بنیادی حق ہے، حکومت کی طرف سے کوئی احسان نہیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 35

کیے جا رہے ہیں، ٹیکس نیٹ کے دائرہ کار کو بڑھانا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس اصلاحات کے باعث جی ڈی پی کی شرح میں اضافہ ہوا ہے، معاشی اصلاحات سے شرح نمو بہتر ہوئی ہے، اصلاحات کے ذریعے سے معاشی استحکام کی جانب گامزن ہیں، پائیدار معاشی ترقی کا حصول حکومتی ترجیح ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ترسیلات زر میں تاریخی اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، پاکستان کی معاشی ترقی پائیدار اور برآمدات پر مبنی ہونی چاہیے، پاکستان کی معیشت منفی 0.3 فیصد شرح نمو سے بہتری کی جانب آئی ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ زرمبادلہ کے ذخائر صرف دو ہفتوں کی درآمدات کیلئے کافی رہ گئے تھے، پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر تین ماہ سے زیادہ کی درآمدات کیلئے کافی ہیں، گزشتہ چار برس میں پاکستان کے بیرونی قرضوں میں چار ارب ڈالر کا اضافہ ہوا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 36

طلبہ کو خوش آمدید کہا گیا۔ تقریب سے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب خان ایاز جوگیزئی، مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے مرکزی اطلاعات آرگنائزر اسفند کاکڑ، مالیات آرگنائزر محمود اچکزئی، زونل سینئر معاون مزمل شاہ اور ضلع کوئٹہ کے ضلع سیکرٹری یار محمد بریال نے خطاب کیا جبکہ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض واسع سنزر اور رامین اچکزئی نے انجام دیے۔ جبکہ پروگرام کی صدارت پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن سائنس کالج کے علاقائی سیکرٹری منور خان کاکڑ نے کی۔ مقررین نے کہا کہ ملک کی موجودہ بحرانی صورتحال جس میں غیر منتخب پارلیمنٹ کی جانب سے آئین کی پامالی، عدلیہ اور میڈیا کی آزادی، پارلیمنٹ کی خودمختاری، جمہور کی حکمرانی سے مسلسل انکار کے نتیجے میں ملک کے اندر سیاسی عدم استحکام اور بدترین معاشرتی انتشار کا دور دورہ ہے۔ 26ویں اور 27ویں آئینی ترمیم کے ذریعے عدلیہ، میڈیا کی آزادی ختم کی گئی اور ساتھ ہی انسانی حقوق کی پامالی کی گئی۔ آج ہم سائنس کالج میں طلباء کے سامنے اور تمام صوبے کے عوام کے سامنے یہ رکھ رہے ہیں کہ آئین میں میٹرک تک مفت اور مادری زبانوں میں تعلیم کا وعدہ کیا گیا ہے۔ جو فارم 47 کی حکومتیں اسے بھانے سے کترا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں جاری بدامنی اور پشتونخوا کی منتخب نمائندہ حکومت کو ختم کرنے کی بنیادی وجوہات وہاں موجود قدرتی معدنی خزانوں پر قبضہ کرنے کی پالیسی کے سوا کچھ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے مائنز و منرل کے مالک پشتونخوا وطن کے پشتون ہوں گے اور ملک میں جہاں بھی معدنی ذخائر ہوں گے اُن کے مالک وہاں کے اقوام و عوام ہوں گے۔ ملک میں قوموں اور عوام کی اس حق سے انکار کی پالیسی اور بدامنی سرکاری طور پر پیدا کردہ ہے۔ غیر نمائندہ، غیر منتخب حکومت کی پالیسی پاکستان کے 25 کروڑ عوام کے لیے قابل قبول نہیں۔ اسی طرح اب وفاق کی جانب سے مسلسل آئین میں گارنٹڈ صوبائی خودمختاری کی پامالی جاری ہے اور یہ پامالی دراصل سٹیک ہولڈرز کی ملکیت پر قبضے کے سوا کچھ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتو اکیڈمی جس کی بنیاد خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی نے رکھی تھی اور پشتو اکیڈمی کی زمین اور بلڈنگ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی نے عوام کے چندے سے شروع کیا تھا اور بعد میں حکومتی سطح پر فنڈز منظور کر کے اس کی بلڈنگ تعمیر کی گئی۔ آج پشتو اکیڈمی اور دیگر اکیڈمیوں کے بارے میں اسمبلی میں ایسی قوانین بنائے جا رہی ہے جس میں سرکاری ملازم کو اکیڈمیوں کا چارج دیا جائے گا اور سرکاری پالیسی کے تحت اکیڈمیز کام کرے گی دراصل اکیڈمیز ساری دنیا میں کسی بھی قوم کے لسانی، ثقافتی، ادبی، تاریخی روایات، کارناموں اور قوم کی تاریخی ورثوں کو اجاگر کرنے، دنیا کے سامنے رکھنے اور تحقیق، تاریخی، ریسرچ اور معلومات کا [illegible]

بقیہ بلوچستان نیوز 37

[illegible]

بقیہ بلوچستان نیوز 38

[illegible]

بقیہ بلوچستان نیوز 39

[illegible]

توقع ہے کہ شاہراہ 2027 کے اختتام یا 2028 کے اوائل تک مکمل ہو جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سڑکوں کے منصوبوں سے متعلق سٹیک ہولڈرز کے تحفظات دور کرنے اور متعلقہ منصوبوں کی تفصیلات فراہم کرنے کے لیے تیار ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 40

تاہم انہوں نے یہ نہیں بتایا کہ اہلکاروں کو کہاں سے اور کس طرح بازیاب کرایا گیا۔ پولیس کے ایک افسر نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر اہلکاروں کی تعداد 22 بتائی، جبکہ ابتدائی طور پر پولیس نے 20 اہلکاروں کے اغوا کی اطلاع دی تھی۔ پولیس کے مطابق واقعہ جمعے کی دوپہر مستونگ کی حدود میں کردگاپ کے علاقے گورگینہ کے قریب پیش آیا، جہاں موٹر سائیکلوں پر سوار نامعلوم مسلح افراد نے قلات سے نوشکی جانے والی مسافر وین روک کر اس میں سوار پولیس اہلکاروں کو وین سمیت اپنے ساتھ لے گئے۔ وین میں ڈرائیور اور تین عام مسافر بھی موجود تھے، جنہیں بعد میں چھوڑ دیا گیا۔ اغوا ہونے والے اہلکاروں کا تعلق رخشان ڈویژن کے اضلاع خاران، نوشکی، چاغی اور واشک سے ہے۔ ان میں 21 سابق لیویز اہلکار شامل تھے، جو پولیس اور لیویز فورس کے انضمام کے بعد پولیس کا حصہ بنے تھے۔ تمام اہلکار قلات کے پولیس ریکروٹ ٹریننگ سینٹر میں تربیت حاصل کر رہے تھے اور ہفتہ وار چھٹی پر اپنے گھروں کو جا رہے تھے۔ مغویوں میں ایک انسپکٹر بھی شامل تھا۔ بازیاب ہونے والے ایک اہلکار کے مطابق، انہوں نے منگچر سے آگے ایک رابطہ سڑک اختیار کی تھی، جس کے بارے میں انہیں بتایا گیا تھا کہ اس راستے سے نوشکی جلد پہنچا جاسکتا ہے۔ چھٹیاں کم ہونے کے باعث وہ جلد اپنے گھروں کو پہنچنا چاہتے تھے۔ اہلکاروں نے بتایا کہ اغوا کاروں نے ان کی آنکھوں پر پٹیاں باندھیں اور انہیں ایک نامعلوم مقام پر کمرے میں رکھا۔ ان کے مطابق اغوا کے پہلے روز انہیں تشدد کا نشانہ بنایا گیا اور پولیس کی ملازمت چھوڑنے کے لیے کہا گیا۔ اغوا کاروں نے دوران حراست ان کی ویڈیوز بھی بنائیں۔ بازیاب اہلکاروں کے مطابق انہیں زیادہ تر بھوکا رکھا گیا اور پانی بھی مشکل سے دیا جاتا تھا۔ ایک اہلکار نے بتایا کہ منت سماجت کے بعد انہیں پانی ملتا تھا، جبکہ ایک یا دو مرتبہ صرف سوکھی روٹی کھانے کے لیے دی گئی۔ اہلکاروں کے مطابق اتوار کو نماز ظہر کے وقت اغوا کار انہیں نامعلوم مقام سے نکال کر کافی دیر تک سفر کراتے رہے، جس کے بعد ایک ویران علاقے میں چھوڑ کر فرار ہوگئے۔ بعد ازاں تین فیلڈر گاڑیاں وہاں پہنچیں اور انہیں کوئٹہ منتقل کیا گیا۔ سیکورٹی اہلکاروں نے ابتدائی پوچھ گچھ کے بعد انہیں گھروں کو جانے کی اجازت دے دی۔ واقعے سے متعلق بلوچستان حکومت یا پولیس کا تفصیلی باضابطہ موقف تاحال سامنے نہیں آیا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 41

بلوچستان میں روزگار کے تمام معاملات مفلوج ہوچکے ہیں، جو کنٹینر پر چڑھ کر ڈیزل کرتے تھے آج وہی ہمارے پاؤں پڑ رہے ہیں، یہی مسلم لیگ ن والے ہیں جن کے ہم بہت کام آئے لیکن یہ اپنے لوگوں کو سنبھال نہیں سکتے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 42

ڈرافٹ تیار ہوا اس کی منظوری وزیراعلیٰ کے پی سے لینا تھی، معلومات کے مطابق وزیراعلیٰ کے پی ڈرافٹ کی منظوری افغانستان سے لے رہے تھے۔ طارق فضل کا کہنا تھا کہ محمود اچکزئی کے حوالے سے خبریں میڈیا پر آئیں، محمود اچکزئی نے کہا عمران خان سے ملاقات کے بغیر ایک قدم آگے نہیں بڑھا جاسکتا، مذاکرات میں ملاقات کا ٹائم فریم اور ایک مستقل حل موجود تھا، چیزیں اس وقت حل ہو جاتیں تو شاید معاملات اب مختلف ہوتے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تحریک انصاف اسمبلیوں سے استعفے دیتی ہے تو 40 ارکان استعفے نہیں دیں گے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 43

[illegible]

بقیہ بلوچستان نیوز 44

[illegible]

بقیہ بلوچستان نیوز 45

[illegible]

بقیہ بلوچستان نیوز 46

[illegible]

بقیہ بلوچستان نیوز 47

تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں میٹی کے اراکین میر جہانزیب مینگل، شاہدہ روف اور پارلیمانی سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی عبدالمجید بادینی نے شرکت کی، جبکہ اسپیشل سیکرٹری اسمبلی عبدالرحمٰن، ایڈیشنل سیکرٹری کیبنٹ عبدالصبور خان، ریگولیشن ایکسپرٹ محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن محمد رفیق اور ڈپٹی سیکرٹری قانون احسان برکت بھی اجلاس میں موجود تھے۔ اجلاس کے دوران بلوچستان مخبر تحفظ بل 2026ء کی مختلف شقوں پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 48

ہنکلوئی ایڈووکیٹ، خالد مینگل ایڈووکیٹ، قاسم مندوخیل ایڈووکیٹ سمیت دیگر وکلاء نے کہا ہے کہ وکلاء برادری نے ہمیشہ ذاتی اور گروہی مفادات کو پس پشت ڈال کر وکلاء اور بار کے اجتماعی مفادات کے لئے اقدامات اٹھاتے ہوئے انہیں ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے اپنا کردار ادا کیا ہے۔ اس لئے آج وکلاء کی بڑی تعداد نے منیر کاکڑ پینل کو چھوڑ کر انڈیپنڈنٹ پینل میں شمولیت کرنے کے موقع پر بلوچستان ہائیکورٹ بار روم میں منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مقررین نے کہا کہ وکلاء نے ہمیشہ قانون کی پاسداری اور عدلیہ کی بالادستی کیلئے اپنی جانیں قربان کی ہیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 49

بلوچستان میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سے مستفید ہونے والی خواتین کو درپیش مسائل اور مشکلات سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا اور ان مسائل کے حل کے لیے اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔ اس موقع پر چیئرپرسن روبینہ خالد نے مسائل کے حل کے حوالے سے اپنے تعاون اور متعلقہ اقدامات کی یقین دہانی کرائی۔ ملاقات میں سید عبدالمنان آغا اور عبدالرحمٰن کاکڑ بھی موجود تھے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 50

بلوچستان کے عوام کو درپیش معاشی مشکلات، زمینداروں کے نقصانات اور سرحدی علاقوں میں بڑھتی ہوئی بے روزگاری کے خدشات کے پیش نظر سرحدی تجارت کی فوری بحالی کے لیے وفاقی حکومت سے مؤثر انداز میں رجوع کیا جائے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ افغان سرحد پہلے ہی بند ہے، جبکہ اب پاک ایران سرحد تفتان اور ردان کے راستوں سے تجارت بھی بند کردی گئی ہے، جس کے باعث بڑی تعداد میں تجارتی گاڑیاں پھنس گئی ہیں اور درآمدات و برآمدات کا سلسلہ معطل ہوکر رہ گیا ہے۔ سرحدی راستوں کی بندش سے نہ صرف تاجروں اور ٹرانسپورٹرز کو مشکلات کا سامنا ہے بلکہ اس کے منفی اثرات بلوچستان کی معیشت، زراعت اور عام لوگوں کی روزمرہ زندگی پر بھی مرتب ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سرحدی تجارت کی بندش کے باعث گاڑیوں میں موجود پھلوں اور سبزیوں کے خراب ہونے کا خدشہ ہے، جس سے زمینداروں اور تاجروں کو کروڑوں روپے کے نقصان کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ بلوچستان کے زمیندار پہلے ہی مختلف معاشی مسائل اور بڑھتے ہوئے پیداواری اخراجات سے دوچار ہیں، ایسے میں زرعی اجناس کی ترسیل اور برآمدات میں رکاوٹ ان کے لیے مزید مشکلات پیدا کرے گی۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر سرحدی تجارت جلد بحال نہ کی گئی تو زرعی شعبے سے وابستہ افراد کے معاشی مسائل میں مزید اضافہ ہوسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرحدی تجارت کی بندش سے سرحدی علاقوں میں اشیائے ضروریہ کی قلت اور مہنگائی بڑھنے کے خدشہ بھی پیدا ہوگیا ہے۔ ان علاقوں کی معیشت کا بڑا حصہ سرحد پار تجارت سے وابستہ ہے اور ہزاروں افراد براہ راست یا بالواسطہ اسی کاروبار کے ذریعے اپنے خاندانوں کا پیٹ پالتے ہیں۔ تجارتی سرگرمیاں رکنے سے مزدوروں، ڈرائیوروں، چھوٹے تاجروں اور دیگر محنت کش طبقوں کے روزگار کو شدید خطرات لاحق ہوسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایل پی جی کے سینکڑوں ٹینکرز بھی سرحدی بندش کے باعث کھڑے ہیں جس سے ایندھن کی فراہمی متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ سرد موسم میں جب گیس کی دستیابی پہلے ہی ایک بڑا مسئلہ ہوتی ہے ایسے میں ایل پی جی کی عدم فراہمی عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کرے گی اگر بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو عام شہریوں کو شدید پریشانی اور اضافی مالی بوجھ کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 51

لیاقت بلوچ نے مطالبہ کیا کہ وزیراعظم بلوچستان کے مسائل پر کوئٹہ میں آل پارٹیز کانفرنس بلائیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے معاملات الگ ہیں۔ لیاقت بلوچ نے تاکید کی کہ قومی سیاسی اور جمہوری قیادت بلوچستان سے اپنے آپ کو بالکل لاتعلق نہ رکھے۔ نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی اور سابق وفاقی وزرا اسد عمر، فواد چوہدری، دانیال عزیز، ندیم افضل چن اور خرم دستگیر سے ملاقاتیں کیں۔ انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ملاقات میں بلوچستان کے درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ صوبوں کے حقوق اور حق ملکیت کا آئینی اصول کسی صورت نہ توڑا جائے۔ لیاقت بلوچ کا کہنا تھا کہ 1958 کے بعد سے پاکستان مسلسل تجربات کی بھٹی پر چڑھا ہوا ہے۔ جمہوری قیادت چاہیے فارم 45 والے ہوں یا فارم 47 والے، آئینی حدود کی کوئی پروا نہیں کرتے۔ انہوں نے افسوس ظاہر کیا کہ عوام مسلسل خط غربت سے نیچے گرتے چلے جا رہے ہیں۔ نائب امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ اپوزیشن جماعتوں کی آل پارٹیز کانفرنس کے انعقاد میں تاخیر اپوزیشن کو مزید کمزور کر رہی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ وزیراعظم عوام کو معاشی ریلیف دینے کے لیے پیٹرولیم مصنوعات پر لیوی بھتہ ختم کریں اور عوام پر سے آئی پی پیز کا عذاب فوراً ختم کیا جائے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 52

کنساس میں وسط مدتی انتخابی مہم میں اعلان کرتے ہوئے کہا کہ امریکی محکمہ زراعت ایک گیہارویسٹ فیول ریلیف پروگرام کا آغاز کرے گا۔ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ فصلوں کی کٹائی کے لیے ڈیزل کے اخراجات کے لیے کسانوں کو 8 ارب ڈالر امداد دی جائے گی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 53

جانب سے چلنے والی ہواؤں کے باعث گرمی کی شدت برقرار ہے، جبکہ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 40 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کراچی میں گرمی کی لہر کے اثرات آئندہ دنوں میں بھی برقرار رہ سکتے ہیں۔ بدھ اور جمعرات کو شہر کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 38 ڈگری سینٹی گریڈ تک تجاوز کرسکتا ہے۔ موسمیاتی ماہرین نے شہریوں کو مشورہ دیا ہے کہ شدید گرمی کے دوران احتیاطی تدابیر اختیار کریں، بلاضرورت دھوپ میں نکلنے سے گریز کریں اور پانی کا زیادہ استعمال کریں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 54

استوار کرلیا ہے، جبکہ اس میں مزید بہتری کے لیے اقدامات بھی جاری ہیں۔ بی آر اے کے ڈیجیٹل نظام کے ذریعے ٹیکس دہندگان کو آن لائن رجسٹریشن، ٹیکس ریٹرنز جمع کرانے، ٹیکس ادائیگیوں اور درخواستوں کی پروسیسنگ کی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ ڈیجیٹل نظام کی مدد سے محصولات کا تجزیہ، ٹیکس ریٹرنز جمع نہ کرانے والوں اور کم ٹیکس ادا کرنے والے ٹیکس دہندگان کی نشاندہی، واجب الادا رقوم کی نگرانی اور قانونی نوٹسز واحکامات کا الیکٹرانک اجرا ممکن ہو رہا ہے۔ یہ اقدامات بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز (BSTS)، بلوچستان ڈویلپمنٹ اینڈ مینٹیننس آف انفراسٹرکچر سیس (BDMIC) اور دیگر متعلقہ محصولات کے انتظام کو مؤثر بنانے میں معاون ہیں۔ آئندہ مرحلے میں اتھارٹی ڈیٹا کے تجزیے کو مزید مضبوط بنانے، ٹیکس قوانین پر عملدرآمد کی ڈیجیٹل نگرانی بہتر کرنے، محصولات میں ممکنہ کمی کی نشاندہی اور ٹیکس دہندگان کے لیے آن لائن سہولیات میں مزید بہتری پر توجہ دے گی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 55

جس کا مقصد جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ذریعے صحت کی سہولیات کو عوام کی دہلیز تک پہنچانا اور بالخصوص دور دراز علاقوں میں رہنے والے شہریوں کے لیے طبی مشاورت تک رسائی کو آسان بنانا ہے۔ صحت دہلیز ایپ کے ذریعے شہری 24 گھنٹے مستند ڈاکٹروں سے طبی مشاورت حاصل کرسکتے ہیں۔ یہ سہولت صوبے کے مختلف علاقوں میں رہنے والے افراد کو گھر بیٹھے ڈاکٹر سے رابطے، عام بیماریوں کے علاج سے متعلق رہنمائی اور صحت کے حوالے سے آگاہی فراہم کرنے میں معاون ثابت ہوگی۔ ایپ کے ذریعے ماؤں اور بچوں کی صحت سے متعلق مشاورت، عام بیماریوں کی رہنمائی اور صحت سے متعلق آگاہی کے لیے بھی سہولیات دستیاب ہیں۔ اس اقدام کے تحت بلوچستان کے شہریوں کو ڈیجیٹل پلیٹ فارم کے ذریعے طبی رہنمائی فراہم کر کے علاج معالجے کی سہولیات تک رسائی بہتر بنانے، غیر ضروری سفری مشکلات کم کرنے اور صحت کے شعبے میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو فروغ دینے کی کوشش کی جارہی ہے۔ صحت دہلیز ایپ بالخصوص ان علاقوں کے رہائشیوں کے لیے اہم سہولت ہے جہاں طبی مراکز تک رسائی میں دشواری کا سامنا رہتا ہے۔ پی پی ایچ آئی بلوچستان کے اس اقدام کا مقصد صحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی کو مزید مؤثر، آسان اور عوام دوست بنانا ہے تاکہ صوبے کے شہری جدید ڈیجیٹل نظام سے مستفید ہوسکیں۔ شہری صحت دہلیز کی ویب ایپ اور اینڈرائیڈ ایپ کے لیے فراہم کردہ کیو آر کوڈز اسکین کرکے اس سہولت تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔ صحت دہلیز ٹیلی ہیلتھ ایپ بلوچستان میں ڈیجیٹل صحت کے فروغ اور معیاری طبی مشاورت کو عوام کی دسترس میں لانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 56

کے لیے ملتوی کیا گیا تھا، تاہم اب شیڈول میں ترمیم کرتے ہوئے اجلاس کا وقت تبدیل کر دیا گیا ہے۔ صوبائی اسمبلی کا یہ اہم اجلاس اب جمعرات کی صبح 11:00 بجے باقاعدہ شروع ہوگا، جس میں صوبے کے اہم قانون سازی اور عوامی امور زیر بحث آئیں گے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 57

لاش سول ہسپتال منتقل، ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی، مزید تفتیش متعلقہ پولیس کر رہی ہے

بقیہ بلوچستان نیوز 58

ناصر نے بتایا کہ ڈسٹرکٹ پولیس لورالائی کو خفیہ اطلاع موصول ہوئی تھی کہ کلی شبوزئی کے پہاڑ کے دامن میں آئس کی تیاری کے لیے فیکٹری قائم کی جارہی ہے۔ اطلاع پر فوری عمل کرتے ہوئے قائم مقام ایس ڈی پی او بتیر سرکل ہمایوں خان، انچارج سی آئی اے پولیس لورالائی محمد انور اور ایس ایچ او تھانہ جہانداد شہید شیر محمد پر مشتمل خصوصی پولیس ٹیم تشکیل دی گئی، جس نے مذکورہ مقام پر چھاپہ مارا۔ ترجمان پولیس کے مطابق کارروائی کے دوران ایگرو کاسٹک سوڈا فلیکس کی 2 بوریاں، اومان/الفیڈرا بوٹی کی 15 بوریاں، ایسیٹون اور ہائیڈروکلورک ایسڈ سمیت مختلف کیمیکلز برآمد کیے گئے جو آئس کی تیاری میں استعمال ہونے تھے۔ ایس ڈی پی او ہمایوں خان ناصر نے بتایا کہ واقعے کا مقدمہ تھانہ جہانداد شہید لورالائی میں درج کرلیا گیا ہے اور فرار ملزمان کی گرفتاری کے لیے خصوصی ٹیمیں چھاپے مار رہی ہیں۔ انہوں نے اعادہ کیا کہ لورالائی پولیس منشیات، بالخصوص آئس کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے اور نوجوان نسل کو اس زہر سے بچانے کے لیے بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 59

قومی اثاثوں کو نقصان پہنچانے کی بجائے ان کی حفاظت کرنا ہوگی یہ ہمارا قیمتی اثاثہ ہے۔ یہ بات انہوں نے منگل کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت میں پہلی بار وزراء کوئٹہ اور صوبہ میں موجود اور لوگوں کے مسائل کے حل میں اپنا مثبت کردار ادا کر رہے ہیں۔ عوام کو چاہئے کہ تنقید برائے اصلاح کر کے کسی غلطی کو بڑھا چڑھا کر پیش کرنے سے گریز کر کے مثبت اقدامات کو اجاگر کریں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جب سے اقتدار سنبھالا ہے تعلیم کی بہتری اور کھیلوں کے میدان آباد کرنے اور ان پروگراموں میں شامل ہوکر نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کر رہے ہیں۔ جب کھیلوں کے میدان آباد ہوں گے تو نوجوان منفی سرگرمیوں سے دور ہوکر کھیلوں کی جانب راغب ہوں گے جس سے ملک اور قوم کی خدمت میں اپنا کردار ادا کریں گے۔ کچلاک سے سریاب تک چلنے والی چیلنجز ٹرین سروس عوام کیلئے اہم سفری سہولت ہے۔ جس سے روزانہ کی بنیاد پر سینکڑوں لوگ مستفید ہو رہے ہیں ٹرین اور سٹیوں کو نقصان پہنچانے کی بجائے ہمیں اس کی حفاظت کرکے مہذب شہری ہونے کا ثبوت دینا چاہئے۔ نہ کہ ٹرین کو پٹڑی سے اترنے پر حکومت کو تنقید کا نشانہ بنانا چاہئے بلکہ سب سے پہلے ان عوامل کو دیکھنا چاہئے کہ ٹرین کس وجہ سے پٹڑی سے اتری تھی کچھ لوگوں کی سازش کی وجہ سے نٹ بلٹ نکال کر اس اہم منصوبے کو ناکام بنانے کی کوشش کرکے حکومت کو بلاجواز تنقید کا نشانہ بنایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اور پنجاب کے مسائل اور حالات میں فرق ہے وزیر اعلیٰ امن وامان، تعلیم، کھیل سمیت دیگر منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچانے اور ان کو بروقت مکمل کرنے کیلئے ہمیشہ کوشاں رہتے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کو نجی تعلیمی اداروں کی چھٹیوں کی فیسوں کے حوالے سے بیان دینے سے قبل ان کی فیسوں اور بلڈنگز کے حوالے سے معلومات حاصل کرنے کی ضرورت ہے اگر کوئی بھی سکول 3 ہزار یا اس سے زائد فیس وصول کرتا ہے اور عمارت بھی اس کی اپنی ہے تو اس کو چھٹیوں کی فیس وصولی کی ضرورت نہیں اگر کوئی سکول کم فیس اور عمارت بھی کرایہ کا ہے تو اس کیلئے رعایت ہونی چاہئے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 60

ہوگئے ذرائع کے مطابق کچلاک میں ایک خاندان میں شادی کی تقریب جاری تھی اور گھر میں شادی کی خوشیاں منائی جا رہی تھیں۔ اس موقع پر دیگر شادی کی تقریبات کی طرح خوشی کا اظہار کرنے کے لیے فائرنگ بھی کی گئی۔ بتایا جاتا ہے کہ فائرنگ کے دوران بندوق میں ایک گولی باقی رہ گئی، جس کے بعد اسلحہ ایک طرف رکھ دیا گیا بعد ازاں اچانک بندوق چلنے سے ایک گولی نکل گئی، جو قریب موجود دلہن کے والد کو جا لگی۔ گولی لگنے سے وہ شدید زخمی ہوگئے۔ واقعے کے فوراً بعد وہاں موجود افراد میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا اور شادی کی تقریب میں بھگدڑ اور افراتفری کی کیفیت پیدا ہوگئی اہل خانہ اور دیگر افراد نے زخمی شخص کو فوری طور پر طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کرنے کی کوشش کی، تاہم گولی لگنے کے باعث وہ جانبر نہ ہوسکے اور جاں بحق ہوگئے۔ ان کی اچانک موت کی خبر سامنے آتے ہی شادی کی تقریب کی تمام خوشیاں غم میں تبدیل ہوگئیں، جس گھر میں کچھ دیر قبل شادی کے گیت، خوشی کے لمحات اور مبارکبادوں کا سلسلہ جاری تھا، وہاں اچانک چیخ و پکار اور آہ و بکا شروع ہوگئی۔ دلہن اور دیگر اہل خانہ پر غم کا پہاڑ ٹوٹ پڑا جبکہ شادی میں شریک عزیز و اقارب بھی صدمے سے دوچار ہوگئے واقعے کے بعد شادی کی تقریب کا ماحول مکمل طور پر سوگ میں تبدیل ہوگیا اور خاندان کے لیے خوشی کا یہ موقع ایک ناقابل فراموش سانحے میں بدل گیا۔ دلہن کے والد کی اچانک موت نے شادی کی خوشیوں کو غم اور افسوس میں تبدیل کردیا۔ واقعے نے ایک مرتبہ پھر شادی بیاہ اور دیگر خوشی کی تقریبات میں ہوائی فائرنگ اور اسلحے کے غیر محتاط استعمال کے خطرات کو اجاگر کردیا ہے۔ معمولی سی غفلت اور یہ تصور کہ فائرنگ کے بعد اسلحہ خالی ہوچکا ہے، کسی بھی وقت بڑے سانحے کا سبب بن سکتا ہے شہری حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ شادی بیاہ سمیت کسی بھی تقریب میں اسلحے کی نمائش اور ہوائی فائرنگ سے مکمل اجتناب کیا جائے، کیونکہ خوشی کے اظہار کے لیے کی جانے والی فائرنگ نہ صرف قانون کی خلاف ورزی کا باعث بن سکتی ہے بلکہ قیمتی انسانی جان کے ضیاع کا سبب بھی بن سکتی ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 61

کیا ہیں؟ کبھی وہ قوم پرست، کبھی سیکولر اور کبھی آزادی پسند بن جاتے ہیں۔ ان کی سیاسی سوچ اور نظریاتی مقف میں یہ تضادات آخر کس مقصد کے لیے ہیں؟ نواب اکبر بگٹی کی قربت سے لے کر جنرل پرویز مشرف کو خفیہ رائے شماری کے ذریعے ووٹ دینے تک، بلوچستان کی سیاسی تاریخ کے یہ پہلو عوام سے پوشیدہ نہیں۔ اگر ضرورت پیش آئی یا متعلقہ شواہد طلب کیے گئے تو خفیہ رائے شماری سے متعلق ریکارڈ بھی سامنے لایا جاسکتا ہے۔ بلوچستان کے عوام یہ بھی جانتے ہیں کہ کنرانی صاحب ماضی میں کن اداروں اور سیاسی حلقوں سے وابستہ رہے اور کن مراحل سے گزرتے ہوئے صدر سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن، سینیٹر اور نگران وزیر جیسے عہدوں تک پہنچے۔ اس لیے بہتر ہوگا کہ وہ دوسروں کے مقف پر انگلی اٹھانے سے پہلے اپنے سیاسی سفر اور نظریاتی تبدیلیوں پر بھی روشنی ڈالیں۔ کبھی نواب اکبر بگٹی سے قربت کا حوالہ، کبھی آزادی پسندی کا دعویٰ، اور کبھی اپنی سابقہ جماعت جماعت اسلامی کے نظریاتی فلسفے کی یاد؛ آخر کنرانی صاحب کس نظریے کے ساتھ کھڑے ہیں؟ عوام کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ ان کے سیاسی مقف میں اس تضاد کے بارے میں سوال کریں۔ اور اگر کوئی شخص خود کو انقلابی اور نظریاتی سیاست کا علمبردار سمجھتا ہے تو اسے اپنے طرز عمل میں بھی اصولی مقف کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ نگران دور میں فراہم کی گئی سرکاری گاڑی کے استعمال سے متعلق سوالات بھی اسی تناظر میں اٹھائے جاسکتے ہیں؛ اصولوں کی بات کرنے والوں کو اپنے طرز عمل میں بھی اصولوں کی پاسداری کرنی چاہیے۔ جہاں تک انوار الحق کاکڑ کے انٹرویو کا تعلق ہے، کسی بھی شہری کو جمہوری معاشرے میں اپنا مقف پیش کرنے اور تاریخی واقعات پر اپنی رائے دینے کا حق حاصل ہے۔ امان اللہ کنرانی صاحب کو ان کی رائے سے اختلاف ہے تو وہ دلائل اور شواہد کے ساتھ جواب دیں۔ اختلاف رائے کا مطلب یہ نہیں کہ کسی دوسرے شخص کو اپنی سوچ کے مطابق چلنے پر مجبور کیا جائے یا اس پر اپنا نظریہ مسلط کرنے کی کوشش کی جائے۔ جمہوریت میں کسی کو اختلاف رائے سے روکنا نہیں، بلکہ اختلاف کا جواب دلیل سے دینا اصل سیاسی شعور ہے۔ امان اللہ کنرانی صاحب کو چاہیے کہ وہ دوسروں کے مقف پر تنقید ضرور کریں، لیکن اپنے سیاسی سفر، نظریاتی تبدیلیوں اور ماضی کے فیصلوں سے متعلق سوالات کا جواب دینے کے لیے بھی تیار رہیں۔ انوار الحق کاکڑ گزشتہ 20 سال سے ایک ہی نظریے کے علمبردار ہیں اور انہوں نے ہمیشہ کھل کر دہشتگردوں کو دہشتگرد کہا ہے نا انوار الحق کاکڑ کا نظریہ بدلا نا ان کی سوچ، بلوچستان کے عوام باشعور ہیں؛ وہ جانتے ہیں کہ اصولوں کی سیاست کون کرتا ہے اور بدلتے ہوئے سیاسی حالات کے ساتھ مقف کون بدلتا ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 62

سیاسی شخصیت احسان اللہ خاکسار بھی موجود تھے صوبائی جنرل سیکرٹری جمال شاہ کاکڑ نے انہیں بلوچستان کے تنظیمی معاملات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی ملاقات میں باقاعدہ احسان اللہ خاکسار کی مسلم لیگ (ن) میں شمولیت کے فیصلے کا خیر مقدم کیا گیا کوئٹہ میں جلد بہت بڑے گرینڈ شمولیتی جلسے کا انعقاد کیا جائیگا انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں اہم سیاسی و قبائلی شخصیات کی پارٹی میں شمولیت سے بلوچستان کی سیاسی ماحول پر مثبت اثرات مرتب ہونگے اس موقع پر اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے بلوچستان کے پارٹی کارکنوں کے لیے پارٹی سیکرٹریٹ کے قیام اور شمولیتوں کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا جمال شاہ کاکڑ نے ان کی خدمات پارٹی سرپرستی اور بلوچستان کے مسائل کے حل کے لیے ذاتی دلچسپی لینے اور ہمدردانہ رویہ پر ان کا خصوصی شکریہ ادا کیا

بقیہ بلوچستان نیوز 63

مرکزی نائب امیر مولانا عبدالوہاب ڈھیر مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الھدیٰ مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے کہا کہ سعودی عرب، حرمین شریفین کی سلامتی و تحفظ دنیا بھر کے مسلمانوں کا اہم ترین دینی فریضہ ہے۔ حرمین شریفین دنیا بھر کے مسلمانوں کے عقیدت، ایمانی جذبات اور روح کا مرکز ہیں۔ حرمین شریفین مقدس سرزمین پر کسی بھی قسم کی بیرونی جارحیت کو پورے عالم اسلام کی سلامتی پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ حرمین شریفین کی پاسداری و حفاظت صرف ایک جغرافیائی ذمہ داری نہیں بلکہ پورے عالم اسلام کی روح اور سلامتی سے جڑا ہوا معاملہ ہے۔ حرمین شریفین دنیا بھر کی امت مسلمہ تمام تر سیاسی و جغرافیائی اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے ایک 'بنیان مرصوص' کی طرح سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر کھڑی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کی سلامتی، بقا اور استحکام کے ساتھ دنیا بھر کے اربوں مسلمانوں کے دینی جذبات اور عقیدت وابستہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالم اسلام کے حکمران سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی اور پائیدار امن کے دفاع کے لیے مشترکہ فوج تشکیل دیں تاکہ درپیش خطرات کا بروقت تدارک کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ عالم اسلام کے تمام ممالک استعماری قوتوں کی سازشوں کا شکار ہیں عالم اسلام اور خصوصا سعودی عرب کے خلاف ہر طرف سے سازشیں بڑھتی جا رہی ہیں مسلم ممالک کے خلاف محاذ آرائی اور بغاوت کی تحریکیں بھڑکنا عالمی استعماری ایجنڈے کا حصہ ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 64

ہیں۔ اس پروگرام کے تحت قائم کردہ آئی ٹی حب سینٹرز میں 8 ہزار طلبہ و طالبات کو تربیت بھی فراہم کی جائے گی۔ بلوچستان میں خواتین اور نوجوانوں کو خودمختار بنانے کے لیے ہنرمند افرادی قوت کی تیاری پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ بلوچستان حکومت صوبے میں روزگار کی فراہمی، نوجوانوں کی تربیت اور ترقیاتی عمل کو آگے بڑھانے کے لیے مکمل طور پر سرگرم عمل ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 65

کاری، صنعتی و تجارتی سرگرمیوں کے فروغ اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہونے کے امکانات روشن ہوں گے افتتاحی تقریب میں وفاقی سیکرٹری میری ٹائم افیئرز محمد خرم آغا، چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نورالحق بلوچ، رکن پنجاب اسمبلی و رکن چیف منسٹر انسپکشن ٹیم محترمہ تحسین فواد، سی پیک کوآرڈینیٹر اسلام آباد محترمہ زارا، سی پیک پروجیکٹ ڈائریکٹر ڈاکٹر شہزاد، وزارت غذائی تحفظ و تحقیق کے ڈاکٹر مکھن، ڈائریکٹر جنرل، اسلام آباد چیمبر آف سمال ٹریڈرز کے سابق سیکریٹری شکیل احمد، سابق نائب صدر واجدہ سلیم اور دیگر حکام و معززین نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران مہمان خصوصی نسیم الرحمٰن خان ملاخیل نے افتتاحی فیتہ کاٹا اور دیگر مہمانوں کے ہمراہ فارم کا دورہ کیا۔ اس موقع پر شرکاء کو منصوبے کے مجوزہ سرگرمیوں کے حوالے سے بریفنگ دی گئی خطاب کرتے ہوئے صوبائی مشیر نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل اور معاشی امکانات سے مالا مال صوبہ ہے، جہاں نجی شعبے کے اشتراک سے سرمایہ کاری اور صنعتی ترقی کو نئی جہت دی جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گوادر فری زون اور چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) سے وابستہ منصوبے بلوچستان کی معاشی ترقی، تجارت اور برآمدات کے فروغ میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ لائیو اسٹاک اور گوشت کی پروسیسنگ میں سرمایہ کاری سے مقامی پیداوار کی معاشی قدر بڑھانے، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور صوبائی معیشت کو مستحکم بنانے میں مدد ملے گی۔ گوادر کی جغرافیائی اہمیت اور بندرگاہی سہولیات سے فائدہ اٹھاتے ہوئے بلوچستان کو بین الاقوامی تجارتی منڈیوں سے مؤثر انداز میں منسلک کیا جا سکتا ہے ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ، نجی شعبے کی حوصلہ افزائی اور کاروباری سرگرمیوں کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی صوبائی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، تاکہ معاشی ترقی کے ثمرات عوام تک پہنچائے جاسکیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 66

جرائم میں ملوث 459 افراد کو بھی حراست میں لیا گیا۔ ترجمان بلوچستان پولیس کے مطابق صوبے کی 9 رینجز میں جرائم کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت کارروائیاں تسلسل کے ساتھ جاری ہیں اور قانون شکن عناصر کے خلاف بلاامتیاز کریک ڈاؤن کیا جا رہا ہے۔ جبکہ 97 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ برآمد کیا گیا۔ پولیس کے مطابق برآمد کیے گئے اسلحے میں 91 پسٹل و ریوالور، 2 کلاشنکوف اور 13 شارٹ گن رائفلیں شامل ہیں۔ اسی طرح منشیات کے خلاف کارروائیوں کے دوران 106 منشیات فروشوں کو گرفتار کیا گیا اور ان کے قبضے سے 154 کلوگرام سے زائد چرس اور 10 کلوگرام آئس برآمد کی گئی۔ ترجمان نے بتایا کہ پولیس نے مختلف کارروائیوں کے دوران 4 مسروقہ گاڑیاں، 12 موٹر سائیکلیں، 4 موبائل فون، ایک تولہ سونا اور 50 ہزار روپے نقدی بھی برآمد کر کے متعلقہ مالکان کے حوالے کرنے کے اقدامات شروع کر دیے ہیں۔ ٹریفک قوانین پر عمل درآمد کے سلسلے میں 2733 گاڑیوں سے کالے شیشے اتار دیے گئے، جبکہ عوامی شکایات کے بروقت اور شفاف ازالے کے لیے متعلقہ افسران کو خصوصی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ ترجمان بلوچستان پولیس نے کہا کہ عوامی تحفظ، امن وامان کا قیام اور قانون پسند شہریوں کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ جرائم کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کو مزید تیز کیا جائے گا اور صوبے بھر میں امن کے قیام کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 67

مطابق ورجینیا کے علاقے بیڈفورڈ کاؤنٹی سے تعلق رکھنے والے شخص نے دو لاٹری ٹکٹ خریدے اور دونوں اپنی اہلیہ کو تحفے میں دے دیئے۔ خاتون نے جب ان ٹکٹوں کو کھرچ کر دیکھا تو ایک ٹکٹ پر سب سے بڑا انعام نکل آیا، جس کی مالیت 5 لاکھ 77 ہزار 777 ڈالر، یعنی پاکستانی کرنسی میں 16 کروڑ روپے سے زائد بنتی ہے۔ ورجینیا لاٹری حکام سے گفتگو کرتے ہوئے خاتون نے کہا کہ شوہر کی جانب سے دیا گیا تحفہ ان کے لیے خوش قسمتی کا باعث بنا۔ انعامی رقم خرچ کرنے سے متعلق سوال پر خاتون نے بتایا کہ وہ رقم کا کچھ حصہ سیاحت پر خرچ کرنے کا ارادہ رکھتی ہیں۔ واضح رہے کہ لاٹری حکام نے اس خوش قسمت جوڑے کے نام ظاہر نہیں کیے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 68

پیانگ یانگ سرحد کے قریب مزید ٹیکٹیکل اسٹرائیک صلاحیتیں تعینات کرنے اور جنوبی کوریا کی جانب لاؤڈ اسپیکر نشریات دوبارہ شروع کرنے پر غور کر رہا ہے۔ تاہم سرحد پر تعینات شمالی کوریائی فوجیوں کی درست تعداد سرکاری طور پر ظاہر نہیں کی گئی۔ جنوبی کوریا کے مطابق شمالی کوریا نے رواں سال سرحدی علاقے میں بارودی سرنگیں، باڑ اور دیگر دفاعی رکاوٹیں نصب کرنے کے لیے تقریبا 7 ہزار اہلکار روزانہ تک متحرک کیے تھے۔ یہ تعداد مستقل سرحدی تعیناتی والی فوج کی تعداد نہیں بلکہ سرحدی تعمیراتی اور عسکری سرگرمیوں میں حصہ لینے والے اہلکاروں کی ہے۔ جنوبی کوریا نے شمالی کوریا کی جانب سے اضافی ہتھیار تعینات کرنے کی دھمکی پر سخت ردعمل کا اعلان کیا ہے۔ سیول کے مطابق رواں سال شمالی کوریائی اہلکاروں کی جانب سے فوجی حد فاصل عبور کرنے کے تقریبا 50 واقعات بھی رپورٹ ہوئے ہیں۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں ہوئی ہے جب دونوں ممالک کے درمیان ڈی ایم زیڈ میں کشیدگی بڑھ رہی ہے۔ جنوبی کوریا کا کہنا ہے کہ شمالی کوریا نے سرحد کے قریب بارودی سرنگیں بچھانے اور دفاعی رکاوٹیں بنانے کا سلسلہ تیز کر دیا ہے، جبکہ پیانگ یانگ جنوبی کوریا پر اشتعال انگیزی کا الزام عائد کرتا ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 69

لیے مشہور ہیں۔ یہ درخت شام کے وقت تیز خوشبو چھوڑتے ہیں، جو ستمبر اور اکتوبر میں مزید بڑھ جاتی ہے۔ شہر میں تقریبا 14 ہزار 400 ایسے درخت موجود ہیں جن کی خوشبو طویل عرصے سے ہنوئی کے موسم خزاں کی پہچان سمجھی جاتی ہے۔ تاہم بعض شہریوں کا کہنا ہے کہ خوشبو اتنی تیز ہوتی ہے کہ انہیں سردرد اور مائیگرین کی شکایت ہونے لگتی ہے۔ ایک شہری نے بتایا کہ انہوں نے اسی وجہ سے شام کی واک چھوڑ دی۔ شکایات کے بعد حکام نے پانچ روزہ مہم کے دوران تقریبا 7 فیصد درختوں کی پھولوں والی شاخیں کاٹنے کا کام شروع کیا۔ دوسری جانب بعض شہری اس فیصلے سے ناخوش ہیں اور ان درختوں کی خوشبو کو شہر کی خوبصورتی کا حصہ قرار دیتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق یہ خوشبو زہریلی نہیں، تاہم درختوں کے پولن سے بعض افراد کو الرجی ہوسکتی ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 70

فروخت ہو رہا ہے۔ عرفان کھوکھر کے مطابق پنجاب اور خیبر پختونخوا میں گیس 500 روپے کلو میں فروخت ہو رہی ہے، پنجاب اور خیبر پختونخوا میں گھریلو سلنڈر 6 ہزار روپے کا فروخت ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ دنوں میں ایل پی جی کی قیمت مزید بڑھنے کا امکان ہے، اوگرا نے اکتوبر کے لیے 279 روپے فی کلو اور گھریلو سلنڈر کی قیمت 3350 مقرر کر رکھی ہے۔ چیئرمین ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز نے کہا کہ اوگرا اربوں روپے کی لوٹ مار پر خاموش تماشائی بنا ہوا ہے، قیمت کو کنٹرول کرنے کیلئے حکومت اپنے ایس ایس جی سی ٹرمینل کو استعمال کرے اور فوری ایل پی جی درآمد کی جائے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 71

ٹیکنالوجی کے فروغ کو یقینی بنانا ہوگا تاکہ میڈ ان پاکستان دنیا بھر میں معیار کی علامت بن سکے۔ نیشنل یونیورسٹی آف سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی (نسٹ) کے ماسٹرز کانووکیشن میں بطور مہمان خصوصی شرکت کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے گریجویٹس، اساتذہ اور بالخصوص والدین کو اس اہم کامیابی پر مبارکباد پیش کی۔ پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ 1990 کی دہائی میں جب وہ ڈپٹی چیئرمین پلاننگ کمیشن کی حیثیت سے نسٹ کے اسلام آباد کیمپس کی منظوری کے مرحلے سے وابستہ تھے تو ان کا پختہ یقین تھا کہ پاکستان کو عالمی معیار کی ایک ایسی یونیورسٹی کی ضرورت ہے جو جدید تعلیم، تحقیق اور ٹیکنالوجی کے فروغ میں نمایاں کردار ادا کرسکے، آج نسٹ کی کامیابیاں اس وژن اور فیصلے کی عملی تعبیر ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ قیام پاکستان کے وقت ملک کے پاس بنیادی وسائل اور صنعتی صلاحیت بھی محدود تھی حتیٰ کہ سائیکل بنانے کی صلاحیت بھی موجود نہیں تھی، تاہم قوم کے عزم، محنت اور مسلسل جدوجہد نے پاکستان کو دنیا کی ساتویں ایٹمی طاقت اور جے ایف 17 تھنڈر جیسے جدید لڑاکا طیارے تیار کرنے والا ملک بنا دیا۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دور میں قومی طاقت کا حقیقی پیمانہ صرف اسلحے کے ذخائر نہیں بلکہ جامعات کی لیبارٹریوں میں ہونے والی تحقیق، جدت اور ٹیکنالوجی میں پیش رفت بھی ہے، علم پر مبنی معیشت ہی وہ بنیاد ہے جس کے ذریعے پاکستان عالمی سطح پر اپنا مقام مزید مستحکم کرسکتا ہے۔ پروفیسر احسن اقبال نے زور دیا کہ نسٹ سمیت ملک بھر کی جامعات کو روایتی تدریسی سرگرمیوں سے آگے بڑھ کر تحقیق، اختراع اور صنعتی ضروریات سے ہم آہنگ تعلیم پر توجہ دینا ہوگی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 72

لاکھ روپے ہے۔ چیف کلکٹر (انفورسمنٹ) اور کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز (انفورسمنٹ) انڈس کی ہدایات کی روشنی میں، نو قائم شدہ کلکٹریٹ نے اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے تمام ممکنہ اہم مقامات پر نگرانی مزید سخت کر دی ہے۔ اسی سلسلے میں 19 اکتوبر 2026 کو ڈی ای ایس سکھر بیراج کے عملے نے کراچی سے اسلام آباد جانے والے فوٹون آمارک T-M290 ریفریجریٹڈ ٹرک کو روک لیا۔ گاڑی کی تلاشی کے دوران خوراک کی اشیاء کی آڑ میں چھپائی گئی غیر ملکی شراب اور دیگر اسمگل شدہ سامان کی بڑی مقدار برآمد ہوئی۔ ٹرک کے ڈرائیور اور ہیلپر (کلینر) کو موقع پر حراست میں لے لیا گیا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 73

نوابزادہ عدنان احمد خان نے ملاقات کی۔ ملاقات میں متوقع بلدیاتی انتخابات اور ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر چیئرمین سینیٹ نے سیاسی صورتحال اور متوقع بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے تفصیلی اظہار خیال کرتے ہوئے جمہوری عمل کے تسلسل اور مقامی سطح پر عوامی مسائل کے حل کے لئے بلدیاتی اداروں کی اہمیت اجاگر کی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 74

آیا۔ حکام کے مطابق کان کے پاس سرکاری اجازت نامہ موجود نہیں تھا۔ دشوار گزار جنگلاتی علاقے اور مسلح گروہوں کی موجودگی کے باعث امدادی کارروائیوں میں شدید مشکلات پیش آئیں۔ بعد ازاں مقامی گورنر نے تلاش اور ریسکیو آپریشن مکمل کیے جانے کی تصدیق کی۔ یہ واقعہ چند ماہ کے دوران کان کے منہدم ہونے کا دوسرا بڑا حادثہ ہے۔ اگست میں اسی صوبے کے پولیکار پا علاقے میں ایک اور کان حادثے میں 13 افراد ہلاک ہوئے تھے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 75

گاجانی برادری کے دو فریقین کے درمیان اچانک فائرنگ شروع ہوگئی۔ فائرنگ کی زد میں آ کر نعیم گاجانی نامی شخص گولی لگنے سے موقع پر ہی دم توڑ گیا، جبکہ ابلو نامی شخص شدید زخمی ہوگیا۔ واقعے کے فوراً بعد مقامی افراد اور انتظامیہ کی مدد سے ہلاک ہونے والے شخص کی لاش اور زخمی کو فوری طبی امداد کے لیے مقامی ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق فائرنگ کی اصل وجہ فریقین کے درمیان چلی آ رہی پرانی دیرینہ دشمنی بتائی جا رہی ہے۔ واقعے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا، جبکہ متعلقہ پولیس نے حسب روایت موقع پر پہنچ کر واقعے کی تفتیش و قانونی کارروائی کا آغاز کردیا ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 76

ڈیرہ مراد جمالی سے چھتر جانے والی پک اپ ڈاٹسن میں سوار افراد کو نامعلوم مسلح افراد جن کی تعداد آٹھ دس کے درمیان بتائی جارہی ہے

بقیہ بلوچستان نیوز 77

آلودگی 271، اقبال ٹاؤن میں 215، ماڈل ٹاؤن میں 203، بیدیاں روڈ میں 193 اور ڈیفنس میں 189 پرٹیکیولیٹ میٹرز ریکارڈ کیا گیا۔ ویب سائٹ کے مطابق پاکستان کے آلودہ ترین شہروں میں ملتان کا پہلا نمبر ہے جہاں پر فضائی آلودگی 244 پرٹیکیولیٹ میٹرز ریکارڈ کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ مظفر گڑھ میں 224، پشاور میں 219، گوجرانوالہ میں 211 اور رحیم یار خان میں آلودگی 188 پرٹیکیولیٹ میٹرز ریکارڈ ہوئی۔ واضح رہے کہ درجہ بندی کے مطابق 151 سے 200 درجے تک آلودگی مضر صحت ہے۔

عبدالرحمٰن ترین کی رسم سوئم آج ادا کی جائیگی

کوئٹہ (پ ر) سابق سیکریٹری / کمشنر سندھ و بلوچستان (مرحوم کیپٹن (R) عبدالرحمٰن ترین کی رسم سوئم آج بروز بدھ بوقت ظہر ادا کی جائیگی۔ مرحوم سابق ڈپٹی سیکریٹری (ہوم) پنجاب ملک اختر محمد ترین مرحوم کے صاحبزادے، سابق ڈی۔ جی (ہیلتھ) وسیکریٹری ویمن ڈویلپمنٹ، پاپولیشن ویلفئر ڈاکٹر عبدالرشید ترین (مرحوم) اور سابق ڈپٹی کمشنر مرحوم عبدالغنی ترین کے چھوٹے بھائی۔ وہ عمران ترین، سلمان ترین اور عدنان ترین کے والد۔ سابق UBL Bank دبئی کے سینئر برانچ مینیجر ندیم خان ترین سابق چیف انجینئر اریگیشن شعیب خان ترین کے بہنوئی، سابق ایم ایس فیڈرل گورنمنٹ ہاسپٹل ڈاکٹر حق داد ترین کے ہمزلف، سابق ڈائریکٹر ایگریکلچر مرحوم عبیداللہ خان بازئی اور سابق ڈی سی حمیداللہ شیرانی کے برادر نسبتی تھے۔ فاتحہ خوانی: مرکزی جامع مسجد جناح ٹاؤن میں جاری ہے۔ خواتین کی فاتحہ خوانی رہائش گاہ) ہاؤس نمبر (A-18 جناح ٹاؤن، سمنگلی روڈ پر ہو رہی ہے۔

محبوب خان بڑیچ انتقال کر گئے

کوئٹہ (پ ر) محبوب خان بڑیچ عرف (بابو خان) بقضائے الٰہی سے انتقال کر گئے وہ مرحوم حاجی عبدالعزیز خان بڑیچ کے صاحبزادے، مرحوم حاجی صاحب خان بڑیچ، حاجی حیات خان بڑیچ محمد خان بڑیچ، داروخان بڑیچ، انجینئر پی ایچ ای عبدالقدوس خان بڑیچ، ٹھیکیدار حاجی روزی خان بڑیچ کے بھائی اور محمد عثمان بڑیچ کے والد تھے مرحوم کو آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا مرحوم کی فاتحہ خوانی ان کی رہائش گاہ ارباب غلام علی روڈ کلی دیبہ حاجی اکبر اسٹریٹ کے مسجد میں ہو رہی ہے۔

اطلاع گمشدگی

میرے موٹر سائیکل سی سی 70 کا دوچہ بازار میں کہیں گم ہو گیا ہے جس کسی کو ملے موبائل نمبر 03108643[illegible] پر اطلاع دیں۔
المشتہر۔ جنید آغا

اطلاع گمشدگی

میرا شناختی کارڈ 5440137031862 نواں کلی میں کہیں گم ہو گیا ہے جس کسی کو ملے موبائل نمبر 0315-126482 پر اطلاع دیں
المشتہر۔ بی بی فرزانہ زوجہ محمد اشرف

اطلاع عام

من مختار نے جائیداد J/87,86,85 کے کل رقبہ میں سے رقبہ 1535 مربع فٹ بدست برادران داد خان، بلو خان پسران پائندہ خان حریفال ساکن حال ژوب رقبہ 987 مربع فٹ بدست سلطان شاہ ولد حاجی جمعہ رحیم کاکڑ ساکن حال ژوب رقبہ 1410 مربع فٹ بدست مسمیان شیر حسن ولد گل باران مندوخیل ساکن حال ژوب اینڈ احسان اللہ ولد محمد غفار مندوخیل ساکن حال ژوب 2-
جائیداد G/93 کے کل رقبہ میں سے رقبہ 991.415 مربع فٹ بدست شمس الدین ولد تعویز خان حریفال ساکن حال ژوب پر بیع قطعی فروخت کر دیے ہیں اب مذکورہ بالا مسمیان کے نام انتقال کرنا مقصود ہیں اس بارے میں اگر کسی شخص یا ادارے کا کوئی اعتراض ہو تو سات دن کے اندر اپنا اعتراض میونسپل کمیٹی ژوب میں جمع کرائے۔ بعد میں کوئی اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا المشتہر: مختار امیر افضل خان مندوخیل ولد صوبیدار خان مندوخیل CNIC
-61101-2941740-3

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEERII PROVINCIAL B&R LORALAI invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Tender Fee 1500 PKR and Bid Security 3%**

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	REPAIR/RENNOVATION OF COMMISSIONER HOUSE AT LORALAI **TSE-2627101209953**	1,600,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 1,120,000 PKR Amount in1 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 3% specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,500 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **02 November, 2026** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **02 November, 2026** till **11:00 AM Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned at **12:00 PM**
Address: B&R office **Phone no:** 3337768853
Email: dawoodtareenxen@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER (Buildings), CW,PP&H Department District Loralai

DPRQ/PRQ No.1946/20-10-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

ٹیکس نیٹ کا دائرہ کار بڑھانا ناگزیر ہے، وزیر خزانہ

پائیدار معاشی ترقی کا حصول حکومتی ترجیح، ٹیکس کا دائرہ بڑھانے کیلئے اقدامات کئے جا رہے ہیں

معاشی اصلاحات سے شرح نمو بہتر ہوئی، اصلاحات کے ذریعے سے معاشی استحکام کی جانب گامزن ہیں، خطاب

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ٹیکس نیٹ کے دائرہ کار کو بڑھانا ناگزیر ہے، پائیدار معاشی ترقی کا حصول حکومتی ترجیح ہے۔ وزارت خزانہ کے زیر اہتمام ٹیکس نظام میں اصلاحات سے متعلق ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کا کہنا تھا کہ ٹیکس نظام میں بہتری کیلئے اصلاحات کا سلسلہ جاری ہے، ٹیکس کا دائرہ بڑھانے کیلئے اقدامات

بقیہ نمبر 35 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

شناختی کارڈز کی بندش سے مسائل جنم دے رہے ہیں، جان محمد بلیدی

گوادر کے مقامی شہری بیک وقت عمان اور پاکستان دونوں کی شہریت رکھتے ہیں

اسلام آباد/کوئٹہ (پ ر) نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر سینیٹر جان محمد بلیدی نے سینٹ آف پاکستان میں مکران اور رکشان ڈویژن کے لوگوں کے بلاک شناختی کارڈز پر توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں شناختی کارڈز کی بندش سے

بقیہ نمبر 46 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ظفر آغا کی زیر صدارت قائمہ کمیٹی ایس اینڈ جی اے ڈی کا اجلاس

انتظامی امور میں بہتری کے لیے موثر قانون سازی وقت کی اہم ضرورت ہے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن (S&GAD) کا اجلاس اسمبلی کے کمیٹی روم میں چیئرمین کمیٹی سید ظفر علی آغا کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں بلوچستان مخبر تحفظ بل 2026 کا

بقیہ نمبر 47 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اجتماعی مفادات کیلئے کردار ادا کرتے رہیں گے، عطاء اللہ لانگو

وکلاء نے ہمیشہ قانون کی پاسداری اور عدلیہ کی بالادستی کیلئے اپنی جانیں قربان کی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ہائیکورٹ بار کے صدر میر عطاء اللہ لانگو ایڈووکیٹ، سینئر وکیل ملک امین اللہ کاکڑ، سلیم لاشاری ایڈووکیٹ، نصیب اللہ ترین ایڈووکیٹ، عبداللہ خان کاکڑ ایڈووکیٹ، اسد اچکزئی ایڈووکیٹ، ملک منیر سکندر ایڈووکیٹ، نصیر

بقیہ نمبر 48 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

چیئرپرسن بی آئی ایس پی سے روزی خان کاکڑ کی ملاقات

مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن تعاون اور اقدامات کرینگے، روبینہ خالد

اسلام آباد (ین این آئی) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کی چیئرپرسن روبینہ خالد سے منگل کو پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و سابق سینیٹر روزی خان کاکڑ نے اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران سینیٹر روزی خان کاکڑ نے

بقیہ نمبر 49 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، سینیٹر میر جان محمد بلیدی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

پشاور سکول حادثہ، عمارت کا نقشہ سرکاری ریکارڈ میں موجود نہیں

پشاور (آئی این پی) پشاور کے علاقے دیر کالونی میں 15 اکتوبر کو نجی اسکول کی چھت گرنے کے واقعے کی رپورٹ تیار کرلی گئی۔ کیپٹل میٹروپولیٹن گورنمنٹ کے مشرقی زون کی رپورٹ کے مطابق

بقیہ نمبر 45 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سینیٹر مولانا عبدالواسع آج اہم پریس کانفرنس سے خطاب کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع بدھ 21 اکتوبر 2026ء کو شام 4 بجے اپنی رہائش گاہ سروے نمبر 144 میں صوبائی مجلس عاملہ کے ہمراہ اہم پریس کانفرنس سے خطاب کریں گے۔

کراچی: ذہنی معذور کے ساتھ ڈکیتی کی واردات: فوٹیج سامنے آگئی

کراچی (آئی این پی) شہر میں ذہنی معذور نوجوان کے ساتھ ڈکیتی کی واردات ہوئی، جس کی فوٹیج سامنے آگئی ہے۔ بلدیہ ٹاؤن کے علاقے عابد آباد میں موٹر سائیکل سوار مسلح ملزمان نے ذہنی معذور نوجوان انس عرف انو سے اسلحے کے زور پر موبائل فون چھین لیا اور

آلودہ ترین شہروں میں ملتان پہلے اور لاہور دوسرے نمبر پر آگیا

بقیہ نمبر 77 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

معروف صحافی کرسٹیان امان پور کا 43 سال بعد سی این این چھوڑنے کا اعلان

کچلاک میں شادی کی خوشیاں ماتم میں تبدیل

ہوائی فائرنگ کے بعد بندوق سے چلنے والی گولی سے دلہن کا باپ جاں بحق

بقیہ نمبر 60 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

انوار الحق کاکڑ ایک ہی نظریے کے علمبردار ہیں، بابر یوسفزئی

امان اللہ کنرانی کبھی قوم پرست، کبھی سیکولر اور کبھی آزادی پسند بن جاتے ہیں

بقیہ نمبر 61 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان میں 116 ارب روپے ترقیاتی منصوبوں پر خرچ کیے گئے، علیم خان

حکومت سڑکوں کے منصوبوں سے متعلق سینیٹرز کے تحفظات دور اور متعلقہ منصوبوں کی تفصیلات فراہم کرنے کے لیے تیار ہے

امن و امان کی صورتحال کے باعث ایک سڑک کے حصے پر کام میں تاخیر ہوئی، وفاقی وزیر مواصلات کا سینیٹ میں جواب

بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

شوہر کے چھوٹے سے تحفے نے بیوی کو کروڑ پتی بنا دیا

قسمت آزمائی کے دوران خاتون نے 5 لاکھ 77 ہزار 777 ڈالر کا انعام جیت لیا

بقیہ نمبر 67 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

شمالی کوریا کا جنوبی کوریا کی سرحد پر فوجی موجودگی بڑھانے کا عندیہ

سرحد پر تعینات شمالی کوریائی فوجیوں کی درست تعداد سرکاری طور پر ظاہر نہیں کی گئی

بقیہ نمبر 68 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مذہبی مبلغ کو 190 بچوں کے قتل کا مجرم قرار دے دیا گیا

ویتنام، درختوں کی خوشبو شہریوں کے لیے وبال جان

بقیہ نمبر 69 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ایک دن کے وقفے کے بعد سونے کی قیمت میں پھر کمی

بقیہ نمبر 44 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ایل پی جی کی قیمت تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی

پنجاب اور خیبرپختونخوا میں گھریلو سلنڈر 6 ہزار روپے تک فروخت ہو رہا ہے

بقیہ نمبر 70 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان ہائیکورٹ بار کے صدر عطاء اللہ لانگو ایڈووکیٹ، امین اللہ کاکڑ، سلیم لاشاری و دیگر شمولیتی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان میں تمام معاملات مفلوج ہو چکے ہیں، مولانا واسع

لوگ دہری اذیت کا شکار، ایک طرف دہشت گرد اور دوسری طرف حکومت انہیں مارتی ہے

مقامی لوگ پیسے جمع کر کے تاوان دیتے ہیں، جو کنٹینرز پر چڑھ کر ڈیزل کرتے تھے آج وہی ہمارے پاؤں پڑ رہے ہیں، سینٹ میں خطاب

اسلام آباد (این این آئی) سینٹ میں مولانا عبدالواسع نے کہا کہ بلوچستان کے لوگ دہری اذیت کا شکار ہیں ایک طرف دہشت گرد اور دوسری طرف حکومت انہیں مارتی ہے، کمشنر کو اغوا کر لیا جاتا ہے اور مقامی لوگ پیسے جمع کر کے تاوان دیتے ہیں،

بقیہ نمبر 41 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

دوشنبے، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کا تاجکستان کے صدر اور ایس سی او کے رکن ممالک کے سربراہان کے ہمراہ گروپ فوٹو

سرحدی تجارت کی فوری بحالی ناگزیر ہے، رحمت بلوچ

وفاقی حکومت سے موثر انداز میں رجوع کیا جائے، ڈپٹی پارلیمانی لیڈر نیشنل پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے پاک ایران سرحد کی بندش اور سرحدی تجارت کی معطلی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ

بقیہ نمبر 50 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم بلوچستان کے مسائل پر اے پی سی بلائیں، لیاقت بلوچ

قومی سیاسی اور جمہوری قیادت بلوچستان سے اپنے آپ کو لاتعلق نہ رکھے

لاہور (آئی این پی) رہنما جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ وزیراعظم بلوچستان کے مسائل پر کوئٹہ میں آل پارٹیز کانفرنس بلائیں۔ صنوبر انسٹیٹیوٹ کے قومی ڈائیلاگ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان

بقیہ نمبر 51 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

تحریک انصاف کا 13 سال کا گند 3 دن میں صاف نہیں ہو سکتا، گورنر کنڈی

تجاوزات کے خلاف بلا امتیاز کارروائی اور کسی قسم کی سفارش نہیں چلے گی، گورنر کے پی کے

پشاور میں تجاوزات کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائیاں جاری، سڑکوں کے آدھے آدھے حصے پر قائم گرائی جا رہی ہیں، خواجہ آصف

پشاور/اسلام آباد (این این آئی) گورنر خیبر پختون خوا فیصل کریم کنڈی نے تجاوزات کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا 13 سال کا گند 3 دن میں صاف نہیں ہو سکتا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ تجاوزات کے خلاف بلا امتیاز کارروائی ہو گی اور کسی قسم کی سفارش نہیں چلے گی۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ خیبر پختون خوا کو صاف ستھرا بنانا ہمارا عزم ہے، پی ٹی آئی کا 13 سال کا گند صرف 3 دن میں صاف نہیں ہو سکتا۔ علاوہ ازیں وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ پشاور میں تجاوزات کے

بقیہ نمبر 38 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

لورالائی، پولیس کی کارروائی، آئس تیار کرنے والی فیکٹری پکڑی گئی

بھاری مقدار میں خطرناک کیمیکلز اور ایفیڈرا بوٹی برآمد، مقدمہ درج

لورالائی (عمرزئی ناصر) لورالائی پولیس نے خفیہ اطلاع پر پہاڑی علاقے میں بروقت اور کامیاب کارروائی کرتے ہوئے مبینہ آئس (کرسٹل میتھ) تیار کرنے والی فیکٹری کا سراغ لگا کر بھاری مقدار میں کیمیکلز اور دیگر سامان برآمد کر لیا ہے۔ سی آئی اے پولیس کے دفتر میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے ایس ڈی پی او ایس ایچ او میتھر ہمایوں خان

بقیہ نمبر 58 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حکومتی اقدامات سے عوام مستفید ہو رہے ہیں، صائمہ کاکڑ

قومی اثاثوں کو نقصان پہنچانے کی بجائے ان کی حفاظت کرنا ہوگی

کوئٹہ (آن لائن) سماجی کارکن صائمہ خان کاکڑ نے کہا ہے کہ حکومت کے مثبت اقدامات اور پالیسیوں کی وجہ سے کھیلوں کے میدان آباد اور نوجوانوں کو جدید دور کے تقاضوں کے مطابق سہولیات میسر آرہی ہے عوام حکومت کے مثبت اقدامات کی حمایت کرتے ہوئے ان منصوبوں سے مستفید ہوں تاکہ ان کا مستقبل روشن ہو سکے۔ ہمیں

بقیہ نمبر 59 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں کے ساتھ روزگار کی فراہمی جاری

نوجوانوں کو خودمختار بنانے کے لیے ہنرمند افرادی قوت کی تیاری پر بھی خصوصی توجہ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں کے ساتھ ساتھ نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی جاری ہے۔ بلوچستان اسپیشل ڈیولپمنٹ انیشی ایٹو پروگرام کے تحت صوبے میں ترقی اور روزگار کا عمل آگے بڑھ رہا ہے۔ بی ایس ڈی آئی پروگرام کے تحت نوجوانوں کے لیے مجموعی طور پر 32 ہزار سے زائد روزگار کے مواقع پیدا کیے گئے

بقیہ نمبر 64 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان قدرتی وسائل سے مالامال ہے، نسیم الرحمٰن

نجی شعبے کے اشتراک سے سرمایہ کاری اور صنعتی ترقی کو نئی جہت دی جا سکتی ہے

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے مشیر برائے ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمٰن خان ملاخیل نے گوادر فری زون میں شہزاد اینڈ شاہ فارم پرائیویٹ لمیٹڈ کا افتتاح کر دیا۔ منصوبے کے تحت جانوروں کی افزائش، گوشت کی جدید پروسیسنگ اور بیرون ملک برآمدات کو فروغ دینے کا ہدف ہے، جس سے بلوچستان میں سرمایہ

بقیہ نمبر 65 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان پولیس کی کارروائی، 279 مفرور ملزمان گرفتار

12 مغویوں کو بھی بحفاظت بازیاب کرا لیا گیا، بھاری مقدار میں اسلحہ برآمد

کوئٹہ (خ ن) انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر کی ہدایت پر صوبہ بھر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری خصوصی مہم کے دوران بلوچستان پولیس نے گزشتہ تین ہفتوں میں نمایاں کامیابیاں حاصل کرتے ہوئے 50 اشتہاریوں اور 279 مفرور ملزمان کو گرفتار کر لیا، اس دوران 12 مغویوں کو بھی بحفاظت بازیاب کرا لیا گیا ہے جبکہ مختلف

بقیہ نمبر 66 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان پولیس کی کارروائیوں میں گرفتار ملزمان برآمد اسلحہ و منشیات

چیئرمین سینیٹ سے پیپلز پارٹی کے رہنماؤں کی ملاقات

بلدیاتی انتخابات اور ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے رکن قومی اسمبلی و انفارمیشن سیکرٹری پاکستان پیپلز پارٹی جنوبی پنجاب نوابزادہ افتخار احمد خان، رکن پیپلز پارٹی پنجاب کونسل و امیدوار حلقہ پی پی 271 میاں نوید اصغر مکول اور

بقیہ نمبر 73 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کولمبیا میں غیر قانونی سونے کی کان منہدم، 14 افراد ہلاک

دور دراز علاقوں میں متعدد کانیں مناسب حفاظتی انتظامات اور سرکاری نگرانی کے بغیر چلتی ہیں

بگوٹا (آئی این پی) کولمبیا کے جنوب مغربی صوبے ناری ںو میں غیر قانونی طور پر چلنے والی سونے کی کان منہدم ہونے کے نتیجے میں کم از کم 14 افراد ہلاک اور 7 زخمی ہو گئے۔ حادثہ سانتا باربرا دے اسکوانڈے کے دیہی علاقے چمبیرو میں پیش

بقیہ نمبر 74 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

تھانہ سونا خان کے قریب نامعلوم افراد کی فائرنگ، ایک شخص قتل

ملزمان فرار، لاش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے، مزید تفتیش شروع

کوئٹہ (آن لائن) تھانہ سونا خان کے قریب نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی پولیس کے مطابق گزشتہ روز اسماعیل نامی شخص بزار گنجی جا رہا تھا کہ نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر دی جس سے وہ موقع پر ہلاک ہو گیا نعش ہسپتال منتقل کی گئی جس کو ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا مزید کارروائی مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

صحبت پور، گاجانی قبائل میں فائرنگ، ایک شخص جاں بحق

فائرنگ کا واقعہ دیرینہ دشمنی کے باعث پیش آیا، لاش و زخمی ہسپتال منتقل

صحبت پور (یو این اے) ضلع صحبت پور کے تھانہ پہنور سنہڑی کی حدود نیو بازار میں گاجانی برادری کے دو مسلح گروہوں کے درمیان خوفناک فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جس کے نتیجے میں ایک شخص موقع پر ہی ہلاک جبکہ دوسرا شدید زخمی ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ پہنور سنہڑی کی حدود نیو بازار میں سابقہ و دیرینہ ناچاقی اور قبائلی دشمنی کی بنا پر

بقیہ نمبر 75 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بدامنی، بدانتظامی اور سرکاری پراکسیز کا خاتمہ کیا جائے، نواب ایاز

مائنز و منرل کے قبضے کے لیے پشتونخوا وطن میں بدامنی جاری ہے، جرگوں کے ذریعے یک زبان ہو کر احتجاج کرینگے

اکیڈمیز سے متعلق ایکٹ اعلیٰ قومی روایات کی پاسداری کو ملیامیٹ کرنے کی پالیسی ہے، عبدالرحیم زیارتوال، ڈاکٹر حامد خان اچکزئی و دیگر کا استقبالیہ تقریب سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن سائنس کالج علاقائی یونٹ کے زیر اہتمام سائنس کالج کوئٹہ کے گراؤنڈ میں نئے آنے والے طلبہ کے اعزاز میں ایک پروقار ویلکم پارٹی اور شمولیتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ پروگرام کے مہمان خصوصی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز خان جوگیزئی تھے۔ تقریب میں 200 سے زائد طلبہ نے پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن میں شمولیت اختیار کی۔ نئے

بقیہ نمبر 36 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ میں صفائی کی ابتر صورتحال وبالِ جان بن گئی، جمعیت کوئٹہ

میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ شہر میں ہنگامی بنیادوں پر صفائی مہم شروع کرے

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا

بقیہ نمبر 37 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، صوبائی وزراء میر ضیاء لانگو اور میر شعیب نوشیروانی صوبائی مشیر مینا مجید بلوچ سے ملاقات کر رہے ہیں

ٹرمپ کا کسانوں کے لیے 8 ارب ڈالر امداد کا اعلان

واشنگٹن (این این آئی) مہنگے ڈیزل کی تلافی کے لیے امریکی صدر ٹرمپ نے کسانوں کے لیے 8 ارب ڈالر امداد دینے کا اعلان کر دیا۔ انہوں نے

بقیہ نمبر 52 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کراچی میں گرمی کی شدت برقرار، پارہ 40 ڈگری چھونے کا امکان

کراچی (آئی این پی) کراچی میں اکتوبر نصف سے زیادہ گزرنے کے باوجود گرمی کی شدت برقرار ہے۔ شہر قائد میں شمال مغربی (بلوچستان) کی

بقیہ نمبر 53 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان اسمبلی اجلاس کے وقت میں تبدیلی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس بروز جمعرات 22 اکتوبر 2026 کو صبح 11:00 بجے طلب کر لیا گیا ہے۔ اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق اس سے قبل 22 اکتوبر 2026 بروز جمعرات کو ہونے والا اجلاس سہ پہر 3:00 بجے

بقیہ نمبر 56 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بی آر اے نے ٹیکس انتظامی نظام کو جدید ڈیجیٹل خطوط پر استوار کر لیا

ٹیکس ادائیگیوں اور درخواستوں کی پروسیسنگ کی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے جدید، شفاف اور موثر طرز حکمرانی کے وژن، وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کی رہنمائی اور چیئرپرسن بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی قیادت میں بی آر اے نے اپنے ٹیکس انتظامی نظام کو جدید ڈیجیٹل خطوط پر

بقیہ نمبر 54 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

لورالائی، ٹریفک حادثہ، ایک شخص جاں بحق

لورالائی (عمرزئی ناصر) کوئٹہ روڈ نزد چینی مسجد کے قریب لوڈنگ ٹرک اور موٹر سائیکل کے درمیان ایکسیڈنٹ موٹر سائیکل سوار موقع پر شہید ہو گئے۔

بقیہ نمبر 57 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پی پی ایچ آئی بلوچستان نے ٹیلی ہیلتھ ایپ متعارف کرا دی

صحت دلیز ایپ کے ذریعے شہری مستند ڈاکٹروں سے طبی مشاورت حاصل کر سکتے ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت صوبے کے شہریوں کو معیاری، آسان اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے پی پی ایچ آئی بلوچستان نے صحت دلیز (Sehat Dehleez) ٹیلی ہیلتھ ایپ متعارف کرائی ہے،

بقیہ نمبر 55 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

چیئرپرسن بی آئی ایس پی روبینہ خالد سے پیپلز پارٹی کے رہنما روزی خان کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

محکمہ صحت سندھ نے اسپتالوں میں جدید ڈیجیٹل نظام متعارف کرا دیا

کراچی (آئی این پی) صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر عذرا پیچوہو نے ڈیجیٹل ہیلتھ سسٹم کا افتتاح کر دیا۔ مقامی ہوٹل میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ محکمہ صحت سندھ میں جدید ڈیجیٹل نظام متعارف کرایا جا رہا ہے، سندھ بھر کے اسپتالوں میں مریضوں کا ریکارڈ ڈیجیٹل کیا جائے گا۔

ٹرمپ کو قتل کی دھمکیاں دینے والا امریکی شہری گرفتار، مقدمہ درج

کنساس (آئی این پی) امریکی ریاست کنساس میں 24 سالہ شخص جیڈن بے ریڈ کے خلاف صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو مبینہ طور پر قتل کی دھمکیاں دینے کے الزام میں وفاقی مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ جیڈن کو ٹرمپ کے کنساس کے دورے سے قبل گرفتار کیا

بقیہ نمبر 43 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسپیکر قومی اسمبلی سے جمال شاہ کاکڑ کی ملاقات

ایم این اے وصوبائی سیکرٹری جنرل نے بلوچستان کے تنظیمی معاملات پر تفصیلی بریفنگ دی

کوئٹہ/اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے ج اسمبلی سیکرٹریٹ اسپیکر چیمبر میں خصوصی ملاقات کی اس موقع پر معروف

بقیہ نمبر 62 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حرمین شریفین پر بیرونی جارحیت برداشت نہیں، مولانا لونی

سعودی عرب کے خلاف ہر طرف سے سازشیں بڑھتی جا رہی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی صوبائی امیر خیبر پختونخوا مولانا قاضی گل الرحمن نکیال صوبائی امیر بلوچستان مولانا قاری مہر اللہ صوبائی امیر مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی صوبائی امیر پنجاب مولانا ثناء اللہ فاروقی صوبائی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین

بقیہ نمبر 63 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

چاند سکڑنے لگا، 10 ہزار سے زیادہ نئی فالٹ لائنز کی نشاندہی

نیویارک (آئی این پی) چاند کی سطح پر 10 ہزار سے زیادہ نسبتاً نئی فالٹ لائنز (دراڑوں) کی نشاندہی کی گئی۔ 14 اکتوبر 2026 کو سائنسی جرنل دی پلینیٹری سائنس جرنل میں شائع ہونے والی ایک نئی تحقیق نے چاند کے سکڑنے کے عمل پر روشنی ڈالی ہے اور اب تک کا سب سے مفصل اندازہ پیش کیا ہے۔

صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مستونگ، بازیاب 22 اہلکاروں پر دوران حراست تشدد، بھوکا پیاسا رکھنے کا انکشاف

اغوا کاروں نے پولیس ملازمت چھوڑنے کا کہا، اہلکاروں کو ویران علاقے میں چھوڑ کر فرار ہو گئے

اغوا کاروں نے آنکھوں پر پٹیاں باندھیں اور نامعلوم مقام پر کمرے میں رکھا، پہلے روز تشدد کا نشانہ بنایا گیا، منت سماجت کے بعد پانی ملتا تھا، اہلکار

مستونگ (یو این اے) بلوچستان کے ضلع مستونگ سے اغوا ہونے والے 22 پولیس اہلکار دو روز تک مسلح افراد کی قید میں رہنے کے بعد اتوار کو بازیاب ہو کر اپنے گھروں کو پہنچ گئے۔ بازیاب اہلکاروں نے دوران حراست تشدد، بھوکا پیاسا رکھنے اور پولیس کی ملازمت چھوڑنے کے لیے دباؤ ڈالنے کے واقعات بیان کیے ہیں۔ مستونگ پولیس کے ڈی ایس پی رفیق حمزہ نے اہلکاروں کی بازیابی کی تصدیق کی،

بقیہ نمبر 40 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

تحقیق اور ٹیکنالوجی کا فروغ یقینی بنانا ہوگا، احسن اقبال

نوجوانوں کی علمی صلاحیتوں کو عملی نتائج میں تبدیل کرنا ضروری ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کی جامعات کو ملک کی معاشی ترقی کا انجن بننا ہوگا، تعلیمی اداروں اور صنعت کے درمیان مضبوط روابط قائم کر کے جدت، تحقیق اور

بقیہ نمبر 71 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ٹرک سے 5 کروڑ 20 لاکھ روپے مالیت کا اسمگل شدہ سامان برآمد

کلکٹریٹ آف کسٹمز نے سکھر بیراج پر اسمگلنگ کی بڑی کوشش ناکام بنا دی

اسلام آباد (این این آئی) کلکٹریٹ آف کسٹمز (انفورسمنٹ) انڈس نے سکھر بیراج پر اسمگلنگ کی ایک بڑی کوشش ناکام بناتے ہوئے غیر ملکی شراب، سگریٹ اور دیگر اسمگل شدہ اشیاء برآمد کر لی ہیں، جن کی ٹرک سمیت مجموعی تخمینی مالیت 5 کروڑ 20

بقیہ نمبر 72 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

البرٹا کے عوام نے کینیڈا سے علیحدگی کی تجویز مسترد کر دی

صرف 23 فیصد ووٹرز نے کینیڈا سے الگ ہونے کے حق میں ووٹ دیا

کینبرا (آئی این پی) البرٹا کے عوام نے کینیڈا سے علیحدگی کی تجویز مسترد کر دی۔ کینیڈین میڈیا کے مطابق ریفرنڈم میں البرٹا کے عوام نے ملک کا حصہ رہنے کے حق میں ووٹ دے دیا۔ 76 فیصد سے زائد ووٹرز نے کینیڈا کا حصہ رہنے کی حمایت کی۔

کوئٹہ، میاں غنڈی میں گزشتہ شب بم دھماکہ، 2 پولیس اہلکار زخمی

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے میاں غنڈی میں گزشتہ شب ایک بم دھماکہ ہوا ہے، جس کے نتیجے میں 2 پولیس اہلکار شدید زخمی ہو گئے ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق دھماکے کی اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیمیں اور سیکیورٹی فورسز موقع پر پہنچ گئیں اور زخمی ہونے والے دونوں پولیس اہلکاروں کو فوری طور پر طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ واقعے کے فوراً بعد پولیس سمیت قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں نے پورے علاقے کو اپنے گھیرے میں لے کر ناکہ بندی کر دی ہے اور ثبوت و شواہد اکٹھے کرتے ہوئے واقعے کی تفصیلی تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔

نیب کی ڈاکٹر امجد علی اور دیگر کے خلاف انکوائری، 5 طلبی نوٹس جاری

پشاور (این این آئی) نیب خیبر پختونخوا نے رکن خیبر پختونخوا اسمبلی اور وزیراعلیٰ کے خصوصی معاون برائے ہاؤسنگ ڈاکٹر امجد علی و دیگر کے خلاف پانچ نوٹس جاری کر دیے ہیں۔ نیب خیبر پختونخوا کی جانب سے نوٹس آمدن سے زائد اثاثوں اور کرپشن کے الزام میں جاری کیے گئے ہیں۔

چھتر، مسلح افراد گن پوائنٹ پر ڈاٹسن اور سامان چھین کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد چھتر کے علاقے ڈکیتی کی بڑی واردات مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر ڈاٹسن میں سوار افراد سے نقدی موبائل و دیگر قیمتی سامان لوٹنے کے بعد ڈرائیور کے ہاتھ پاؤں رسیوں سے باندھ کر ڈاٹسن چھین کر فرار ہو گئے پولیس کے مطابق نصیر آباد پولیس تھانہ چھتر کی حدود

بقیہ نمبر 76 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

جھل مگسی، پولیس کی کارروائی، جعلی کرنل بن کر دھوکہ دہی کرنے والا اشتہاری ملزم گرفتار

جھل مگسی (یو این اے) جھل مگسی میں پولیس نے ایک اہم اور کامیاب کارروائی کرتے ہوئے خود کو پاک فوج کا جعلی کرنل ظاہر کر کے شہریوں اور اداروں کو گمراہ کرنے والے مختلف مقدمات کے اشتہاری ملزم غلام فرید کو عارضی ضمانت منسوخ ہونے پر گرفتار کر لیا ہے۔

کوئٹہ، پشتونخوا ایس او کے اجلاس سے پشتونخوا نیپ کے صوبائی صدر نصر اللہ زیرے وارث افغان و دیگر خطاب کر رہے ہیں

سہیل آفریدی مذاکرات کے ڈرافٹ کی منظوری افغانستان سے لے رہے تھے، طارق فضل چوہدری

محمود اچکزئی کے حوالے سے خبریں میڈیا پر آئیں کہا عمران خان سے ملاقات کے بغیر ایک قدم آگے نہیں بڑھا جا سکتا

مذاکرات میں ملاقات کا ٹائم فریم اور ایک مستند حل موجود تھا، چیزیں اس وقت حل ہو جاتیں تو شاید معاملات اب مختلف ہوتے، وزیر پارلیمانی امور

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ سابق وزیراعلیٰ سہیل آفریدی مذاکرات کے ڈرافٹ کی منظوری افغانستان سے لے رہے تھے۔ ایک ٹی وی چینل سے گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چوہدری نے کہا کہ وزیراعظم کی ہدایت پر مذاکرات شروع ہوئے، ہمیں کافی امید تھی کہ مذاکرات نتیجہ خیز ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات کے دوران جو چوتھا

بقیہ نمبر 42 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں